ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | ہفتہ 10 رجب 1446ھ 11 جنوری 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 195
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

فورسز نے شہریوں کو یرغمال بنا کر ہلاک کرنے کی کوشش ناکام بنادی، 2 دہشتگرد ہلاک، 3 زخمی

دشت لیویز چیک پوسٹ پر حملہ ناکام بنادیا، صوبے میں تمام امن بحال، فورسز تعینات ہیں، محکمہ داخلہ

جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب نامعلوم دہشت گردوں نے قومی شاہراہ کو بلاک کر کے شہریوں کو یرغمال بنا کر ہلاک کرنے کی کوشش کی تاہم سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے منصوبہ ناکام بنادیا

کولپور میں مرکزی شاہراہ این 65 کی بندش کے حوالے سے گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد، حکومت بلوچستان عوام کی حفاظت کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھارہی ہے، محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے کولپور میں سیکورٹی فورسز نے شہریوں کو یرغمال بنا کر ہلاک کرنے کی کوشش ناکام بنادی، فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد ہلاک جبکہ تین زخمی ہوگئے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

مچھ (ح ن) ضلع کچھی کے علاقے کولپور میں مرکزی شاہراہ این 65 کی بندش کے حوالے سے گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد ہیں ایسا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی، 5 خوارج ہلاک

فورسز نے خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر مدی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کے آپریشن میں 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 10 جنوری کو سیکورٹی فورسز نے........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کان حادثہ، 4 مزدوروں کی لاشیں نکال لی گئیں، سرچ آپریشن جاری

دیگر مزدوروں کے زندہ بچنے کے امکانات کم، امدادی کارروائیوں میں مشکلات ہیں، عبدالغنی بلوچ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر+این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے سنجدی میں کوئلہ کان میں حادثے کے بعد 12 میں سے 4 افراد کی لاشیں نکال لی گئیں دیگر کے لئے سرچ آپریشن جاری رہا۔ صوبائی........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ملٹری کورٹس میں ٹرائل کے طریقہ کار پر مطمئن کریں، جسٹس مندوخیل

کیا آرمی افسر کو اتنا تجربہ ہوتا ہے کہ سزائے موت تک سنادی جاتی ہے، ریمارکس

جس آفیسر نے ٹرائل سنا ہی نہیں وہ کیسے فیصلہ دیتا ہوگا؟ جسٹس مسرت ہلالی

اسلام آباد (م ڈ) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائلز سے متعلق کیس کی سماعت کے........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

قومی ایئرلائن کا یورپ کیلئے فلائٹ آپریشن ساڑھے 4 سال بعد بحال

پرواز کی 100 فیصد بکنگ قومی ایئرلائن کو نقصان پہنچانے والوں کا احتساب ہوگا، وزیر دفاع

اسلام آباد (شاکر رحمان) قومی ایئرلائن کا یورپ کیلئے فلائٹ آپریشن ساڑھے 4 سال بعد بحال ہوگیا، قومی ایئرلائن کی پرواز پی کے 749 نے پیرس کیلئے اڑان بھری، پیرس جانے والی قومی ایئرلائن کی........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اعلیٰ عہدیداروں کیلئے دہری شہریت کی ممانعت ہونی چاہیے، سعدیہ عباسی

قائمہ کمیٹی سینیٹ نے سول سرونٹس ترمیمی بل 2024، آئندہ اجلاس تک مؤخر کردیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) مسلم لیگ (ن) کی رہنما سعدیہ عباسی نے کہا ہے دہری شہریت کی ممانعت بشمول........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، اپنے کیسز عالمی سطح پر لے جائینگے، عمران خان

اسلام آباد ہائیکورٹ، سپریم کورٹ بھی گئے، کوئی بات سننے کو تیار نہیں، القادر کیس ہائیکورٹ میں جائیگا تو ساری دنیا کو پتہ چلے گا کتنا بڑا مذاق ہے

ہر چیز کا فیصلہ اڈیالہ جیل سے ہی ہوگا، جب عمران نے باہر آنا ہوا تو فجر کے وقت جیل کا دروازہ کھل جائے گا، علیمہ خان کی صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، اپنے کیسز عالمی سطح پر لے جائیں گے، اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان کی بہن علیمہ خان نے بتایا بانی پی ٹی آئی نے کہا اسلام آباد ہائی کورٹ، سپریم کورٹ گئے، کوئی بات سننے کو تیار نہیں، ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، اپنے کیسز کو بین الاقوامی سطح پر لے جائیں گے، علیمہ خان نے کہا........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

چمن، بم دھماکے میں نشانہ بننے والی سیکورٹی فورسز کی گاڑی، چھوٹی تصویر زخمی ہونے والے راہگیروں کی ہے

پی ٹی آئی کی اپیل بے اثر نکلی، ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ، معیشت کا پہیہ جام کرنیکا نعرہ لگانیوالوں کے دعوے دھرے رہ گئے، شہباز شریف

ترسیلات زر کی مالیت 3.1 ارب ڈالر، سالانہ بنیاد پر 29.3 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، مجموعی حجم 17.8 ارب ڈالر رہا، سٹیٹ بینک

قوم کو مبارکباد، ملک استحکام کے بعد معاشی ترقی کے راستے پر گامزن، حکومت عوامی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سٹیٹ بینک کے مطابق دسمبر 2024 میں کارکنوں کی ترسیلات کی مالیت 3.1 ارب ڈالر رہی جو سالانہ بنیاد پر 29.3 فیصد کا نمایاں اضافہ ہے، سٹیٹ بینک کے مطابق جولائی سے دسمبر 2024 کے دوران ترسیلات کا مجموعی حجم 17.8 ارب ڈالر رہا جبکہ گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں یہ حجم 13.4 ارب ڈالر تھا، پہلی ششماہی میں ترسیلات میں 32.8 فیصد اضافہ اقتصادی........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

چیف انسپکٹر مائنز بلوچستان عبدالغنی بلوچ سنجدی کان حادثے کے بعد امدادی سرگرمیوں کے حوالے سے ریسکیو اہلکاروں کو ہدایات دے رہے ہیں

پی ٹی آئی نے ملک کو بدترین معاشی دلدل میں پھنسایا، فوج کیخلاف منظم سازشیں کرتی رہی، جماعت ملک دشمن لابیوں کی آلہ کار بنی ہوئی ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

عمران خان سیاسی قیدی نہیں، مجرمانہ مقدمات میں ملوث ہیں، رہا نہیں کر سکتے، احسن اقبال

4 سال بانی کی نااہلی نے ملک کو تباہی کے دہانے پر دھکیلا، تحریک انصاف ملک میں وہ کام کر رہی جو "را" تک نے کرنے کی ہمت نہیں کی، تحریک انصاف نے پاکستان کو مغرب میں نیچے گرانا چاہا، پریس کانفرنس

9 مئی 2023 اور 26 نومبر 2024 کے احتجاج کے حوالے سے حکومت نے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے سلسلے میں ٹھوس یقین دہانی نہیں کرائی تو پھر مذاکراتی عمل کو ختم سمجھا جائے، سلمان اکرم راجا

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے 4 سال بانی پی ٹی آئی کی نااہلی نے ملک کو تباہی کے دہانے پر دھکیلا، تحریک........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

چمن، سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ، 3 راہگیر زخمی

ریلوے پرائمری سکول کے سامنے سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا، اہلکار محفوظ رہے

سرچ آپریشن شروع، ملوث عناصر کو کیفرکردار تک پہنچائیں گے، ترجمان حکومت

کوئٹہ+چمن (ح ن+محمد اصغر اچکزئی) ریلوے اسٹیشن کے قریب ریلوے پرائمری سکول کے سامنے سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ، سیکورٹی اہلکار محفوظ تین راہگیر زخمی سیکورٹی گاڑی کو جزوی نقصان، علاقے........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

سلمان اکرم راجہ کو عمران خان کا اعتماد حاصل ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

تیسری میٹنگ کریں گے اور لکھ کر نکات حکومت کے سامنے رکھیں گے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ کو بانی تحریک انصاف عمران خان کا اعتماد حاصل........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

رانا ثناء نے عمران خان کو خوش کردیا، بانی پی ٹی آئی مسکرا دیئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کے سیاسی امور کے مشیر رانا ثناء بانی پی ٹی آئی کی مسکراہٹ کا سبب بن گئے، اڈیالہ جیل میں قید تحریک انصاف........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت نے جنوری کیلئے آر ایل این جی کی نئی قیمت مقرر کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے جنوری کیلئے........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیٹرولیم کا گیس پیداوار شروع کرنے کا اعلان

کراچی (بیورو رپورٹ) معیشت کیلئے اچھی خبر، پاکستان پیٹرولیم........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی سیاسی قیدیوں کی رہائی چاہتی ہے تو فہرست دے، رانا ثناء

پارلیمانی جمہوری نظام ڈائیلاگ سے ہی چل سکتا ہے، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی وعوامی امور رانا ثنا نے کہا ہے کسی بات پر سمجھوتہ ہو یا نہ ہو لیکن مذاکرات تو ہونے چاہئیں........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان 27 جنوری کو ہوگا، شرح سود میں کمی متوقع

سٹیٹ بینک رواں سال کی پہلی ششماہی میں 4 بار مانیٹری پالیسی کا اعلان کرے گا

کراچی (بیورو رپورٹ) سٹیٹ بینک رواں سال کی پہلی ششماہی میں 4 بار مانیٹری پالیسی کا اعلان کرے گا، 27 جنوری کو مرکزی بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کی سب سے مہنگی آفت، آگ سے 150 ارب ڈالر نقصان کا تخمینہ

6 ہزار سے زائد گھر اور عمارتیں تباہ، 4 سے 5 ہزار مکانات کو نقصان پہنچا، فائر حکام

لاس اینجلس (بیورو رپورٹ) امریکی شہر لاس اینجلس کے جنگلات میں تاریخ کی خوفناک ترین آگ لگی جسے اب امریکی تاریخ کی سب سے مہنگی آفت قرار........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

توشہ خانہ ٹو کیس، بشریٰ کی عدم پیشی پر عدالت برہم

بشریٰ بی بی کے وکیل آئندہ سماعت پر پیش نہ ہوئے تو حق جرح ختم کردیں، سپیشل جج

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) توشہ خانہ کے دوسرے کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ اور وکیل کے پیش نہ ہونے پر عدالت نے برہمی کا اظہار........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا نوٹس، سینیٹ سٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن کا ایکشن

یونیورسٹی کے متعدد غیر مستقل ملازمین کی میرٹ پر مستقل تعیناتی کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ آف پاکستان سیدال خان ناصر کے نوٹس پر سینیٹ اسٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن کا ایکشن۔ بلوچستان یونیورسٹی کے........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پی بی 45 کے انتخابی نتائج کیخلاف کیس میں تمام فریقین کو نوٹس

کامیاب امیدوار کا فارم 47 فارم 45 سے مطابقت نہیں رکھتا، کامران مرتضیٰ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پی بی 45 کوئٹہ کے 15 پولنگ سٹیشنز پر انتخابی نتائج کیخلاف درخواست پر الیکشن ٹریبونل نے کامیاب امیدوار سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ملکی سیاست میں فضل الرحمٰن کا مثبت کردار قابل تعریف ہے، محسن نقوی

امیر جے یو آئی سے ملاقات، خیریت دریافت، صحت کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر داخلہ محسن نقوی نے جمعیت علما........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی کا اجلاس آئندہ ہفتے بلائے جانے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کا اجلاس آئندہ ہفتے کے دوران بلائے جانے کا امکان، اپوزیشن........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی مقدمات، عمر ایوب و دیگر کی بریت درخواستوں پر فیصلہ محفوظ

سرگودھا (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی عدالت نے 9 مئی کے 6 مقدمات میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب و دیگر........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ہائیکورٹ نے افغان موسیقاروں کو زبردستی وطن واپس بھیجنے سے روک دیا

پشاور (بیورو رپورٹ) افغان موسیقاروں کی پاکستان میں پناہ........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

فحش اداکارہ کو خفیہ ادائیگی کیس، ڈونلڈ ٹرمپ سزا سے بچ گئے، جرم برقرار

نیویارک (بیورو رپورٹ) امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی نے چھوٹے سرکاری اور پرائیویٹ ملازمین کی زندگی مشکل کر دی ہے

چینی 7 روپے، کوکنگ آئل 60، چاول 40 روپے، دالیں 25 روپے فی کلو مہنگائی کر دی گئی

اشیا خورد و نوش کی سرکاری نرخوں پر فروخت میں ضلعی انتظامیہ بری طرح ناکام ہو چکی ہے، شہریوں کی چیخ و پکار

حکمران اپنی عیاشیوں اور مشرفت کے لیے بیرونی قرضے لے رہے ہیں، غریب عوام دو وقت کی روٹی کھانے سے بھی محروم کر دیا گیا ہے

پرائیویٹ لیبارٹریز سے متعلق عوامی شکایات میں روز بروز اضافہ

بھاری فیسوں کے باوجود رپورٹ دینے میں تاخیر سے شہریوں کو پریشانی کا سامنا

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ... ملاقات کر رہے ہیں

شعیب جان نوشیروانی کے گھر دستی بم حملے کی مذمت کرتی ہوں، فاطمہ خان

ملک دشمن عناصر کو اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے، لیگی رہنما

پی پی ایچ آئی مانیٹرنگ آفیسر نے مختلف بنیادی مراکز صحت کا دورہ کیا

ڈی ایچ او کے ہمراہ اسٹاف کی حاضری، طبی مراکز کی کارکردگی، متعلقہ ریکارڈ چیک کیا

مولانا ہدایت الرحمٰن کی ہدایت پر گروک پلیری میں موبائل ویٹرنری کیمپ کا انعقاد

ضلعی لائیو اسٹاک آفیسر کی زیر نگرانی ڈاکٹر نے مویشیوں کی تشخیص کر کے ان کا علاج کیا

گیا۔ اس کیمپ کا مقصد مویشیوں کی صحت کو بہتر بنانا، بیمار جانوروں کا علاج کرنا، اور مالکان کو جانوروں کی دیکھ بھال کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ ڈاکٹر صابر علی بلوچ کی زیر نگرانی ... سے آگاہ کیا گیا۔ بیمار جانوروں کے لیے مفت دوائیں بھی فراہم کی گئیں تاکہ ان کی بہتر صحت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر مالکان کو مویشیوں کی افزائش کے لیے اہم مشورے دیے گئے۔

لواحقین کوٹے پر عملدرآمد کو روکنے کی مذمت کرتے ہیں، لواحقین ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین لواحقین ایکشن کمیٹی محکمہ زراعت سید حبیب اللہ آغا لواحقین کوٹے پر عملدرآمد کو روکنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے لواحقین کوٹے پر عملدرآمد کو روک دیا ہے جس سے لواحقین کے شدید مایوسی ہوئی ہے اور اس کے خلاف ہم ہر فورم پر شدید احتجاج کریں گے کیونکہ ہمارے سرکاری ملازمین دوران سروس اپنے فرائض سرانجام دیتے ہوئے جاں بحق ہو جاتے ہیں جس کے بعد ان کے خاندان اور گھر والوں کے لئے آخری امید لواحقین کوٹہ ہوتا ہے جس کے ذریعے وہ اپنے گھر کا گزر بسر کرتے ہیں جس کو بند کر دیا گیا ہے جس سے نہ صرف ان لوگوں کا استحصال ہوا ہے بلکہ ان میں شدید مایوسی پھیل گئی ہے لواحقین ایکشن کمیٹی اس نوٹیفکیشن کو ملازم کش نوٹیفکیشن سمجھتی ہے اور اس کو مسترد کرتی ہے۔

اسلام زندگی کے ہر پہلو میں رہنمائی فراہم کرتا ہے، مفتی قاری محمد اسماعیل

اسلامی تعلیمات کو اپنانے سے معاشرتی برائیاں ختم کی جا سکتی ہیں، مولوی نور الدین

کوئٹہ (پ ر) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو زندگی کے ہر پہلو میں رہنمائی فراہم کرتا ہے اسلامی تعلیمات کو اپنانے سے معاشرتی برائیاں ختم کی جا سکتی ہیں نشے کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ نہ صرف فرد بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کو تباہ کر دیتی ہے ان خیالات کا اظہار مفتی قاری محمد اسماعیل اور مولوی نور الدین نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام گزشتہ روز نماز جمعہ کے خطبے میں اسلامی تعلیمات پر روشنی ڈالی۔ خطبے کا موضوع زندگی کے مختلف پہلوؤں میں اسلامی رہنمائی پر مبنی تھا، جس میں معاشرتی برائیوں سے بچنے اور اصلاح معاشرہ کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ مولوی نور الدین نے بھی اپنے خطاب میں اسلامی اخلاقیات کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی تعلیمات صرف عبادات تک محدود نہیں بلکہ ہماری روزمرہ کی زندگی میں بھی ان کا اطلاق ہونا چاہیے۔ انہوں نے والدین کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے بچوں کو دینی تعلیم سے آراستہ کریں تاکہ وہ ایک ذمہ دار مسلمان اور معاشرے کے اچھے شہری بن سکیں۔ خطبے کے دوران خاص طور پر نشے کے مضر اثرات پر بات کی گئی۔ مقررین نے کہا کہ نوجوان نسل کو نشے جیسی تباہ کن لعنت سے بچانے کے لیے ہمیں اجتماعی طور پر کام کرنا ہوگا۔

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

غبیزئی، کاکوزئی قوم کے درمیان قتل کے تصفیہ کا خیر مقدم کرتے ہیں، لالہ یوسف خلجی

قبائلی معتبرین کو دیگر قبائلی جھگڑوں کے خاتمے کیلئے بھی اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، سربراہ امن جرگہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے غبیزئی اور کاکوزئی قوم کے درمیان قتل کے پرامن تصفیہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے قبائلی معتبرین کو دیگر قبائلی جھگڑوں کے خاتمے کیلئے بھی اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے غبیزئی اور کاکوزئی قوم کے درمیان قتل کے پرامن تصفیہ کرانے پر نائشین اصغر خان اچکزئی، حاجی احمد شاہ، سردار مختیار اور دیگر کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں آباد پشتون اور بلوچ اقوام کو اپنی قبائلی روایات کے تحت اپنے قبائلی جھگڑوں اور تنازعات کو مل بیٹھ کر حل کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ جن نوجوانوں کے ہاتھوں میں کتابیں ہونی چاہئے تھیں جھگڑوں کی وجہ سے انکے ہاتھوں میں کلاشنکوفیں ہیں جو کسی بھی طرح ملک اور صوبے کے مفاد میں نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون اور بلوچ قبائل کے آپس کے جھگڑوں کی وجہ سے صوبہ پسماندگی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون، بلوچ اور دیگر صوبے میں آباد قبائل صدیوں سے اپنی قبائلی روایات کے تحت تنازعات کے فیصلے کرتے آرہے ہیں پشتون اور بلوچ قوم کے معتبرین کو چاہئے کہ وہ دیگر اقوام کے درمیان پائے جانے والے تنازعات کے خاتمے کیلئے بھی اپنا کردار ادا کریں اس سلسلے میں بلوچستان امن جرگہ ہر ممکن کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ لالہ یوسف خلجی نے قتل کا پرامن تصفیہ کرنے پر غبیزئی قوم کے سربراہ حاجی احمد خان، اور کاکوزئی قوم کے حاجی شیخ محمد کاکوزئی کو بلوچستان امن جرگہ کی طرف سے مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی دونوں اقوام اب ملکر علاقے کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گی۔

جمہوری دور میں فوجی عدالتوں کا قیام جمہوریت کی نفی ہے، رحیم کاکڑ

تحریک انصاف سمیت تمام سیاسی جماعتوں نے سیاسی کیسوں کی مذمت کی ہے

کوئٹہ (پ ر) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ سردار حسن شاہ میر وائس ایڈووکیٹ جمیل بوستان ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ ضیا الحق امین آغا ارشد اچکزئی نعمت اللہ توقیر بھٹی نے ملک بھر میں تحریک انصاف سمیت تمام سیاسی ایف آئی آر اور ناجائز سیاسی کیسوں کی مذمت کی ہے اور پابند سلاسل تمام قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے ناجائز اور جھوٹے کیسوں سے جمہوریت کو بڑا نقصان ہوگا ملک میں سیاسی پارٹیوں کی خاموشی پر حیرت کا اظہار کیا ہے کہ جب سے کسی نسلی لسانی مذہبی پارٹیوں کے ورکروں کے خلاف کوئی کارروائی ہوتی تھی تو یہ نام نہاد سیاسی ٹولے آسمان سر پر اٹھاتے تھے مگر گزشتہ تین سالوں سے تحریک انصاف کے چیئرمین سمیت ہزاروں گرفتار ورکروں کی گرفتاری اور ناجائز ایف آئی آروں پر مجرمانہ خاموشی اور اب فوجی عدالتوں میں ٹرائل پر پھر خاموشی توجہ طلب ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عبدالواحد لالا میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی عارضی بھرتیوں سے متعلق شکایات کی تحقیقات کرے گی

کیچ (پ ر) چیئرمین فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی کیچ کی جانب سے جاری کردہ ایک اطلاع کے مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے کیچ میں ایک فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ جو کہ ضلع کیچ میں سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تحت ہونے والی عارضی بھرتیوں کے سلسلے میں شکایات کی تحقیقات کرے گی۔ اس سلسلے میں ایک کھلی عدالت کا انعقاد مورخہ 14 جنوری 2025ء بروز منگل صبح 11:00 بجے ڈی سی آفس کیچ میں کیا جائیگا۔ تمام متاثرین اور اعتراض کنندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ کمیٹی کے سامنے اپنے تمام شواہد کے ساتھ پیش ہوں تاکہ انکی شکایات کا جائزہ لیا جا سکے۔

دس دن گزرنے کے باوجود اساتذہ اور ملازمین کو تنخواہ نہیں ملی، اکیڈمک اسٹاف

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، جوائنٹ سیکرٹری میڈم زہرا ملغانی، پریس سیکرٹری رحمت اللہ اچکزئی، فنانس سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر صاحبزادہ باز محمد کاکڑ اور ایگزیکٹو ممبران ارباب رضا کاسی، میڈم فرحانہ عمر مگسی، ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، ڈاکٹر گل محمد اور مسعود مندوخیل نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دس دن گزر جانے کے باوجود یونیورسٹی اساتذہ اور ملازمین کو نہ تو دسمبر کی تنخواہ ملی ہے اور نہ ہی پنشن۔ افسوسناک امر تو یہ ہے کہ اب تو ایک معمول سا بن گیا کہ اساتذہ اور ملازمین پورا مہینہ مہم چلایا کریں گے تب جا کر ایک مہینے کی تنخواہ ملا کرے گی!! ہم وزیر تعلیم صاحب اور وزیر خزانہ صاحب سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ صاحب کے واضح اور دو ٹوک ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے یونیورسٹی آف بلوچستان کو فنڈ کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں تاکہ اساتذہ اطمینان کے ساتھ تعلیم و تحقیق پر توجہ دے سکیں۔

خانہ فرہنگ ایران میں وژن سپیشلسٹ ڈاکٹر جمیل الرحمٰن، ڈاکٹر بلال اور ڈاکٹر جہانگیر بچوں کو آنکھوں کی نگہداشت کیلئے معلومات سے آگاہ کر رہے ہیں

معروف سینئر صحافی کالم نویس، ادیب و شاعر آغا نیاز مگسی کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

صوبائی وزرا، آفیسران بلدیاتی نمائندوں اور صحافیوں سمیت بڑی تعداد میں لوگوں کی شرکت

نصیر آباد (نامہ نگار) معروف سینئر صحافی کالم نویس، ادیب و شاعر مرحوم آغا نیاز مگسی کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں سابق صوبائی وزیر، صوبائی مشیر آفیسران بلدیاتی نمائندوں اور صحافیوں سمیت بڑی تعداد میں لوگوں کی شرکت بلوچستان و نصیر آباد کے معروف سینئر صحافی، پریس کلب نصیر آباد کے سابق صدر، کالم نویس ادیب و شاعر مرحوم آغا نیاز مگسی کا نماز جنازہ مگسی اسٹریٹ واپڈا آفس مسجد کے احاطہ میں ادا کر دیا گیا، نماز جنازہ میں سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی، صوبائی مشیر برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی، چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی میر صفدر خان عمرانی، وائس چیئرمین شاہ محمد بازہ بلوچ، چیف آفیسر محمد سلیم ذوکی، حاجی احمد سلطان لہڑی، میر فرید خان عمرانی، سینئر صحافیوں میں وحتی بخش مگسی، شبیر احمد عمرانی، شاہد رند، عبدالستار ترین، جاکر دیناری، محمد وارث دیناری، یحییٰ منگی، عابد عزیز بلوچ، علی جان منگی، جسار منگی، فیض لہڑی، زاہد مینگل، گل میر چندرانی سینئر صحافی محمد ایوب کھوسہ، وحید رزاق ہنگورکی، محمد سلیم رند، محمد یونس عمرانی، پروفیسر جوہر ہنگورکی، ہیڈ ماسٹر عبدالکریم ذوکی، عبدالکریم مینگل، عوامی ترجمان کے ممتاز علی ذوکی، ممتاز علی مگسی، حاجی محمد عارف مگسی، عبدالرزاق چندرانی، نذیر احمد مستوئی، شبیر احمد مستوئی، بابو خادم حسین لہڑی، کونسلر محمد عثمان اوبی ابڑو، اسد ہنگورکی، گورنمنٹ کنٹریکٹر حاجی عبدالکریم لہڑی، حاجی محمد امین مری، ڈاکٹر ارباب سکندر چندرانی، ڈاکٹر غلام نبی چندرانی، باز محمد نیچ پال، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع شبیر احمد عمرانی، میر عرض محمد جتک، محمد یعقوب لہڑی، سمیت دیگر علاقائی عمائدین معتبرین معززین آفیسران، بلدیاتی نمائندوں، دوست و احباب عزیز و اقارب سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی، نماز جنازہ کے بعد مرحوم آغا نیاز مگسی کی روح کے ایصال ثواب کے لیے اجتماعی دعا بھی کروائی گئی۔

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق دالبندین میں منعقدہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

فیملی پینشن سے متعلق نوٹیفکیشن ملازمین دشمنی پر مبنی ہے، حبیب اللہ آغا

نوٹیفکیشن کو مسترد کرتے ہیں ہر پلیٹ فارم پر احتجاج کیا جائے گا، چیئرمین لواحقین

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین لواحقین ایکشن کمیٹی محکمہ زراعت حبیب اللہ آغا نے ملازمین کش نوٹیفکیشن جس میں ملازمین کی فیملی کو سخت نقصان پہنچایا گیا ہے۔ اسکو یکسر مسترد کرتے ہیں اور اس کے خلاف ہر محاذ پر آواز اٹھائے گے اور اس محاذ پر ہر قربانی کی دینے کیلئے تیار ہیں۔

کوئٹہ، اہلسنت والجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری کا دولہا کیپٹن مزمل حسین کھوسہ کو شادی کی مبارکباد دینے کے موقع پر عزیز و اقارب کے ہمراہ گروپ فوٹو

جمعیت علماء اسلام عشرہ یونٹ اختر آباد کے مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت امیر مفتی سمیع الحق کر رہے ہیں

185 کا دودھ 175 روپے میں کیسے فروخت کریں، ملک شاپ ریٹیلرز

مناسب قیمت پر دودھ فراہم کرنا چاہتے ہیں، ڈی سی کی زیرصدارت اجلاس میں گفتگو

... کے صدر نے ہاں میں جواب دیا کہ 175 روپے لیٹر چند ایک ڈیری فارمر کے علاوہ کوئی نہیں دیتا 25 فیصد بھینس اور 75 فیصد گائے کا دودھ 175 روپے لیٹر دے رہے ہیں جس میں 50 فیصد والا دودھ 180 سے 185 روپے لیٹر مل رہا ہے اور کچھ فارمر کہتے ہیں کہ ہم جانوروں کو اچھی خوراک دیتے ہیں ... جاؤ اگلے سال قسطوں میں دوں گا درخواست ہے کہ ایک کمیٹی بنا کر ہمارے آج کے اخراجات کی تفصیلات اکٹھی کر کے اخراجات کے علاوہ 10 فیصد منافع دیا جائے اور وہی دودھ کا عملی مشاہدہ کر کے ریٹ فکس کیا جائے ہم ہمیشہ کی طرح انتظامیہ کے ساتھ تھے ساتھ ہیں اور ساتھ ہی رہیں گے

سولرائزیشن پروگرام زمینداروں کے ٹرانسفارمر ہٹانے کا کام جاری

... کوئٹہ میں زرعی صارفین کے 214 ٹرانسفارمرز اور 217 ایچ ٹی کھمبے جبکہ ضلع پشین میں 153 ٹرانسفارمرز اور 440 ایچ ٹی کھمبے سمیت دیگر متعلقہ برقی آلات اتار دیئے۔ اس طرح کیسکو نے مجموعی طور پر شمسی توانائی پر منتقل ہونے والے زمینداروں کے 367 ٹرانسفارمرز جبکہ 657 ایچ ٹی کھمبے اور ان کے ساتھ منسلک دیگر برقی آلات اتار دیئے ہیں۔ واضح رہے کہ صوبے کے تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے پر کام صوبائی حکومت کے زیر اہتمام تیزی سے جاری ہے۔

کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے دورے کے موقع پر کمرشل اتاشی برائے ٹریڈ ڈاکٹر عبدالحنان ہمت کے ہمراہ ڈاکٹر فرحت، نادر خان ودیگر کا گروپ فوٹو

ضروری نوعیت کے مرمتی کام کی وجہ سے آج صبح 10 سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق سریاب گرڈ اسٹیشن پر 11 جنوری کو (بروز ہفتہ) ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جارہے ہیں جسکے باعث 11Kv چلتن، سمنگلی ایکسپریس، اولڈ لیاقت بازار، جان محمد روڈ، سریاب ٹو، دلدار کاریز، نیو جان محمد، کرانی، سریاب ون، انڈسٹریل، ہزارہ ٹاؤن، جائنٹ روڈ، واسا، بی ایم سی، کرانی ایکسپریس، منی مارکیٹ، اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن، سرکی روڈ، جتر سا، غازی، نواب خیر بخش مری اور اے ون سٹی فیڈروں سے صبح 10 بجے سے شام 4 بجے بجلی بند رہے گی۔ علاوہ ازیں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کے کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 11 جنوری اور 13 جنوری کو (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ائیرپورٹ روڈ، پی اے ایف، خروٹ آباد، جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، کنڈنی سینٹر، تو حصار، اتھرگ، دوستین فیڈرز سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی۔ جبکہ 11 جنوری کو زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس اور صاحبزادہ فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 12 جنوری کو (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیڈیم، سورج گنج بازار، کوئٹہ کمرشل، ایف سی ہسپتال، پی ٹی وی، کیسکو، عالم خان، مارک فیکٹری، ایم ای ایس، جناح روڈ، جناح ٹاؤن، پی اے ایف سٹی، اولڈ سمنگلی، انٹر کنیکٹر، بروری، مالک، کسٹم اور نواں کلی فیڈرز جبکہ مری آباد گرڈ کے سٹی اور گلستان فیڈروں سے صبح دس بجے سے دوپہر دو بجے تک بجلی بند رہے گی۔

تنخواہیں پینشن ادا نہ ہونے کی وجہ سے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں، شاہ علی بگٹی

ملازمین کا کوئی پرسان حال نہیں، مادر علمی کے بند ہونے کا خدشہ ہے، صدر ایمپلائز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی جنرل سیکرٹری گل جان کاکڑ اور دیگر اراکین کابینہ عہدیداران اور اراکین مجلس عاملہ نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں اس امر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی ملازمین کو تنخواہیں ادا نہ ہونے کی وجہ سے انکے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ملک کی موجودہ صورتحال ایک طرف سے معاشی بدحالی کا شکار ہے دوسری جانب صوبہ بلوچستان کا قدیم مادر علمی کے ملازمین کو تنخواہوں و پنشن کی ادائیگی میں ہر ماہ تاخیر گزشتہ مہینے کی تنخواہوں اور بجٹ میں اضافہ شدہ ایڈہاک الاؤنس کی سات مہینے گزرنے کے باوجود ادائیگی اب تک نہیں کی جا سکی متذکرہ بالا الاؤنس کے بقایاجات کی رقم 15 کروڑ روپے بنتے ہیں جنکی ادائیگی مشکل ہوگئی ہے اگر متذکرہ بالا الاؤنس کی ادائیگی بروقت کی جاتا تو یہ نوبت نہیں آتی جس کی وجہ سے ملازمین اور پنشنرز کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں اور انکے کے بچے فاقہ کشی پر مجبور ہیں جامعہ کے ملازمین کا کوئی پرسان حال نہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومت کی طرف سے بے حسی اور عدم توجہی کی وجہ سے جامعہ کے ملازمین اور پنشنرز میں سخت بے چینی پائی جاتی ہے۔ اگر صوبائی اور مرکزی حکومت کی طرف سے موجودہ مسائل کا جلدی حل نہ نکالا گیا تو مادر علمی کے بند ہونے کا خدشہ ہے۔ بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، گورنر بلوچستان چانسلر بلوچستان یونیورسٹی شیخ جعفر خان مندوخیل وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی، وزیر خزانہ میر شعیب خان نوشیروانی چیئرمین ایچ ای سی پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد سے مطالبہ کرتا ہے وہ جلد از جلد یونیورسٹی ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی کیلئے مطلوبہ فنڈز کا اجرا کو یقینی بنائیں تاکہ یونیورسٹی ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی ممکن ہو سکے۔

مچھ، اے سی ارسلان خان امن و امان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) شجاعت حسین محمد اکبر گل محمد تاج محمد محمد جان نے مشترکہ بیان میں راشد سعید چوہان سے انکے والد کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

کوئٹہ کے بزرگ اخبار فروش عبدالحلیم چاچا انتقال کر گئے



کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کے بزرگ اخبار فروش عبدالحلیم چاچا انتقال کر گئے وفات پاگئے جو کہ محمد سلیم محمد نعیم اور محمد نسیم کے والد تھے انکی فاتحہ خوانی ترین روڈ حاجی میاں خان مسجد میں جاری ہے دریں اثنا پریس کلب گلستان کے صدر نعمت اللہ نعمت اور ممتاز اخبار فروش محمد علی نے فاتحہ اور تعزیت کی۔

ایچ ڈی پی کے وفد کی ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ سے ملاقات

اعتزاز گورایہ نے عبدالخالق ہزارہ کے گھر پر حملے کی تحقیقات اور پیشرفت سے آگاہ کیا

کوئٹہ (یو این اے) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے وفد نے سیکرٹری جنرل احمد علی کوہزادی کی قیادت میں ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ، اعتزاز گورایہ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈی آئی جی پولیس نے پارٹی وفد کو پارٹی چیئرمین عبدالخالق ہزارہ کے گھر پر ہونے والے حملے کی تحقیقات اور پیشرفت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ملزم کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی اور انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ملاقات کے دوران، پارٹی وفد نے کوئٹہ شہر اور حلقہ پی بی 40 اور 42 میں جرائم پیشہ افراد، منشیات فروشوں اور امن و امان کی موجودہ صورتحال پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ پولیس حکام نے ان مسائل پر سخت کارروائی کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ان کے خلاف بھرپور اقدامات کیے جائیں گے۔ ملاقات میں مرکزی سیکرٹری اطلاعات قادر نائل، رکن مرکزی کونسل عبدالعلی، ضلعی سیکرٹری ذاکر حسین اور جمعہ لالا شامل تھے۔ پولیس کے اعلیٰ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

CANCELLATION

With reference to advertisement Published in daily newspapers vide AB No.517/22-11-2024 under TSE-242511591453, TSE-242511591463, TSE-242511591443, TSE-242511591373 is hereby cancelled due to un avoidable reason.

CHIEF OFFICER,
DISTRICT COUNCIL,
PISHIN

AB No.680/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The CONSULTING ARCHITECT OFFICE invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242501623381 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) **(Total Item(s) Count: 4)**	80,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Dealership/ authorization from the manufacturer/authorized importer/ distributor/partners The bidder must have functional corporate office in balochistan having PTCL&QESCO. Must unconditionally agree with all the instruction, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 80,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 27 January, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 27 January, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM **Address:** C&W Complex Jaffer Khan Jamali Road Chaman Phatak Quetta
Phone no: 0819202684 Email: archsohrabmarri@gmail.com

CONSULTING ARCHITECT
CW PP&H Department, Quetta

PRQ No.2785/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to the above title advertisement vide PRQ No. 2511/24-12-2024 was published in the local newspapers on 26th December, 2024 having TS. No. 242512614313. Extension of date may please be published are as under.
Corrigendum for extension Last date of Bid submission is 17-01-2025 11:15 AM.
Corrigendum for extension tender opening is 17-01-2025 12:15 PM.

Deputy Director
Agriculture
OFWM Chagai

PRQ No.2805/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع عام

تمام مالکان پرائیویٹ ہسپتال، کلینیکل لیبارٹری، کلینک، پولی کلینک، ڈینٹل کلینک، چائلڈ کیئر، مدر کیئر، میٹرنٹی ہوم، نرسری، امیجنگ سینٹر، فزیوتھیراپی سینٹر، ہومیوپیتھک، حکمت/طب، کارو پریکٹرز کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں 10-02-2025 تک توسیع کر دی ہے۔ اس سلسلہ میں تمام وہ ادارے جو کہ صحت کی فراہمی سے منسلک ہیں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ ایکٹ کے سیکشن 15 کے تحت ایک ماہ کے اندر اپنے ادارہ کو "بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن" سے رجسٹرڈ کروائیں۔ جس کے لیے رجسٹریشن فارم دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ **نوٹ:** ہیلتھ کیئر کمیشن سے رجسٹریشن اور لائسنس کے بغیر کسی بھی ہیلتھ کیئر اسٹیبلشمنٹ کو غیر قانونی تصور کیا جائے گا۔ اور آخری تاریخ کے بعد رجسٹریشن نہ ہونے کی صورت میں "بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ 2019 کے تحت جرمانہ اور قانونی کارروائی ہوگی۔ **پتہ:** بنگلہ نمبر 15, 2nd لین فیز -III شہباز ٹاؤن کوئٹہ فون نمبر 081-2081375

ڈائریکٹر لائیسنسنگ اینڈ ایفیٹی
کوگمری بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کوئٹہ

AB No 678/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM/AMENDMENTS

This is to inform all concerned that the Tender Notice for procurement of manufactured vehicle & Accessories for Municipal Committee Gawader No. TSE- 242501620461, were published in the daily newspaper under AB No. 660/04-01-2025, has been amended/ revised the eligibility criteria & Date sheet specification in the bidding documents/ EPS system, and a revision of the total number of items count from 12 to 04.
Furthermore, the bid opening date has been extended upto 20 th January- 2025. Bid must submitted through EPS system by 20 th January-2025 at 09:30 am, and will be opened on the same day at 10:30 am.
All other term & condition will be remain of the same

.CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
GAWADR

AB No.679/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے ٹیسٹ/انٹرویو

وہ تمام امیدوار جنہوں نے ڈائریکٹریٹ آف اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان میں مختلف آسامیوں کے لیے درخواستیں جمع کروائی تھیں، کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کے فزکس، تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق ہونگے۔ تمام امیدواروں کو تاکید کی جاتی ہے کہ فزکس، تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کے وقت اپنے تمام اصل تعلیمی اسناد اور قومی شناختی کارڈ لازمی ہمراہ لائیں، اصل تعلیمی اسناد اور قومی شناختی کارڈ نہ ہونے کی صورت میں ٹیسٹ دینے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ مزید برآں اپنے موبائل و دیگر الیکٹرانک ڈیوائسز ہمراہ نہ لائیں، پائے جانے کی صورت میں ٹیسٹ دینے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ فزکس، تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کے لیے آنے والے امیدواروں کو کسی قسم کا ٹی اے ڈی اے نہیں دیا جائیگا۔

بحوالہ PRQ No.2131/29-11-2024

ٹیسٹ شیڈول

ٹیسٹ	تاریخ	وقت	مقام
کانسٹیبل فزکس ٹیسٹ (چھاتی و قد پیمائش دوڑ)	27 جنوری 2025	صبح 10:00 بجے	ایوب سٹیڈیم گراؤنڈ کوئٹہ
کانسٹیبل تحریری ٹیسٹ (فزکس ٹیسٹ میں کامیاب امیدواران ہی تحریری ٹیسٹ کے اہل ہونگے)۔	28 جنوری 2025	صبح 10:00 بجے	ایوب سٹیڈیم حال کوئٹہ
جونیئر کلرک تحریری ٹیسٹ	28 جنوری 2025	دوپہر 1:00 بجے	ایوب سٹیڈیم حال کوئٹہ

مندرجہ بالا ٹیسٹ میں کامیاب امیدواران ہی ٹائپنگ ٹیسٹ و انٹرویو دینے کے اہل ہونگے۔

ٹائپنگ ٹیسٹ/انٹرویو شیڈول

انٹرویو	تاریخ	وقت	مقام
جونیئر کلرک ٹائپنگ ٹیسٹ	5 فروری 2025	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
جونیئر کلرک انٹرویو	6 فروری 2025	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
کانسٹیبل انٹرویو	12 فروری 2025	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
چوکیدار انٹرویو	13 فروری 2025	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
نائب قاصد انٹرویو	14 فروری 2025	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
خاکروب انٹرویو	17 فروری 2025	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ
پارٹ ٹائم سویپر انٹرویو	18 فروری 2025	صبح 10:00 بجے	سرکل آفس کوئٹہ

ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) ڈائریکٹوریٹ
آف اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان

PRQ No.2807/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

سنجدی واقعہ پر اظہار افسوس، کوئٹہ کا نوں میں حادثات کی تحقیقات کرائی جائیں، سلطان محمد

تمام مائنز اونرز کو کانوں میں کام کے دوران مزدوروں کی جانوں کی حفاظت کیلئے حفاظتی تدابیر کا پابند بنایا جائے

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا مائنز اونرز کو ہدایت

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سید ممتاز احمد نے سنجدی کے علاقے میں کوئلہ کان میں گیس بھرنے کے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئلہ کانوں میں کام کے دوران مزدوروں کی جانوں کی حفاظت کیلئے تمام مائنز اونرز کو حفاظتی تدابیر کا پابند بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کوئلہ کانوں میں کام کے دوران حفاظتی تدابیر کو یقینی بنایا جائے۔ کوئلہ کانوں میں کام کے دوران حفاظتی تدابیر کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں۔ کوئلہ کانوں میں کام کے دوران حفاظتی تدابیر کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں۔ کوئلہ کانوں میں کام کے دوران حفاظتی تدابیر کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں۔

بجلی چوروں اور غیر قانونی کنکشنز کیخلاف کمپنیوں کے تمام آپریشن سرکل کمیٹیوں کے ذریعے جاری

بجلی چوری میں ملوث تقریباً 9270 صارفین کیخلاف قانونی کارروائی کیلئے پولیس اسٹیشنز میں درخواستیں جمع کرائی گئیں

گھریلو کمرشل زرعی اور صنعتی صارفین پر ایک کروڑ 72 لاکھ 60 ہزار یونٹ چارج کیے گئے

کوئٹہ (این این) وفاقی وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات کے تحت بجلی چوروں اور ناجائز بنیادوں پر بجلی کنکشن سپلائی کمپنی (کیسکو) کی کارروائیاں عمل پر گیر ہیں جاری ہیں۔ سوہنی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بیلہ، لورالائی، ہرنائی اور مکران آپریشن سرکل کے تمام علاقوں میں بجلی چوروں کے کنکشنز یا تفریق تشخیص کرنے کے ساتھ ساتھ تاحد بندگان سے جاری بجلی کی چوری بھی

حادثی کرم خان ایجنٹی میں معذور ہونیوالے کے انتقال پر افغان قونصل جنرل کا اظہار افسوس

کوئٹہ (پ ر) حادثی کرم خان ایجنٹی میں ملک عبدالجبار کے انتقال پر افغان قونصل جنرل کوئٹہ نے اظہار افسوس کیا ہے۔ اس حوالے سے افغان قونصل جنرل کوئٹہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم مرحوم کے اہل خانہ اور دوستوں کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

جامعہ اسلامیہ مفتاح العلوم کا سالانہ جلسہ دستار بندی تقریب 16 جنوری کو منعقد ہوگا

کوئٹہ (پ ر) جامعہ تعلیمات عالیہ اسلامیہ مفتاح العلوم عبدالرزاق کالونی سریاب روڈ کوئٹہ مولانا محمود الحسن کے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ مفتیم دینی درسگاہ جامعہ اسلامیہ مفتاح العلوم کوئٹہ کے سالانہ جلسہ دستار بندی وتقریب تخرج شریف 16 جنوری سے 12 جمادی الثانی 1446ھ بمطابق 16 جنوری تک 5 یوم کے شرح یوم کو بعد عشاء منعقد ہوگا

بلوچستان کے نوجوان مایوسی کا شکار ہیں، پروفیسر حلیم صادق

صوبے کے وسائل کو بیدردی سے لوٹا جارہا ہے ہر دہ گاری عروج پر پہنچ چکی ہے

نیشنل پارٹی بلوچستان کے وسائل پر بلوچ اختیاری جدوجہد جاری رکھے گی

کوئٹہ (این این) نیشنل پارٹی کے مرکزی کونسل کے رکن اور عالمی شہرت کے حامل ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر عبدالحکیم صادق بلوچ "نے بلوچستان کے موجودہ حالات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ 75 سالوں سے بلوچستان کے قدرتی وسائل کو بے دردی سے لوٹا جارہا ہے، جبکہ صوبے کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحل، بلوچ سرزمین اور سمندر کی بے پناہ دولت ہونے کے باوجود یہاں کے عوام کے لئے روزگار کے مواقع پیدا نہیں کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو بلوچستان کے ساحل اور وسائل پر بلوچ عوام کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے ساحل و وسائل پر مبنی منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے اور ہر فرد کو بلوچستان کے عوام کی آواز بلند کرنی ہوگی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد کریں اور کسی بھی انتصابی نظام کو قبول نہ کریں۔

بلوچستان آئے روز حادثات پر تفصیلی میٹنگ منعقد کرکے حادثوں کی روک تھام کے اقدامات پر غور کریگی، عبدالستار

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا کوئلہ کانوں کا دورہ

کوئٹہ (این این) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سید ممتاز احمد نے کوئلہ کانوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کوئلہ کانوں میں کام کے دوران حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کوئلہ کانوں میں کام کے دوران حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کوئلہ کانوں میں کام کے دوران حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کوئلہ کانوں میں کام کے دوران حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔

ایم بی بی ایس، بی ڈی ایس داخلہ میں تعلیق کوٹہ بحال کیا جائے، سنیٹر کمار

آبی پالیسی پر سوال میں تاخیر، بلوچستان پیداکر کے بھی پانی سے محروم، گزشتہ سال 16 ارب مالیت کا پانی سمندر میں گیا، سینیٹ کمیٹی

آبادی اور وسائل میں توازن پیدا کرکے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے، گورنر

آبادی میں تیزی سے اضافے سے خواتین کی صحت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، ڈائریکٹر جنرل ہیبوود آبادی

بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے جید علما کرام کا کردار اہم ہے، محمد ایوب کاکڑ منتظ آغا محمد و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) ڈائریکٹر جنرل ہیبوود آبادی مکہم کا کہنا ہے کہ آبادی اور وسائل میں توازن پیدا کرکے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے اس حوالے سے ہم نے صوبائی سطح پر بھی کام کیا ہے اور ہمارے اضافے سے خواتین کی صحت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں آبادی اور وسائل میں توازن پیدا کرکے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ اسلامیہ مفتاح العلوم کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر تقریب سینئر نائب مفتی آغا محمد ہیبوود آبادی محمد مولوی محمد شعیب، مفتی فرید، مولوی نثار احمد، حافظ حبیب اللہ، علامہ ہیبوود آبادی عبدالحفیظ و دیگر علما موجود تھے ڈائریکٹر جنرل ہیبوود آبادی نے کہا کہ بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے اس خیالات کا اظہار انہوں نے متوازن خاندان اور خاندانی منصوبہ بندی اور تو لیدی صحت کے حوالے سے ہیبوود آبادی آغا محمد منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہے کیا اس حوالے سے اضافے کے حوالے سے ہیبوود آبادی آغا محمد کے قیام کے حکومتی علما کرام کا کردار اہم ہے آبادی میں بے تحاشہ

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؔ

ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 11 جنوری 2025ء

دہشت گردی کیخلاف اتحاد ہی ہماری فتح بن سکتی ہے

ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 5 خوارج ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 10 جنوری کو سکیورٹی فورسز نے خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے مدی میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں، خوارج کے سرغنہ شفیع اللہ شفیع سمیت پانچ خوارج کو ہلاک کردیا گیا۔ ہلاک ہونے والے خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا، مارے گئے خوارج سکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے ساتھ ساتھ معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں بھی ملوث تھے۔ علاقے میں پائے جانے والے کسی اور خارجی کو ختم کرنے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن کیا جا رہا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کی سکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیراعظم نے بھی کہا کہ گزشتہ دو چار ہفتوں میں اسلام آباد پر یلغار کے نتیجے میں سوشل میڈیا نے جھوٹ اور حقائق کو مسخ کرنے کا جو طوفان اٹھایا حالیہ وقتوں میں اس کی نظیر نہیں ملتی، ایک طرف رینجرز کے جوان شہید ہوئے تو دوسری طرف سوشل میڈیا پر جھوٹ کا طوفان اٹھایا گیا، حقائق کو مسخ کرکے پراپیگنڈہ کیا جاتا رہا، ڈیجیٹل محاذ پر بیرون ملک بیٹھے عناصر پاکستان کے خلاف زہر اگل کر پراپیگنڈہ کررہے ہیں، اس طوفان کو نہ روکا تو ہماری تمام کاوشیں دریا برد ہوجائیں گی، ڈیجیٹل دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے، صوبے اور وفاق سوشل میڈیا پر پراپیگنڈے کی روک تھام کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔ اجلاس سے خطاب کے دوران شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کے خلاف مہم جوئی بہت بڑا خطرہ ہے، بطور وزیراعظم ان کی کوئی پسند یا ناپسند نہیں ہے، پاکستان کا مفاد پہلی ترجیح ہے، جو قربانی دے رہے ہیں وہ بھی ماؤں کے سپوت ہیں، افسر اور جوانوں کی قربانیاں کسی صورت رائیگاں نہیں جانے دی جائیں گی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا ہوگا، ملک کے کونے کونے میں امن وامان کی صورتحال کو یقینی بنانا ہے، ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا سب کا فرض ہے، دشمن کے حملوں کو ناکام بنانے کے لئے پولیس کی تربیت اور استعداد کار میں اضافہ کرنا ہوگا، پاکستان کے اندر دشمنوں کے سہولت کار موجود ہیں جو سازشوں میں مصروف ہیں، خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں دشمن کارروائیوں میں مصروف ہے، اچھی طرح معلوم ہے کہ ان کو کون کون سے ممالک سہولت فراہم کررہے ہیں، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا ایجنڈا اسی صورت شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے کہ ہم سب مل کر چاروں صوبوں، وفاق، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں امن وامان قائم کریں۔ وزیراعظم نے اس سے پہلے ہونے والی خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی ایپکس کمیٹی کا حوالہ بھی دیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ قومی مفاد سپریم ہے، پاکستان کی خوشحالی کے ایجنڈے کو کامیاب بنانے کے لئے صوبوں کے ساتھ مل کر امن وامان کی صورت حال کو بہتر بنایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا تھا کہ دہشت گردی نے پھر سے سر اٹھایا ہے، اسے کچلنے کے لئے سب کو متحد ہوگا، معاشی استحکام سیاسی استحکام سے وابستہ ہے۔ چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر نے اس اجلاس میں حکومتی معاشی اقدامات پر پاک فوج کی حمایت کے پختہ عزم کا یقین دلایا تھا۔ یاد رہے کہ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے گزشتہ ماہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا تھا کہ سکیورٹی فورسز نے 2024ء میں مجموعی طور پر 59 ہزار 775 آپریشن کیے جن میں خوارج سمیت 925 دہشت گردوں کو جہنم واصل جبکہ متعدد کو گرفتار کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ پانچ سال کے دوران 2024ء میں سب سے زیادہ دہشت گرد مارے گئے۔ انہوں نے بھی مل کر ایک ساتھ دہشت گردی کے خلاف کھڑے ہونے پر زور دیا تھا۔ ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت مسلسل دہشت گردی کے خلاف ڈٹ جانے پر زور دے رہی ہے۔ ملک میں آپریشن عزم استحکام کامیابی سے چل رہا ہے، ٹارگٹڈ آپریشن کئے جارہے ہیں۔ یہ بات درست ہے کہ گزشتہ چند سالوں میں پاکستان میں دہشت گردی میں اضافہ ہوا ہے، اس کی ایک وجہ پاکستان تحریک انصاف کی پالیسی میں نرمی بھی تھی۔ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں ملک دشمن عناصر کا ذکر کیا اور اس پر بھی بات کی کہ ان کو کس کس ملک کی حمایت حاصل ہے، المیہ یہ ہے کہ اس خطے کے ملک ہی امن و امان کے دشمن بنے بیٹھے ہیں اور ہمسایہ ممالک کو چین نہیں لینے دے رہے۔ بھارت پاکستان میں ٹارگٹڈ کلنگ میں ملوث ہے تو افغانستان کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لئے استعمال ہورہی ہے۔ بھارت کے ساتھ تو اچھے برے تعلقات کی ایک تاریخ ہے لیکن افغانستان کو تو پاکستان برادر اسلامی ملک مانتا ہے، لیکن اس کی حکومت بھی کوئی بات سننے کو تیار نہیں ہے، کسی ثبوت پر غور کرنے کو رضامند نہیں ہے، اس طرح تو معاملات گمبھیر ہوجائیں گے اور نقصان پورے خطے کا ہوگا۔ جب تک دہشت گردی کے سائے منڈلاتے رہیں گے تب تک بین الاقوامی سرمایہ کاری کے لئے ماحول بھی مکمل طور پر سازگار نہیں ہو گا۔ اس کے ساتھ ساتھ گزشتہ چند سالوں سے جب سے ٹیکنالوجی کا استعمال عام ہوا ہے، ڈیجیٹل دہشت گردی کا بھی سامنا ہے، یہ بھی کوئی کم خطرناک نہیں ہے۔ کسی پر بھی غلط الزام لگا کر، کیچڑ اچھال کر، پراپیگنڈہ کرکے جھوٹی خبریں پھیلا کر اپنے مذموم مقاصد پورا کرنے کا تو جیسے رواج ہی بن گیا ہے، معاشرے میں جیسے ہیجان برپا ہے، سیاسی تقسیم نے دوست کو بھی دشمن بنادیا ہے، اختلاف رائے کا تو زمانہ ہی نہیں ہے، کوئی بحث مباحثہ نہیں ہے۔ سیاسی و عسکری قیادت بار بار اسی عزم کا اعادہ کررہی ہے کہ دہشت گردی جس بھی شکل میں ہو اس کا خاتمہ یقینی بنایا جائے گا، ملک کو اسلحے کے زور پر نقصان پہنچانے والوں کو چھوڑا جائے گا نہ ہی سوشل میڈیا کے "کی بورڈ" کے ذریعے ڈیجیٹل دہشت گردی کرنے والوں کو، چاہے وہ ماسٹر مائنڈ ہیں یا سہولت کار، سبھی کو قرار واقعی سزا دی جائے گی اور اس کے لئے بہت ضروری ہے کہ تمام ادارے اور قوم متحد ہوں، کیونکہ یہ پاکستان کی بقاء کا معاملہ ہے۔ موجودہ حالات میں سب کا متحد ہونا ممکن نظر نہیں آتا، لیکن اگر تھوڑا پیچھے جائیں تو جب اے پی ایس پشاور کا سانحہ ہوا تھا تو پی ٹی آئی نے اپنا دھرنا ختم کردیا تھا، اہل سیاست اور فوج نے مل کر دہشت گردی کے خلاف جنگ کا اعلان کیا تھا، قومی ایکشن پلان بنایا گیا۔ قوم میں یہ امید جگائی کہ ضرورت پڑنے پر اپنے ذاتی مفادات بالائے طاق رکھ کر سب ایک ہوسکتے ہیں، آج بھی اسی جذبے کی ضرورت ہے، آج سیاسی جماعتیں ایک میز پر آجائیں، ایک دوسرے کے وجود کو برداشت کریں، مثبت تنقید اور مباحثہ عام کریں اور نیک نیتی کے ساتھ آگے بڑھنے کی ٹھان لیں تو پھر کچھ مشکل نہیں رہے گا، حالات خود بخود موافق ہوتے چلے جائیں گے، ڈیجیٹل دہشت گردی بھی اپنی موت آپ مر جائے گی۔ ملک دشمن عناصر سے مقابلہ کرنا بھی آسان ہوجائے گا، گھر میں اختلاف کا سب سے زیادہ فائدہ باہر والے اٹھاتے ہیں۔ اپنے گھر کی حفاظت کی خاطر ہی ایک ہوجائیں۔

تحریک انصاف کو ایک بار پھر عدلیہ سے "انصاف" کی امید

برملا

نصرت جاوید

تقریباً 15 سال قبل نام نہاد عدلیہ بحالی تحریک کی بدولت افتخار چودھری چیف جسٹس کے منصب پر بحال ہوئے تو خود کو دور حاضر کا مسیحا ثابت کرنے میں مصروف ہوگئے۔ ازخود نوٹسوں کی بھرمار سے اس شخص نے منتخب ایوانوں میں بیٹھے افراد کی اکثریت کو "چور اور لٹیرے" ہی نہیں بلکہ جعلی ڈگریوں والے بھی ثابت کیا۔ صحافیوں کی دوکان مگر اس کی بادشاہی سے چمک اٹھی۔ مجھ جیسے لوگ فریاد کرتے رہے کہ خود کو مسیحا ثابت کرنے کے جنون میں سپریم کورٹ میں کورسسٹم کی بدولت گھسا یہ جج درحقیقت پورے جمہوری نظام کی ساکھ تباہ کررہا ہے۔ جمہوری نظام اپنی ساکھ تباہ کرنے کے بعد کمزور ہوگیا تو ریاست کے دائمی محافظوں کا اگلا نشانہ صحافی ہوں گے۔ دکھ کی بات ہے کہ میرے اندیشے درست ثابت ہوئے۔

ہمارے سیاسی منظر نامے پر اکتوبر 2011ء میں کرشمہ ساز کرکٹر سے سیاستدان ہوئے عمران خان کی بنائی جماعت تحریک انصاف کی احیائے نو بھی ہوگئی۔ خود کو "نئی نسل" کی نمائندہ ٹھہراتی اس جماعت نے سوشل میڈیا کی طاقت کو بھرپور طریقے سے استعمال کرتے ہوئے ان صحافیوں کو "لفافہ" قرار دیا جو مذکورہ جماعت سے متفق نہیں تھے۔ صحافی کے لئے اپنی ساکھ اور مقبولیت بچانے کے لئے لازمی ہوگیا کہ وہ ہر وقت عمران خان کو پاکستان کا یک وتنہا ایماندار سیاستدان ثابت کرے۔ "باریاں لینے والے" سیاستدانوں کے خلاف ابھرے اس "تھرڈ آپشن" کو ہمارے مقتدر کہلاتے حلقوں نے بھی کھل کر سپورٹ کیا۔ افتخار چودھری کی سپریم کورٹ سے رخصتی کے بعد چیف جسٹس کے منصب پر فائز ہوئے ثاقب نثار بھی "تیسرے آپشن" کو "صادق وامین" ٹھہرانے کو تل گئے۔ آصف سعید کھوسہ نے پارسی تھیٹر کی روایات کے مطابق گرجدار فقرے لکھتے ہوئے موصوف کا بھرپور ساتھ دیا۔ یوسف رضا گیلانی کے بعد نواز شریف بھی پارلیمانی نظام کے قواعد وضوابط یا تحریک عدم اعتماد کے ذریعے نہیں بلکہ براہ راست سپریم کورٹ کے ہاتھوں سیاست میں حصہ لینے کے لئے نااہل ٹھہرائے گئے۔ ہم میڈیا والوں کی بے پناہ اکثریت نے وزرائے اعظموں کو گھریلو ملازموں کی طرح فارغ کرنے کی اس مہم میں ازخود مسیحا بنے ججوں کا کھل کر ساتھ دیا۔ کئی برسوں تک قوم کو اس مغالطے میں رکھا کہ عدلیہ اور صحافی مل کر وطن عزیز کو کرپشن سے پاک کردینے کے بعد عمران خان صاحب جیسے صادق وامین دیدہ ور کی قیادت میں ترقی وخوشحالی کی راہ پر ڈال دیں گے۔

بدقسمتی کہ یہ ہوئی کہ اپریل 2022ء میں تحریک عدم اعتماد کے ذریعے عمران خان کو وزارت عظمیٰ سے فارغ کردیا گیا۔ ان کی جگہ برسراقتدار آئی بھان متی کا کنبہ دکھتی حکومت نے فوری انتخاب کی راہ اختیار کرنے کے بجائے ملک کو دیوالیہ سے بچانے کے نام پر اقتدار کو طول دینے کا فیصلہ کیا۔ آئی ایم ایف کی ہدایات پر عمل شروع کیا تو مہنگائی کے سیلاب نے لوگوں کی چیخیں نکلوادیں۔ اقتدار سے فارغ ہونے کے بعد سابق وزیر اعظم روزانہ کی بنیاد پر شہر شہر جاکر ریاست کے طاقتور اداروں میں موجود "میر جعفروں" کو للکارنا شروع ہوگئے۔ پاکستانیوں کی موثر تعداد کو اس امر پر قائل کردیا کہ امریکہ کی بائیڈن انتظامیہ نے موصوف کو روس کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کی خواہش سے ناراض ہوکر اقتدار سے فارغ کروایا ہے۔ "میر جعفر" کا لقب پانے کے باوجود قمر جاوید باجوہ ان دنوں کے صدر کی وساطت سے عمران خان سے درپردہ ملتے رہے۔ ریاست کے طاقتور ترین ادارے کی سربراہی سے دستبردار ہونے کو موصوف کا لالچی ذہن تیار نہیں تھا۔ اپنے عہدے کی معیاد ملازمت میں لیکن پہلے ہی تین سال اضافے کا فائدہ اٹھاچکے تھے۔ مزید اضافے کی گنجائش نہیں تھی۔

قمر جاوید باجوہ کی جاہ طلب ہوس نے جو خلاء پیدا کیا اس کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے عدلیہ میں موجود عمران خان کے "ہم خیال" متحرک ہوگئے۔ ہم صحافیوں کی دوکان دوبارہ چمک اٹھی۔ روایتی میڈیا سے زیادہ ججوں کی "آئین پسندی" نے سوشل میڈیا پر وابستہ ہمارے ساتھیوں کو حق وصداقت کی علامتیں بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پنجابی کا ایک محاورہ مگر متنبہ کرتا ہے کہ گھسن (گھونسہ) رب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس کی حقیقت فراموش نہ کرو۔ "لاٹھی" بالآخر حرکت میں آئی۔ آئین میں 26ویں ترمیم ہوگئی۔ سپریم کورٹ کو مذکورہ ترمیم کی بدولت نظر بظاہر دو حصوں میں بانٹ دیا گیا۔ "آئینی معاملات" پر غور کرنے کے لئے الگ سے مختص بنچ تشکیل پایا۔ سپریم کورٹ کی وجہ سے روایتی اور سوشل میڈیا پر جو رونق لگا کرتی تھی بتدریج ماند پڑنا شروع ہوگئی۔

رب کریم تاہم پتھر میں بند ہوئے کیڑے کو بھی رزق فراہم کرتا ہے۔ اس کا لاکھ لاکھ شکر کہ رواں ہفتے کا آغاز ہوتے ہی سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے ان درخواستوں کی سماعت شروع کردی ہے جو عام شہریوں کے ملٹری ٹرائل کے خلاف پیش ہوئی ہیں۔ شہریوں کے فوجی عدالتوں سے ٹرائل کا ذکر ہو تو ہمارے ذہن میں نو مئی 2023ء کے واقعات کے سوا کچھ اور آتا نہیں۔ اس دن عمران خان کی رینجرز کے ہاتھوں گرفتاری کی خبر سننے کے بعد پاکستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں مبینہ طور پر تحریک انصاف کے حامی فوجی تنصیبات میں در آئے تھے۔ وہاں توڑ پھوڑ کے علاوہ اشتعال انگیز نعروں کا الزام بھی ہے۔

عمران خان اور ان کے حامی مصر ہیں کہ ان کی جماعت کے لوگ مذکورہ واقعات کے ذمہ دار نہیں تھے۔ نو مئی کے واقعات درحقیقت "فالس فلیگ آپریشن" تھے۔ مقصد ان کا تحریک انصاف کو بدنام ہی نہیں بلکہ اس کے متحرک کارکنوں کو "بے بنیاد الزامات" کے تحت گرفتار کرنے کے بعد مفلوج بھی کرنا تھا۔ 85 کے قریب لوگوں کو نو مئی کے واقعات کی وجہ سے سزا سنادی گئی ہے۔ ان میں سے 19 کو حال ہی میں "رحم" کی بنیاد پر رہا کردیا گیا۔ بقیہ لوگوں کی قسمت اسی مقدمہ کے فیصلے کے بعد ہی واضح ہوگی جو ان دنوں سپریم کورٹ کا آئینی بنچ سن رہا ہے۔

فیصلہ جو بھی ہو۔ سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں شہریوں کی فوجی عدالتوں سے سزا سے متعلق اپیل نے ایک بار پھر روایتی اور سوشل میڈیا کا سپریم کورٹ کے حوالے سے "سیزن" لگادیا ہے۔ یوں محسوس ہورہا ہے کہ مذکورہ بنچ کے کم از کم تین معزز جج صاحبان سخت سوالات کے ذریعے وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث کو زچ کررہے ہیں۔ خواجہ حارث کے "زچ" ہونے کی اطلاع سن کر تحریک انصاف کو ایک بار پھر عدلیہ سے "انصاف" ملنے کی امید ہے۔ یہ امید ٹرمپ کی وائٹ ہاؤس واپسی کے بعد مزید تقویت حاصل کرسکتی ہے۔ بالآخر جو بھی ہوگا دیکھا جائے گا۔ ذاتی طور پر میں اس لئے خوش ہوں کہ سپریم کورٹ کے حوالے سے ہم صحافیوں کی دوکان ایک بار پھر رونق لینا شروع ہوگئی ہے۔

عمران خان اور مذاکراتی ٹرک کی بتی

بات سے بات

وسعت اللہ خان

[illegible]

امریکہ کا سزا یافتہ صدر

تاثرات

سید مجاہد علی

امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ جو 20 جنوری کو اپنے عہدے کا حلف اٹھانے والے ہیں، انہیں جمعہ کے روز نیویارک کی ایک عدالت سے سزا سنائی جائے گی۔ اس طرح ٹرمپ پہلے امریکی صدر بن جائیں گے جو اپنے عہدے پر سرفراز ہوتے وقت سزایافتہ مجرم قرار پاچکے ہوں گے۔ یہ سزا 2016 کی انتخابی مہم کے دوران ایک سابق پورن اسٹار ... ایک تو ان کی عمر کے علاوہ وہ عہدے کا لحاظ کیا جائے گا۔ شاید ان پر کوئی بھاری جرمانہ بھی عائد نہیں ہوگا۔ انہیں عدالت سے کسی نہ کسی قسم کی کوئی علامتی سزا ملے گی۔ اس سزا کی قانونی اور سیاسی اہمیت ہی کی ... عہدے کا حلف اٹھائیں گے اور اس عہدے پر براجمان ہوجائیں گے۔ یوں تو یہ بات بجائے خود امریکہ جیسی بڑی طاقت کے لئے شرمندگی اور سفارتی ہزیمت کا سبب ہونی چاہیے کیونکہ امریکہ دنیا ... کامیاب نہیں ہوئے۔ جیوری نے متفقہ طور پر ان کو مجرم قرار دیا۔ اب کل جج انہیں سزا سنانے والے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ ایک طرف اس مقدمے میں سزا کا انتظار کررہے ہیں تو دوسری طرف 20 جنوری کو عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد امریکی سیاست و سفارت کارخ موڑنے کے اعلانات کررہے ہیں۔ ان اعلانات کی وجہ سے دنیا میں اس وقت انتخابی ...

[illegible]

برطانیہ میں بچوں کی گرومنگ، پاکستانی کمیونٹی پھر نشانے پر

حقائق

عفت حسن رضوی

[illegible]

امریکہ کا عالمی ایجنڈا اور دو جنگیں

حقائق نامہ

حسن عسکری رضوی

[illegible]

تبدیلی کیسے آئے گی؟

خورشید ندیم

تبدیلی کی خواہش فطری ہے اگر حالات اس کے متقاضی ہوں۔ اگر یہ خواہش ایک قابل ذکر طبقے میں پیدا ہوجائے تو پورے معاشرے کو مضطرب کرسکتی ہے۔ تبدیلی ہمیشہ سماجی عوامل کے تابع ہوتی ہے۔ یہ اگر سازگار نہ ہوں تو تبدیلی کے لیے لازم ہے کہ انہیں سازگار بنایا جائے۔ بصورت دیگر ایک خواہش ...

... جائے۔ اس کی اقتصادی شہ رگ کاٹ دی جائے۔ اس کے اداروں کو غیر موثر بنا دیا جائے۔ صوبائی ...

[illegible]

اُسی راہ گزر پر

خیالات

رسول بخش رئیس

[illegible]

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ اے اور ڈائننگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

تلاش گمشدہ
میرے دادا کا قومی شناختی کارڈ نمبر 5630263006009 بنام شیر محمد ولد نظر محمد لورالائی میں گم ہو گیا ہے جسکو ملے 03315209938 پر اطلاع کریں
نمائندہ لورالائی

تلاش گمشدہ
میرا قومی شناختی کارڈ بنام سہیل احمد ولد عبدالرزاق مجھ سے کہیں گم ہو گیا ہے جس کو ملے برائے کرم پریس کلب مسلم باغ پہنچا دیں۔
نمائندہ مسلم باغ

تلاش گمشدہ
میرا پولیس سروس کارڈ بنام عبدالمناف کارڈ نمبر 1134HC کراچی جاتے ہوئے گم ہو گیا ہے اگر کسی کو ملے موبائل نمبر 03152244355 پر اطلاع دیں المشتہر۔ عبدالمناف
نمائندہ کچلاک

زیارت، ڈی سی ذکاء اللہ درانی کو یونین کونسل سارو میں منعقدہ کھلی کچہری میں عوام مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہو چکی ہے، جمعیت

تاجر برادری شہری ٹرانسپورٹرز مسافر عدم تحفظ اور مشکلات سے دوچار ہیں، بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے

نوجوان نسل ڈگریاں ہاتھوں میں اٹھاتے ہوئے پھر رہے ہیں، داد رسی کرنے والا کوئی نہیں، مولانا محمد الیاس لہڑی

جمعیت علماء اسلام عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کر رہی ہے عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، مفتی اسلم و دیگر کا خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہو چکی ہے عوام عدم تحفظ کا شکار ہو کر رہ گئے ہیں تاجر برادری شہری ٹرانسپورٹرز مسافر عدم تحفظ کے باعث شدید مشکلات سے دوچار ہیں صوبے میں بے روزگاری میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے نوجوان نسل ڈگریاں ہاتھوں میں اٹھاتے ہوئے پھر رہے ہیں ان کی داد رسی کرنے والا کوئی نہیں ہے نوجوان نسل کو روزگار کی فراہمی کے لیے عملی طور پر اقدامات کیے جائیں تاکہ وہ اپنے پیروں پر کھڑے ہو کر ملک وقوم کی خدمت کر سکیں صوبے میں کرپشن میں بھی اضافہ ہو رہا ہے میرٹ پر نوجوانوں کو نوکریاں نہیں دی جا رہی ہے نوجوانوں کو ان کے جائز حقوق فراہم کیے جائیں جمعیت علماء اسلام عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کر رہی ہے عوام کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے ان کے ساتھ ساتھ ہیں جمعیت علماء اسلام کی بہتر پالیسیوں کے باعث عوام کی بڑی تعداد ان کا ساتھ دے رہی ہے جمعیت کا پیغام ملک کے کونے کونے تک پہنچانے کے لیے کارکنان اپنا مثبت کردار ادا کر رہے ہیں قائد مولانا فضل الرحمن اور جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہیں ان کی ہر کال کو لبیک کہیں گے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء پاکستان یونٹ شریف آباد کے امیر مولانا محمد الیاس لہڑی جنرل سیکرٹری مفتی محمد اسلم نیچاری سمیت دیگر رہنماؤں کا منعقدہ اجلاس سے خطاب جمعیت علماء اسلام یونٹ شریف آباد کے مجلس عمومی کا اجلاس یونٹ امیر حضرت مولانا محمد الیاس لہڑی کے زیر صدارت میں گوٹھ خالق آباد میں منعقد ہوا اجلاس کی کاروائی جنرل سیکرٹری مفتی محمد اسلم نیچاری سرانجام دیں اجلاس میں تحصیل بابا کوٹ کے امیر حضرت مولانا محمد افضل نیچاری، جنرل سیکرٹری حافظ محمد رمضان چندراتی، ترجمان جے یو آئی بابا کوٹ مولانا اسد اللہ رند، مولانا محمد عثمان لہڑی، مولوی منیر احمد ریسانی نے خصوصی طور پر شرکت کی اجلاس سے مقررین نے خطاب کیا۔

مستری مزدور یونین کا اجلاس، رہنماؤں کی بڑی تعداد میں شرکت

مسائل کے حل کے لیے چار رکنی رابطہ کمیٹی تشکیل، چیئرمین استاد مولا بخش منتخب

اوستہ محمد (نمائندہ مشرق) مستری مزدور یونین تحصیل اوستہ محمد کے صدر محمد رمضان بہری کی صدارت میں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیئرمین محمد صالح ریگی منعقد ہوا اجلاس میں مستری مزدور یونین کے رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر اکثریتی رائے سے مستری مزدوروں کے مسائل کو حل کرنے کے لیے چار رکنی رابطہ کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے چیئرمین استاد مولا بخش میسر ممبران عبد الشکور ریگی محمد زمان جمالی علی نواز بلیدی منتخب ہوئے اس موقع پر صدر محمد رمضان بہر استاد مولا بخش میسر محب علی سوگتی محمد صالح ریگی و دیگر نے نمائندہ مشرق ریاض عراقی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مستری مزدور یونین کا اجلاس بلانے کا مقصد ان کے مسائل سننا ہیں کیونکہ اس وقت مستری مزدور یونین مشکلات سے دوچار ہیں اس کے حوالے سے چار رکنی رابطہ کمیٹی استاد مولا بخش میسر کی قیادت میں تشکیل دیا ہے تاکہ وہ مستری مزدور کے مسائل سنے اور حل کرنے کی کوشش کریں کیونکہ مستری مزدور کو بروقت ان کا اجرت نہیں دے رہے ہیں جس سے مستری مزدوروں کے لیے بہت مشکلات کا سامنا ہے اس لیے ہم کام کرنے والوں سے اپیل کرتے ہیں

نصیر آباد، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی سے علاقائی معتبرین ملاقات کر رہے ہیں

گوادر مراکز صحت کو ضروری طبی آلات اور ادویات فراہم کی گئیں ہے

گوادر (آن لائن) پی پی ایچ آئی کے مانیٹرنگ آفیسر صابر حیاتان اور ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر شاہنواز نے مشترکہ طور پر بی ایچ یو کپر، بی ایچ یو بلئیت اور سی ڈی فقیر آباد کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دوران صحت کے مراکز کو جدید فرنیچر، ضروری طبی آلات اور ادویات فراہم کی گئیں تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ دورے کے دوران اسٹاف کی حاضری، طبی مراکز کی کارکردگی اور دیگر متعلقہ ریکارڈ کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ عوامی صحت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ان مراکز میں فراہم کی جانے والی سہولیات کو مزید بہتر کرنے کی ہدایات بھی دی گئیں۔ مقامی افراد نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے صحت کے نظام میں مثبت تبدیلیوں کی امید ظاہر کی۔

پریس الٰہی بخش سیال کے والد کے وفات پر اظہار تعزیت

خاران (نمائندہ خصوصی) پاکستان اتحاد میڈیا کونسل کے صوبائی صدر گلفام شبیر چیئرمین محمد رمضان بھٹو سیکرٹری جنرل ہمایوں خان اچکزئی وائس چیئرمین نثار احمد نائب صدر محمد عیسیٰ محمد حسنی نائب صدر محمد بخش بلوچ نائب صدر حبیب احمد غلامانی نائب صدر اللہ داد رند نائب صدر ظہور گل جمالدینی نائب صدر نور اللہ بزنجو ڈپٹی جنرل سیکرٹری سعید احمد ملنگزئی انفارمیشن سیکرٹری دلاور خان بزنجو ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری کاشف بلوچ جوائنٹ سیکرٹری کبیر احمد رابطہ سیکرٹری معصوم کھنی پروفیشنل سیکرٹری کریم زہری سب ایڈیٹر مشرق کوئٹہ ارشد یوسفزئی اور سراج ریگی نے اپنے تعزیتی بیان پاکستان اتحاد میڈیا کونسل کے سینئر نائب صدر پریس الٰہی بخش سیال کے والد کے وفات پر اس سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اتحاد میڈیا کونسل کے پورے کابینہ پریس الٰہی بخش سیال کے غم میں برابر کے شریک ہے تمام تنظیمی ایکٹیویٹیز تین دن کے لیے روک کر اپنے دوست کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور اللہ پاک کے بارگاہ میں دعا کرتے ہیں کہ اللہ پاک ہمارے دوست کے مرحوم باپ کو جنت الفردوس میں جگہ دیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے امین

کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرنا ہے، ڈی سی زیارت

کھلی کچہری میں مسائل سن کر حکومتی دستیاب وسائل کو بروئے کار لا کر حل کیے جائیں گے، ذکاء اللہ درانی

ڈسٹرکٹ افسران ایک ٹیم ورک کے طور پر کام کریں دفاتر کے ساتھ فیلڈ میں جا کر عوام کے مسائل کو حل کریں

زیارت (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں یونین کونسل سارو گلی احمد وان میں ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی کی جانب سے عوام کے مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں عوام نے اپنے مسائل کے حل کے لیے درخواستیں پیش کیں جو مسائل ڈسٹرکٹ انتظامیہ سے تعلق رکھتے تھے ان پر ڈپٹی کمشنر نے موقع پر ہی احکامات جاری کیے، ڈپٹی کمشنر نے لائن ڈیپارٹمنٹ کو پابند کیا کہ جو مسائل عوام کے ان کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں ان کو فوری طور پر حل کریں۔ کھلی کچہری سے اسسٹنٹ کمشنر عبدالرازق، ڈی ایچ او ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر عبدالرحمن، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی نثار احمد، ڈی ڈی او نقیب اللہ کاکڑ، تحصیلدار نور احمد کاکڑ، ایس ڈی او بی اینڈ آر شمیم الرحمن اور دیگر نے خطاب کیا۔ ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی نے کہا کہ کھلی کچہری کا اصل مقصد عوام کے مسائل سن کر ان کو حل کرنا ہے ان کو ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے عوام کے مسائل کا ادراک ہے اور حکومت بلوچستان کے وژن کے عین مطابق ان کے پیغام کو عملی جامہ پہنا کر عوام کے مسائل حل کرنا ہے جو مسائل دفاتر میں حل ہو سکتے ہیں ان کو دفاتر میں حل کریں گے جو عوام کے عام مسائل ہے ان کو کھلی کچہری کا انعقاد کر کے ان کے مسائل سن کر ان کو تیز بنیادوں پر حل کیے جائیں گے جو مسائل ہمارے دسترس میں ہیں ان کو حکومتی دستیاب وسائل کو بروئے کار لا کر حل کیے جائیں گے انہوں نے ڈسٹرکٹ افسران کو ہدایت کی کہ وہ ایک ٹیم ورک کے طور پر کام کریں دفاتر کے ساتھ فیلڈ میں بھی جا کر عوام کے مسائل حل کر کے ان کو حل کریں

امن وامان کا قیام ہم سب کی اولین ترجیح کا حصہ ہے، ارسلان خان

جوان اپنی جائے تعیناتی پر الرٹ اور تمام قسم کی نقل وحمل پر گہری نظر مرکوز رکھیں

امن وامان کی فضا میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے، خطاب

کچھی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر محمد ارسلان خان کی زیر صدارت امن وامان کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں لیویز فورس کے افسران موجود تھے جنہوں نے لیویز کے حدود ایریا میں امن وامان و درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیل کے ساتھ آگاہی فراہم کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ارسلان خان نے کہا کہ علاقے میں امن وامان کا قیام ہم سب کی اولین ترجیحات کا حصہ ہے تمام جوان اپنی جائے تعیناتی پر الرٹ رہیں اور تمام قسم کی نقل وحمل پر گہری نظر مرکوز رکھیں تاکہ امن و امان کا ماحول مزید پروان چڑھ سکے۔ تمام تر صورتحال کو کنٹرول میں رکھا جائے جبکہ امن وامان کی فضا میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے انہوں نے مزید بھی ہدایت دی کہ سنیپ چیکنگ کے عمل کو بھی مزید تیز کیا جائے تاکہ کسی قسم کا کوئی نہ خوشگوار واقعہ رونما نہ ہو سکے کنٹرول روم مکمل فعال رکھیں اور ہر قسم کے معاملات کے متعلق ہمیں آگاہی فراہم کی جائے قانون کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے اور کوشش کی جائے کہ لیویز فورس کے مورال کو مزید بلند رکھا جائے۔

حب، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن نصیب اللہ ترین صفائی مہم کی نگرانی کر رہے ہیں

عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، غلام دستگیر بادینی

اپنی سیاست کو عوام کے مسائل کے حل اور فلاح و بہبود کے لیے وقف کیا ہے

نوشکی (نامہ نگار) ایم پی اے نوشکی حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے نوشکی میں مختلف وفود کا ملاقات ملاقات میں بات چیت کرتے ہوئے حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے کہا کہ عوامی خدمت ہماری سیاست کا محور اور مقصد ہے۔ ہم نے ہمیشہ اپنی سیاست کو عوام کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے وقف کیا ہے۔ عوام کے مسائل کو حل کرنا اور انہیں بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ عوام نے ہمیں ان کی نمائندگی کے لیے منتخب کیا ہے اور ان کی توقعات پر پورا اترنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم نے ہمیشہ عوام کی آواز کو بلند کیا ہے اور کرتے رہیں گے، چاہے وہ بجلی کی عدم فراہمی کا مسئلہ ہو، صحت کی سہولیات کی کمی ہو یا دیگر بنیادی ضروریات کا فقدان۔ حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے کہا کہ موجودہ دور میں عوام کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے، لیکن ہم اپنی پوری قوت کے ساتھ ان مسائل کو حل کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔ ہم نہ صرف عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی اٹھاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری سیاست عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی پر مبنی ہے۔ ہم نے ہمیشہ عوامی خدمت کو اپنی سیاست کا مرکز بنایا ہے حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے کہا کہ ہم یقین دلاتے ہیں کہ علاقے کے عوام کو ان کے حقوق دلانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے اور ترقی کا سفر جاری رکھیں گیا

اوستہ محمد، شہنشاہ بابا گرکھ داس کے میلے کے انتظامات مکمل

اوستہ محمد (آن لائن) شہنشاہ بابا گرکھ داس کے میلے کے انتظامات مکمل۔ ایس ایس پی اور کرنل کا دورہ۔ تمام داخلی خارجی راستوں پر پولیس کو چوکس کیا جائے گا مہمانوں کی آمد شروع گیارہ جنوری کو میلا بھی اسٹارٹ ہوگا تفصیلات کے مطابق اقلیتوں کے مرشد بابا گرکھ داس کا 46واں میلا گیارہ جنوری کو شروع ہوگا مہمانوں کی آمد شروع ہو گیا گزشتہ روز ایس ایس پی حسینی وارث اور کرنل رضوان کے ہمراہ مندر کا دورہ کیا اور جائزہ لیا اور تمام راستوں کا بھی جائزہ لیا اور مکمل سکیورٹی فراہم کرنے اور داخلی خارجی راستوں پر پولیس تعینات کرنے کے احکامات جاری کیے گئے جبکہ اس حوالے سے مکھی نانک سنگھ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے مکمل سکیورٹی دی ہے ملک بھر سے اقلیتی اس میلے میں شریک ہوتے ہیں تین دن میلا چلتا ہے تیرہ جنوری کو دعا ہوتی ہے اور میلا اختتام پزیر ہوتا ہے۔

CAREER OPPORTUNITY

Pilots Cessna 208-B Grand Caravan Aircraft & Technical Staff

Applications are invited for hiring the following appointments on contract basis for a period of 3 years (extendable) in Chief Minister's Flight, Government of Balochistan, Quetta.

Appointment	No of Posts	Qualifications and Requirements
Pilots		
Senior Captain & Captain	01 01	• Valid PCAA ATPL (A) • Valid Class-1 Medical • Age: Maximum 50 Years (**no relaxation**) at the time of application • 2000 hours on Fixed Wing **and on the type qualification**. • Accident Free Flying record • Experience in VIP operations, Relief Operations and Casualty Evacuation shall be added advantage. • Qualified on Night Vision flight operations on Cessna 208B
First Officer	01	• CPL (A) • Valid Class (1) Medical • Age: Maximum30 Years (**no relaxation**) at the time of application • 200 hours on Fixed Wing • Accident Free Flying record
Technical Staff		
Operation Manager/ Quality Control Inspector/ Flight Dispatcher	01	• Must be a PEC EPE Qualified professional engineer with MBA (preferable). • Must have at least 15 years of total experience, with at least more than 10 years specifically in Aviation Management. • Have sound knowledge of ICAO Annexes specifically Annex 19. • Must have certification on ICAO SMS, HSE, Aeronautical studies & Safety Assessments, ISO Quality Management System, Audits, Handling of Dangerous goods and Threat assessment & risk management. • Must have knowledge of Aviation Communication Procedures. • Must have good knowledge and understanding of Pakistan Civil Aviation Authority rules and procedure. • Must possess strong knowledge of Aircraft Ground operations.
Engine Mechanic	01	• Maximum 50 Years (Relaxation may be given as per qualifications). • FA / FSC • 05 years experience on requisite trade. • CAA Certificate in the Trade shall be given preference.
Electrician Mechanic	01	• Maximum 50 Years (Relaxation may be given as per qualifications). • FA / FSC • 05 years experience on requisite trade. • CAA Certificate in the Trade shall be given preference.
Avionic Mechanic	01	• Maximum 50 Years (Relaxation may be given as per qualifications). • FA / FSC • 05 years experience on requisite trade. CAA Certificate in the Trade shall be given preference.
Assistant Store Man/Security Officer	01	• Maximum 50 Years (Relaxation may be given as per qualifications). • BA / BSC • 05 years experience on requisite trade. • Security Aviation Course (Preferable)
GSE Technician	01	• Maximum 50 Years (Relaxation may be given as per qualifications). • FA / FSC • 05 years experience on requisite trade.
Driver	01	• Maximum age 35 years • Middle pass • Valid LTV license
Naib Qasid	01	• Maximum age 35 years • Middle pass

Pay & Allowances: a. Attractive pay package will be offered at the time of interview for selected candidates.
General Conditions: a. 3 x Pilots will be selected, and 2 x Pilots will be placed in reserve for utilization as and when required. b. Preference shall be given to Baluchistan domicile holders.c. Incomplete application or applications received after due date, will not be considered. d. Only short-listed candidates will be called for interview. Interview may also be conducted online. e. Decision of the competent authority will be final for selection. f. NOC from Government Department will be required from applicants serving on contract in case it is mentioned in their terms of contract. Otherwise, copy of the contract will be attached with the application. In case of armed forces retired personnel, requisite clearance for re-employment required. g. No TA/DA will be admissible for the interview. f. Selected pilots shall be asked to sign initial training bond on Cessna qualification whereas technical staff shall sign service bond for training abroad. **Note**: 1. Application clearly mentioning the post, one page CV, copy of CNIC, copy of valid ATPL (A)/ CPL (A and class 1 medical (for pilots), 3 x Passport size photographs, copies of academic record, professional documents in pdf format MUST be emailed to directoravn@baluchistan.gov.pk and chiefpilot@balochistan.gov.pk within 15 days of this advertisement.
2. Applicants not fulfilling the qualifications and requirement shall not be considered. **Phone No.0819203372**

Director Aviation Wing, Government of Balochistan Block no#04, 1st- Floor, Civil Secretariat, Zarghoon Road, Quetta

PRQ No.2791/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 76/24 CTD خضدار (1) مسمی ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش سکنہ مشکے (2) محمد علی عرف چنگیز ولد غلام رسول (3) جواہر عرف دوستین ولد جنگی خان جرم زیر دفعہ 07 ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 20 جنوری 2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2799/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب ثناء اللہ خان لونی اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی
اشتہار برائے عوام الناس
ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی اترک نے ایک شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد سلطان شہید مرحوم بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ متوفی مذکورہ کے جائز وارثان (شمعون) (اترک) (ساحل) (پارس) (عقیلہ) پسران ودختران سلطان شہید مرحوم ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع عرسین میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج وتصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 6.1.2025 کو ہمارے دستخط ومہر سے جاری ہوا
نمائندہ لورالائی

بعدالت تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل دشت ضلع مستونگ
اشتہار بنام عوام الناس
ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی نکری علی بخش ولد خیر بخش قوم کھیازئی ساکن میاں غنڈی کوہ تحصیل دشت ضلع مستونگ بقضائے الٰہی وفات پا چکا ہے۔ جس کے وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ کے مطابق پسماندگان میں بلند خان۔ غلام رسول۔ محمد ابراہیم۔ پسران ملک ناز۔ تاز بخت دختران نکری علی بخش زندہ حیات چھوڑے ہیں لہذا اس بارے میں کوئی اشخاص یا کسی ادارے کو کسی قسم کا عذر واعتراض ہو تو سات 7 یوم کے اندر زیر دستخطی کو پیش کرے۔ بعد از میعاد کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ اشتہار ہذا، آج بتاریخ 10 جنوری 2025 کو میرے دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔
R 60777

مشتری ہوشیار باش
میرے موکل مسمی حاجی یوسف ولد حاجی محمد زمان ساکن کوئٹہ نے ایک عدد دوکان گراؤنڈ فلور نمبری 97 رقبہ تعدادی 102 مربع فٹ اور ایک عدد فلیٹ فرسٹ فلور رقبہ تعدادی 300 مربع فٹ نمبری 01 واقع بخاری سینٹر قندھاری بازار پر مسمیان سردار محمد وغیرہ کے ساتھ سول عدالت میں کیس زیر سماعت ہے اور یہ بات شنید میں آئی ہے کہ مسمیان بالا جائیداد فروخت کر رہے ہیں لہذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار اطلاع دی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا جائیداد کی بابت کوئی بھی شخص یا ادارہ کوئی لین دین خرید وفروخت نہ کرے۔ اور اگر کوئی شخص لین دین، خرید وفروخت کرے گا وہ اپنے نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔
R 60764
المشتہر۔ محمد حارث ایڈووکیٹ ہائی کورٹ بلوچستان کوئٹہ

بعدالت جناب اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی
اشتہار برائے عوام الناس
ہر گاہ خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی اترک نے ایک شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا دادا بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ اسکے جائز وارثان (وحید اللہ ولد مرحوم) (سلطان شہید مرحوم) پسران بوٹا مسیح ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع ارسین میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج وتصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 6.1.2025 کو ہمارے دستخط ومہر سے جاری ہوا۔
نمائندہ لورالائی

بعدالت میر زابر علی ڈومکی تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سبی
ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی لشکر خان ولد ملک محمد علی قوم مرزی نے حاضر عدالت آ کر ایک قطعہ تحریری درخواست، حلفیہ بیان برائے تصدیق نامہ ورثاء، شرعی فتویٰ مجاریہ مفتی ریاض الدین دارالافتاء جامعہ قاسم العلوم ہاشمیہ صحبت سرائے روڈ سبی پیش کر کے استدعا کی کہ اس کا والد متوفی ملک محمد علی ولد ملک محمد حسین قوم مرزی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جس کی زرعی وآب محال و موضع مرزی میں واقع ہے بمطابق پیش کردہ شرعی فتویٰ کے متوفی محمد علی مذکور کے پسماندگان میں چار بیٹے (1) ملک محمد علی (2) احمد خان (3) لشکر خان (4) کرم خان اور تین بیٹیاں (1) ذلیخہ (2) خدیجہ (3) شادل جائز وارث قرار پائے ہیں جن کے نام پر انتقال وراثت درج / منتقل کرنا مطلوب ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا تشہیر کرائی جاتی ہے کہ متذکرہ بالا جائز ورثاء یا انتقال وراثت پر کسی پتی دار، واسطہ دار یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر واعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات ایام اپنا عذر واعتراض زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز ورثاء درج ہو کر تصدیق ومنظور کیا جائے گا بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج اشتہار ہذا مورخہ 025-1-10 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔
سلیم گشکوری

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 047/24 CTD خضدار (1) مسمی فاروق عرف چاوش سکنہ نوکو مشکے (2) عالم عرف صوبیدار سکنہ گجلی مشکے (3) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم محمد حسنی سکنہ مشکے جرم زیر دفعہ 353/109/120-B/186 07 ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان ڈاکٹر اللہ نذر، اختر ندیم گہرام کو لازم ہے کہ بتاریخ 20 جنوری 2025، کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2804/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 94/23 CTD خضدار (1) اختر ندیم ولد لعل بخش سکنہ گور جک مشکے جرم زیر دفعہ 07 ATA 11-F (i) (ii) کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان / ملزمان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 20 جنوری 2025، کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2801/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 53/24 CTD خضدار (1) مسمی منیر عرف ملن ولد جمیل احمد سکنہ ترتیج (2) اختر علی عرف علی شیر ولد اسد اللہ سکنہ ڈھل بازار (3) مسافر عرف جمعہ ولد موسیٰ سکنہ ڈھل بازار ترتیج (4) صابر عرف ندیم ولد کریم بخش سکنہ ترتیج (5) یاسین عرف کیا ولد دلبود سکنہ پیرانذر (6) لیاقت عرف عابد ولد محمد ابراہیم سکنہ ترتیج (7) اختر ندیم عرف گہرام ولد لعل بخش سکنہ گور جک جرم زیر دفعہ 353/186/120-B ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 16 جنوری 2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2772/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 09/2024 CTD خضدار (1) مسمی ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش سکنہ مشکے (2) قادر بخش عرف کمرک ولد بالاچ سکنہ وراسک ترتیج (3) ندیم عرف تلار ولد جمیل (4) تجبر عرف زاہد ولد میر محمد (5) منیر احمد عرف ملن ولد جمیل (6) مبارک علی عرف اسد ولد فتح محمد (7) ظفر عرف شاہ جہان ولد مثل (8) نیاز عرف گمان ولد قادر بخش (9) لیواری عرف میرک ولد شفیق محمد (10) فہیم عرف داد ولد کریم خان (11) ڈاکٹر عطاء اللہ ولد وشدل جرم زیر دفعہ 120-B-ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 20 جنوری 2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2802/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جان محمد سیلاچی نائب تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم سبی
ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی علی احمد ولد ثناء اللہ قوم ہنگلوئی ساکن سبی نے اصالتاً حاضر عدالت آ کر ایک قطعہ تحریری درخواست بمعہ حلفیہ بیان بابت ورثاء، شرعی فتویٰ مفتی محمد شہزاد خان صدیقی دارالافتاء حنفیہ قادریہ مرکزی جامع مسجد مولانا عبدالروف والی مسجد روڈ سبی پیش کر کے استدعا کی کہ اس کا والد متوفی ثناء اللہ ولد صبیب خان قوم ہنگلوئی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جس کا ایک عدد دکان وارڈ نمبر 2 موضع میونسپل سبی میں واقع ہے بمطابق پیش کردہ شرعی فتویٰ کے متوفی ثناء اللہ مذکور کے پسماندگان میں ایک بیوہ بی بی فاطمہ چھ بیٹے (1) علی احمد (2) جہانزیب (3) عبدالکریم (4) سلطان احمد (5) سعید احمد (6) وحید احمد پسران اور ایک بیٹی بینظیر دختر ثناء اللہ جائز وارث قرار پائے ہیں جن کے نام پر انتقال وراثت درج / منتقل کرنا مطلوب ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا تشہیر کرائی جاتی ہے کہ متذکرہ بالا انتقال وراثت یا جائز ورثاء پر کسی پتی دار، واسطہ دار یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر واعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات ایام اپنا عذر واعتراض زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز ورثاء درج ہو کر تصدیق ومنظور کیا جائے گا بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج اشتہار ہذا مورخہ 025-1-10 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔
سلیم گشکوری

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 76/23 CTD خضدار (1) مسمی مجیب عرف علی ولد اسحاق (2) گہرام بلوچ عرف اختر ندیم لعل بخش بلوچ جرم زیر دفعہ 353/186 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 18-01-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2780/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 75/23 CTD خضدار (1) مسمی سرور عرف درک ولد محمد جان (2) گہرام بلوچ اصل نام اختر ندیم ولد لعل بخش 353/186 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 18-01-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2779/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 07/2024 CTD خضدار (1) مسمی ندیم عرف قمر سکنہ ترتیج (2) قادر بخش عرف کرک ولد بالاچ سکنہ ترتیج (3) مرید عرف سوتگی ولد در محمد سکنہ گچکی مالدار (4) معراج عرف گل شیر ولد جمعہ خان سکنہ مسافر بازار آرواران جرم زیر دفعہ 11F (i)(ii)(V) i 07 ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 06-02-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2775/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت میر زابر علی ڈومکی تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سبی
ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی اسرار اللہ خان ولد محمد ایوب قوم باروزئی سکنہ کڑک سبی نے ایک قطعہ درخواست بمعہ شرعی فتویٰ دارالعلوم جامعہ غوثیہ رضویہ انوار باہو بروری روڈ کوئٹہ اور ایک عدد تحریری اسٹام پیپر حلفیہ بیان تصدیق شدہ پیش کر کے استدعا کی کہ ان کا والد مرحوم محمد ایوب ولد عبدالرحمن قوم باروزئی بقضائے الٰہی عرصہ 1974ء میں وفات پا چکے ہیں جن کی اراضی تحصیل سبی میں درج ریکارڈ ہے جن کا میراث خود بمطابق پیش کردہ شرعی فتویٰ، حلفیہ بیان سے متوفی مذکور کے پسماندگان میں صرف مرحوم کا ایک بیٹا اسرار اللہ خان ولد محمد ایوب جائز وارث مقرر ہوا ہے جس کے نام پر انتقال وراثت درج کرنا مطلوب ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا تشہیر کرائی جاتی ہے کہ متذکرہ بالا انتقال وراثت یا جائز وارث پر کسی پتی دار، واسطہ دار یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر واعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات ایام اپنا عذر واعتراض زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارث درج ہو کر تصدیق ومنظور کیا جائے گا بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج اشتہار ہذا مورخہ 25-1-9 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔
سلیم گشکوری

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 38/24 CTD خضدار (1) مسمی مولا بخش عرف مولو ولد عبدالحکیم (2) حاصل عرف سرباز ولد مولا بخش (3) مبارک عرف اسد ولد فتح (4) علی عرف جوش ولد رحمت (5) شبیر احمد عرف پیر محمد (6) صمد عرف گزین ولد محمد حسن (7) میران عرف گمسی ولد علی جان (8) رفیق عرف ساز ولد دین محمد (9) قادر بخش عرف قادری ولد خان محمد جرم زیر دفعہ 07 ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 18-01-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2774/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار
اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ ،انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
FIR نمبر 77/23 CTD خضدار (1) مسمی گہرام بلوچ عرف اختر ندیم ولد لعل بخش سکنہ گور جک (2) نجیب عرف علی جان ولد اسحاق قوم بلوچ سکنہ مشکے جرم زیر دفعہ 353/186 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شعبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 18-01-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔
اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار
PRQ No 2778/10-01-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

قومی اسٹار محمد آصف نے سارک اسنوکر چیمپئن شپ جیت لی

میں محمد آصف نے تیسری بار ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ کا ٹائٹل جیتا تھا، انہوں نے فائنل میں ایرانی حریف علی غرا ایگوزلو کو 3 کے مقابلے میں 5 فریم سے شکست دی تھی۔ دوحہ قطر میں کھیلے جانے والے ایونٹ کے سیمی فائنل میں قبرص کے مائیکل جارجیو کو 3-5 سے شکست دے کر تیسری بار ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچے تھے۔ اس سے قبل کوارٹر فائنل میں انہوں نے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے محمد شہاب کو 1-4 سے ہرا کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی تھی۔ محمد آصف نے اس سے قبل 2012 اور 2019 میں بھی ورلڈ اسنوکر فائنل جیتا تھا۔ صدر مملکت آصف زرداری نے محمد آصف کو تیسری سارک چیمپئن شپ جیتنے پر مبارکباد دی۔ ایوان صدر نے بیان کے مطابق انہوں نے کہا کہ محمد آصف نے فائنل سمیت پوری چیمپئن شپ میں بہترین کھیل پیش کیا۔

کولمبو، سارک اسنوکر چیمپئن شپ کا ٹائٹل جیتنے کے بعد محمد آصف اور کوچ ونگ ٹرافی کیساتھ پوز دے رہے ہیں

پی سی بی نے 2024ء کیلئے ہال آف فیم کرکٹرز کا اعلان کردیا

چیمپئنز ٹرافی سے قبل بڑے کھلاڑی انجریز کا شکار

چیمپئنز ٹرافی، کون سی ٹیم کب پاکستان آئے گی؟ پروگرام سامنے آگیا

وارم اپ میچ، ویسٹ انڈیز نے پاکستانی شاہینز کیخلاف 7 وکٹوں پر 273 رنز بنا لئے

ایک اسٹار صرف ایک رن کی کمی سے سنچری مکمل نہ کرسکے، لیگ اسپنر محمد رمیز جونیئر کی تین وکٹیں

اسلام آباد (این این آئی) ویسٹ انڈیز نے پاکستان کے دورے کا باقاعدہ آغاز کرتے ہوئے پاکستان شاہینز کے خلاف تین روزہ وارم اپ کے پہلے دن اپنی پہلی اننگز میں 74 اوورز کی بیٹنگ میں 7 وکٹوں پر 273 رنز بنائے تھے۔ واضح رہے کہ یہ وارم میچ نان فرسٹ کلاس میچ ہے۔ اسلام آباد کلب میں مہمان ٹیم کی اننگز کی خاص بات ایک اسٹار کی عمدہ بیٹنگ تھی جنہوں نے پندرہ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 99 رنز اسکور کیے۔ کپتان کریگ براتھ ویٹ اور میکائل لوئس نے 34-34 رنز اسکور کیے۔ شاہینز کی طرف سے رمیز جونیئر سب سے کامیاب بولر رہے۔

ویسٹ انڈیز سیریز، شاہین آفریدی اور نسیم شاہ کو اسکواڈ میں شامل نہ کرنے کا امکان

جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ میچ میں ٹخنے کی انجری کا شکار صائم ایوب اس سیریز میں ایکشن میں نظر نہیں آئیں گے، عباس، میر حمزہ اور خرم شہزاد شامل

ویسٹ انڈیز اور پاکستان کے درمیان دو ٹیسٹ میچز ملتان اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے جس کے لیے مہمان ٹیم دو روز قبل پاکستان پہنچ چکی ہے

لاہور (یو این پی) قومی ٹیم جنوبی افریقہ سے شکست کے بعد اب ویسٹ انڈیز سے ہوم گراؤنڈ پر ٹیسٹ کرکٹ سیریز کیلئے تیار ہے جس کا ممکنہ اسکواڈ سامنے آگیا۔ ویسٹ انڈیز اور پاکستان کے درمیان دو ٹیسٹ میچز ملتان اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے جس کے لیے مہمان ٹیم دو روز قبل پاکستان پہنچ چکی ہے۔ جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ میچ میں ٹخنے کی انجری کا شکار صائم ایوب اس سیریز میں ایکشن میں نظر نہیں آئیں گے کیونکہ ڈاکٹرز نے انہیں 6 ہفتے مکمل آرام کا مشورہ دیا ہے۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز میں صائم کی جگہ عبداللہ شفیق کی شمولیت کا قوی امکان ہے۔ کر پاکستان کا ٹاپ آرڈر بنائیں گے جنہوں نے کپتان شان مسعود، شفیق اور بابر اعظم کے ساتھ مل دورہ جنوبی افریقہ میں شاندار اننگز کھیلی تھیں۔

اسامہ میر کے بعد ایک اور پاکستانی کرکٹر نے بی بی ایل ٹیم کو جوائن کرلیا

سڈنی تھنڈر نے محمد حسنین کو اوورسیز ری پلیسمنٹ کے طور پر لیگ کے بقیہ میچز کے لئے سائن کرلیا

ڈھاکہ (این این آئی) آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ میں پاکستانی کرکٹر اسامہ میر کے بعد فاسٹ بولر محمد حسنین نے بھی اپنی ٹیم سڈنی تھنڈر کو جوائن کرلیا ہے۔ سڈنی تھنڈر نے محمد حسنین کو اوورسیز ری پلیسمنٹ کے طور پر لیگ کے بقیہ میچز کے لئے سائن کرلیا۔ سڈنی تھنڈر نے لوکی فرگوسن اور شرفین روور فرڈ کی جگہ حسنین اور جارج گارٹن کو شامل کیا۔ لوکی فرگوسن اور شرفین روورفورڈ آئی ایل ٹی ٹوئنٹی میں شرکت کے لئے چلے گئے ہیں۔ سڈنی تھنڈر کے جنرل منیجر ٹرینٹ کوپ لینڈ نے محمد حسنین کی واپسی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حسنین، فرگوسن کی کمی کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

آل بلوچستان سندھ میر مسیح جان نوشیروانی کرکٹ ٹورنامنٹ خاران 2025

امیر معاویہ سپورٹس خاران نے ماسٹر موسیٰ جان کلب کو 3 رنز سے شکست

شاندار میچ کے گران قدر مہمان خاص خاران کے سماجی رہنما پریس کلب کے سابق صدر سفر خان راسکوئی تھے

خاران (نمائندہ خصوصی) آل بلوچستان سندھ میر مسیح جان نوشیروانی کرکٹ ٹورنامنٹ خاران 2025 کے سلسلے میں شاندار اور دل چسپ میچ میزبان ٹیم امیر معاویہ سرپرہ اسپورٹس خاران بمقابلہ مہمان ٹیم ماسٹر موسیٰ جان کرکٹ کلب والھدین کے مابین کھیلا گیا میزبان امیر معاویہ سرپرہ اسپورٹس خاران نے ٹاس جیت کر پہلے خود کھیلنے کا فیصلہ کیا مقررہ 18 اوورز میں پوری ٹیم نے 153 رنز بنا کر 154 ٹارگٹ دیکر آل آؤٹ ہوا جواب میں مہمان ٹیم ماسٹر موسیٰ جان کرکٹ کلب والھدین نے ٹارگٹ کا تعاقب کرتے ہوئے مقررہ 18 اوورز صرف 151 رنز بنا سکے اس طرح یہ میچ میزبان ٹیم امیر معاویہ سرپرہ اسپورٹس خاران نے 3 رنز سے جیت کر اپنے نام کرلیا۔ شاندار میچ کے گران قدر مہمان خاص خاران کیسماجی رہنما پریس کلب کے سابق صدر اور ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوی ایشن خاران کے سابق صدر سفر خان راسکوئی تھے جنہوں نے ٹورنامنٹ کمیٹی کیلئے نقد 10000 روپے کا اعلان کیا۔ پی ٹی وی فوٹو گرافر نیوز ڈیپارٹمنٹ علی شہزاد مینگل۔ بابو علی حسن۔ ڈی سی اے کے سابق سیکرٹری ناصر علی سیاپاد ان کے ہمراہ تھے۔ آخر میں ٹورنامنٹ سیکرٹری قائد ڈاکٹر کریم جان طارزئی۔ صدر شبیر غنی۔ اور ٹورنامنٹ آرگنائزر عبدالرحمن حیدری نے مہمان خاص سفر خان راسکوئی کا شکریہ ادا کیا

اے ایس بی کلاسک ٹینس، گیل مونفلس فائنل میں داخل

آکلینڈ (یو این پی) فرانس کے نامور ٹینس اسٹار گیل مونفلس اے ٹی پی ٹور ایونٹ اے ایس بی کلاسک ٹینس ٹورنامنٹ میں اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ اے ٹی پی ٹینس ٹورنامنٹ نیوزی لینڈ کے مشہور شہر آکلینڈ میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ 38 سالہ فرانسیسی ٹینس اسٹار گیل مونفلس نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل راؤنڈ میں امریکی حریف کھلاڑی نشیش بسوارڈی کو شکست دی۔ نیوزی لینڈ کے مشہور شہر آکلینڈ کے اے ایس بی ٹینس سینٹر میں کھیلے گئے اے ٹی پی ایونٹ کے سیمی فائنل راؤنڈ میں گیل مونفلس نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکی حریف کھلاڑی نشیش بسوارڈی کو ٹائی بریک پر سٹریٹ سیٹس میں 7-6 (7-5) اور 6-4 سے شکست دی۔

آئرلینڈ اور انڈیا ویمنز ٹیموں کے درمیان ون ڈے ٹرافی رونمائی کے موقع پر دونوں ٹیموں کے کپتان ہاتھ ملا رہی ہیں

قومی ٹیم کے اوپنر صائم ایوب کی چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ میں شمولیت پر سوالات اٹھ گئے

... چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ میں شمولیت پر سوالات اٹھ گئے۔ کیپ ٹاؤن میں کھیلے گئے سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ میں شارٹ تھرڈ مین باؤنڈری پر گیند کا پیچھا کرنے کی کوشش کی، اس دوران باؤنڈری لائن کے قریب قومی ٹیم کے اوپنر صائم کا دائیں ٹخنہ مڑ جانے سبب انجری کا شکار ہوئے تھے۔ جنوبی افریقہ کیخلاف سیریز کے اختتام کے بعد صائم ایوب علاج کیلئے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود کے ہمراہ لندن روانہ ہوگئے تھے، جہاں چیئرمین کی ہدایت پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انگلینڈ کے ماہر اسپورٹس آرتھو ڈاکٹرز انکا چیک اپ کررہے ہیں۔ گزشتہ روز خبر سامنے آئی تھی کہ ڈاکٹرز نے ڈاکٹر کی جیا سیلان نے صائم ایوب کے ٹیسٹ اور رپورٹس کا جائزہ لینے کے بعد بتایا کہ انہیں ٹخنے کی انجری کی وجہ سے کوئی بڑا نقصان نہیں پہنچا۔

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں 15 جنوری کو مزید 4 میچ کھیلے جائیں گے

پہلا میچ برینٹ فورڈ اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان جی ٹیک کمیونٹی سٹیڈیم میں ہوگا

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں 15 جنوری بروز بدھ کو مزید 4 میچوں کا فیصلہ ہوگا۔ ای پی ایل میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ پہلا میچ برینٹ فورڈ اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان جی ٹیک کمیونٹی سٹیڈیم، برینٹ فورڈ کے مقام پر کھیلا جائے گا، دوسرا میں چیلسی اور بورن ماؤتھ کی ٹیموں کے درمیان سٹامفورڈ برج، لندن کے مقام پر کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں ویسٹ ہیم یونائیٹڈ اور فلہم کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ لندن سٹیڈیم، لندن میں کھیلا جائے گا۔

مشتاق محمد، سعید انور، انضمام الحق اور مصباح الحق کا پی سی بی ہال آف فیم میں شمولیت پر خوشی کا اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے سابق کپتان مشتاق محمد، سعید انور، انضمام الحق اور مصباح الحق کو ہال آف فیم میں شامل کیا ہے، اسطرح پی سی بی ہال آف فیم میں شامل کرکٹرز کی تعداد 14 ہوگئی ہے۔ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کرکٹ کی نمائندگی کرنے والے ان چاروں کرکٹرز نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اس بات پر فخر اور خوشی محسوس کرتے ہیں کہ انہیں ملک کی خدمت کرنے کا موقع ملا۔ ان کرکٹرز نے امید ظاہر کی ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے اس اقدام سے موجودہ اور آنے والے کرکٹرز کو بھی حوصلہ ملے گا اور وہ بھی ملک کے لیے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ انضمام الحق نے کہا کہ مجھے پی سی بی ہال آف فیم میں شامل ہونے پر بہت فخر ہے کہ میں اپنے دور اور مجھ سے پہلے کے قابل ذکر کرکٹرز کے گروپ میں شامل ہوا ہوں۔

آسٹریلیا کے سری لنکا میں ٹیسٹ سیریز کیلئے نئے کپتان اور اسکواڈ کا اعلان

اسکواڈ میں کوپر کونولی نے پہلی مرتبہ ٹیم میں شمولیت اختیار کی ہے اور ناتھن میک سوینی کی واپسی ہوئی

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا نے سری لنکا میں آئندہ دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز کے لیے اپنے 16 رکنی اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ اسکواڈ میں کوپر کونولی نے پہلی مرتبہ ٹیم میں شمولیت اختیار کی ہے اور ناتھن میک سوینی کی واپسی ہوئی ہے۔ ٹیم کونسٹاس اور بیو ویبسٹر، جنہوں نے اپنے ابتدائی ٹیسٹ میچوں میں متاثر کیا تھا انہوں نے بھی اپنی جگہ برقرار رکھی ہے۔ گال میں اسپن کے لیے سازگار پچ تین فرنٹ لائن اسپنرز کی شمولیت کا باعث بنی ہے، جس میں ناتھن لیون، میٹ کوہنمن، اور ٹوڈ مرفی شامل ہیں۔

سابق بھارتی کرکٹر منوج تیواری نے انڈین ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کو 'منافق' قرار دیدیا

بارڈر-گواسکر ٹرافی میں اپنا ٹیسٹ ڈیبیو کرنے والے ہرشیت رانا کو کیوں کھلایا گیا؟ سوال اٹھا دیا

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر منوج تیواری نے انڈین ٹیم کے موجودہ ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کو 'منافق' قرار دیدیا۔ انٹرنیشنل کرکٹ میں بھارت کیلئے 12 ون ڈے اور محض 3 ٹی 20 کھیلنے والے سابق کرکٹر منوج تیواری نے بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر پر تنقید کے نشتر چلاتے ہوئے نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں ہار کا ذمہ دار انہیں قرار دیا۔

نصیر آباد، اے سی مجیب الرحمن ساسولی ڈپٹی کمشنر فٹ بال ٹورنامنٹ کے موقع پر کھلاڑیوں کیساتھ گروپ فوٹو

ایسا پاکستان چاہتے ہیں جہاں نوجوان ہنر اور خود اعتمادی سے لیس ہوں، شاہد آفریدی

شاہد آفریدی نے اپنی پوسٹ میں خیبر انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کی ویڈیو بھی شیئر کی

کراچی (آئی این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ ہم ایک ایسا پاکستان چاہتے ہیں جہاں نوجوان ہنر اور خود اعتمادی سے لیس ہوں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں شاہد آفریدی کا کہنا تھا کہ خیبر ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ کے یہ لڑکے اور لڑکیاں نہ صرف اپنا بلکہ پاکستان کا مستقبل بھی روشن کریں گے۔ یہی نوجوان قوم کی اصل طاقت ہیں۔

ٹخنہ اسٹیبل ہے اور ٹانگ پر ہلکا وزن ڈال سکتا ہوں، صائم ایوب

صائم کے علاج کے حوالے سے مثبت پیشرفت ہورہی ہے، سرجری کا فیصلہ میڈیکل پینل کریگا، اظہر محمود

لندن (این این آئی) پاکستانی ٹیم کے اوپننگ بلے باز صائم ایوب کے ٹخنے کا لندن کے کلینک میں دوسرا چیک اپ ہوگیا، صائم کا سینٹرل لندن میں اسپیشلسٹ ڈاکٹر ڈیوڈ ریڈ فرن سے اپائنٹمنٹ طے تھا۔ صائم ایوب اپنے ٹخنے کی چوٹ کا معائنہ کرانے سینٹرل لندن کے کلینک پہنچے، صائم ایوب کے ہمراہ کوچ اظہر محمود بھی تھے۔ صائم ایوب کا گزشتہ روز بھی سینٹرل لندن کے ایک کلینک میں معائنہ کیا گیا تھا۔ اس موقع پر صائم ایوب نے بتایا کہ وہ علاج کے لیے آئے ہیں، ڈاکٹروں نے بتایا ہے کہ ٹخنہ اسٹیبل ہے اور ٹانگ پر ہلکا وزن ڈال سکتا ہوں، میڈیکل پینل مزید معاملات کا فیصلہ کرے گا۔ اظہر محمود کا کہنا تھا کہ صائم کے علاج کے حوالے سے مثبت پیشرفت ہورہی ہے۔

صائم کی رپورٹس تو یہی ہیں کہ وہ چیمپئنز ٹرافی سے قبل ٹھیک ہو جائیں، سلمان آغا

لمبا سیزن کھیل کر آئے ہیں اور آگے بھی لمبا سیزن ہے تو تیاری اچھی ہے، قومی کرکٹر

لاہور (آئی این پی) قومی کرکٹر سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ صائم ایوب کی رپورٹس تو یہی ہیں کہ وہ چیمپئنز ٹرافی سے قبل ٹھیک ہو جائیں گے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ سب بھی دعا کریں کہ وہ جلدی ٹھیک ہو جائیں، پاکستان میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بولنگ پر کافی کام کیا تھا جس کے نتائج اچھے آئے۔

کوہلو لیویز کی کارروائی، 87 ایکڑ اراضی پر پوست کی کاشت تلف کردی

پوست کی کاشت میں استعمال ہونے والے 23 سولر پینلز و سمر سیبلز سرکاری تحویل میں لے لئے گئے ہیں

پوست کی کاشت میں ملوث افراد کی زمین بحق سرکار ضبط کی جارہی ہیں، ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل بلوچ کی گفتگو

کوہلو (نمائندہ مشرق) کوہلو میں لیویز فورس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں تیز کردی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل بلوچ کے مطابق کوہلو لیویز کیو آر ایف نے پوست کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 87 ایکڑ اراضی پر مشتمل پوست کی کاشت کو تلف کیا گیا۔ لیویز نے یہ کارروائیاں خفیہ اطلاع پر کی ہیں جو سب تحصیل گرسنی کے پہاڑی اور دشوار گزار علاقوں بالا ڈھاکہ، چشمہ منڈ، نودین سند و دیگر ملحقہ علاقوں میں 87 ایکڑ اراضی پر مشتمل تھی۔ پوست کی کاشت میں استعمال ہونے والے 23 سولر پلیٹوں و سمر سیبلز سرکاری تحویل میں لے لئے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پوست کی کاشت میں ملوث افراد کی زمین بحق سرکار ضبط کی جارہی ہیں اور مزید کارروائی بھی عمل میں لائی جارہی ہے ضلع میں پوست کی کاشت کی کسی صورت اجازت نہیں دیں گے، پوست کی کاشت کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کیے جارہے ہیں، ضلعی انتظامیہ منشیات کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور اسکے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہے۔

جرائم پیشہ افراد کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہ کریں، منیر احمد سومرو

لیویز ملازمان اپنا ڈیوٹی سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ کریں، ڈپٹی کمشنر

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کے زیر صدارت لیویز آفیسران کے ساتھ امن و امان کے حوالے سے میٹنگ منعقد ہوا۔ میٹنگ میں ایس ایچ او چکن رسالدار عبدالباقی سیاہ پاد، ایس ایچ او گواش نائب رسالدار امداد اللہ نوشیروانی اور لائن آفیسر نائب رسالدار ظفر اللہ بادینی سمیت تمام چیک پوسٹ انچارجان اور دیگر ذمہ داران شریک تھے۔ میٹنگ میں امن و امان سمیت دیگر مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ڈپٹی کمشنر خاران نے تمام شرکاء کو سختی سے تاکید کی کہ وہ دوران ڈیوٹی اپنے عملے کے ساتھ الرٹ رہیں۔

چمن، اے سی محمد افضل بلوچ نان بائیوں کے پیڑوں کا وزن چیک کر رہے ہیں

مل کے نوجوان منصور الحق نے پیتھالوجی میں ایم فل کی ڈگری حاصل کرلی

مل (نامہ نگار) مل کے نوجوان منصور الحق ولد حمید الحق سالائی نے پاکستان کی سب سے بڑی ایگریکلچر یونیورسٹی فیصل آباد سے پیتھالوجی میں ایم فل کی ڈگری حاصل کرلی جو نہ صرف ان کی ذاتی کامیابی ہے بلکہ پورے علاقے کے لیے فخر کا باعث ہے اس سے پہلے بھی انہوں نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد سے ڈاکٹر آف ویٹرنری میڈیسن (DVM) کی ڈگری حاصل کی تھی

زہری واقعہ کی مذمت کرتے ہیں، سردار کوہیار ڈومکی

پرامن اور خوشحال بلوچستان کی تعمیر کا عمل جاری رکھیں گے، صوبائی وزیر

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان سردار کوہیار خان ڈومکی نے بلوچستان کے علاقے زہری میں بدھ کے روز ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ گھناؤنا عمل امن، انسانیت اور معاشرتی اقدار پر حملے کے مترادف ہے سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ ایسے بربریت کے واقعات کا مقصد ہمارے خطے کو غیر مستحکم کرنا اور ہمارے لوگوں میں خوف پھیلانا ہے، لیکن دہشت گرد اپنے عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ حکومت بلوچستان دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے اور انصاف کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت متحد ہو کر ان چیلنجوں کا مقابلہ کریں گے اور ایک پرامن اور خوشحال بلوچستان کی تعمیر کا عمل جاری رکھیں گے

دینی ادارے اللہ پاک کی بہت بڑی نعمت ہیں، مولانا حق نواز

علماء کرام اور دینی مدارس نے 1400 سال کی روایات کو برقرار رکھا ہے

نوشکی (نامہ نگار) نوشکی کے عظیم دینی درسگاہ جامعہ عربیہ جمالیہ جمالدینی میں عظیم الشان سالانہ جلسہ دستار بندی حفاظ کرام و ختم بخاری شریف کے سلسلے میں ایک بہت بڑا جلسہ منعقد ہوا جلسے میں ہزاروں افراد نے شرکت کی الحمدللہ امسال جامعہ جمالیہ جمالدینی کے مدرسے سے 29 طالب علم عالم بن کر فارغ التحصیل ہوئے اور 20 معصوم بچوں نے قرآن پاک کا حفظ مکمل کرکے حافظ والدین کی تاج کی زینت بن گئے یہ نوشکی کا پہلا بڑا دینی ادارہ ہے جہاں سالانہ بڑی تعداد میں علماء عظام اور حفاظ کرام فارغ ہوئے ہیں کل کے تاریخی پروگرام کا مہمان خاص الصفہ کراچی کے مہتمم و ممتاز بزرگ عالم دین شیخ الحدیث مولانا حق نواز تھے جمالیہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا شیخ غلام نبی دامت برکاتہم العالی نے بخاری شریف کی آخری سبق طلباء کرام کو پڑھایا عظیم الشان جلسہ عام سے مولانا حق نواز مولانا شیخ غلام نبی مفتی عبدالصمد مولانا حاجی عبداللہ جان مفتی حسین احمد مولانا غلام حیدر حافظ محمد ابراہیم خلیل قاری عبدالباسط سید عطاء الرحمن شاہ کلانی اور دیگر نے خطاب کیا اس موقع پر قاری محمد طیب جان مولانا سید احمد شاہ کلانی حاجی منظور احمد مینگل حافظ عبداللہ کوریچ حافظ محمد جان مفتی محمد عمر اور دیگر بڑی تعداد میں علماء کرام اور قبائلی شخصیات موجود تھے جلسے سے مہمان خاص مولانا حق نواز اور مولانا شیخ غلام نبی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آسمان کے نیچے موجود دینی ادارے اللہ پاک کی بہت بڑی نعمت ہیں جس نے آج اگر دنیا میں دین اور قرآن پاک اپنی اصلی شکل وصورت میں موجود ہیں

بیاد مسیح ترین تعزیتی ریفرنس 12 جنوری کو منعقد ہوگی

زیارت (نامہ نگار) الجزہ والمنائی پاکستان (آپ) کی جانب سے 12 جنوری بروز اتوار بوقت 11 بجے مرحوم ڈاکٹر مسیح اللہ ترین کی یاد میں کوئٹہ میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس موقع پر مرحوم کی ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی، صدقہ و خیرات تقسیم کیا جائے گا اور اجتماعی دعا کی جائے گی۔ تعزیتی ریفرنس میں ڈاکٹر مسیح اللہ ترین کی فیملی، چیئرمین الجزہ ورسٹ عبدالکریم ثاقب یو کے سے آن لائن، الجزہ کالج کے پرنسپل پروفیسر شیر احمد بزیچ، الجزہ کالج کے پی آر او ڈاکٹر خیر محمد، صدر الجزہ والمنائی پاکستان ڈاکٹر محمد داؤد وکیبنٹ ممبران، المنائی اراکین اور مختلف شعبوں کی شخصیات خصوصی شرکت کریں گے۔

مرحوم غلام نبی رند نیشنل پارٹی کے ایک معتبر کارکن تھے، میر قربان

اوستہ محمد (نمائندہ مشرق) نیشنل پارٹی ضلع اوستہ محمد کے رہنما مرحوم میر غلام نبی خان رند کی دوسری برسی کے موقع پر میر قربان خان رند میر نثار خان رند بابا غلام حیدر رند کی جانب سے ان کے روح کو ثواب پہنچانے کے لیے قرآن خوانی کی اور خیرات فی سبیل اللہ کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر قبائلی رہنما میر نثار خان رند میر کونسلر میر کمن خان جمالی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر محمد نواز بلیدی علی حسن بلوچ میر تیمور خان رند قائم دین لہڑی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم غلام نبی رند نیشنل پارٹی کے ایک معتبر کارکن تھے

مسافر گاڑیوں میں تیل کی اسمگلنگ، اسسٹنٹ کمشنر نے نوٹس لے لیا

حب (این این آئی) بیلہ سے کراچی چلنے والے مسافر گاڑیوں میں ایرانی تیل کی اسمگلنگ کا اسسٹنٹ کمشنر حب نے نوٹس لے لیا اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر حب کے دفتر سے جاری ایک اعلامیہ کے مطابق بیلہ سے کراچی چلنے والی مسافر کوچز، ویگن اور کوسٹرز میں مسافروں کی آڑ میں ایرانی تیل کی اسمگلنگ کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر حب نے نوٹس جاری کیا

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997

FIR نمبر 64/2024 CTD خضدار (1) مسمی فاروق عرف چاوش سکنہ سوجو مشکے (2) عالم عرف صوبیدار ولد نامعلوم سکنہ تجلی مشکے (3) اللہ نذر ولد نبی سکنہ سنی مشکے جرم زیر دفعہ 353/186-120 B 07 ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے ازروئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہوسکتے اور برگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیے ہیں۔ لہٰذا اس اشتہار کی روسے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 20 جنوری 2025ء کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جوابدہی نالش کیلئے حاضر ہوجائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No 2796/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Medical Superintendent Sandeman Provincial Hospital Quetta invites sealed bids from eligible bidders for following tender of Sandeman Provincial Hospital, Quetta for the **Financial Year 2024-25: -**

S.NO	NAME OF TENDERS	BID SECURITY
1.	Operation, repair & maintenance of oxygen production plants and centrally medical gases supply system to department SPH Quetta 2024-25 **TSE-242501624312**	3%

NOTE: THERE WILL BE SEPARATE PACKAGE FOR EACH TENDER. Procurement will be made under BPPRA rules- 2014. **Eligibility: -** 03 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 3 Million each in Previous 3 Years. Accumulated Turn-over of at least PKR.7 Million in 3 Subsequent Previous Years. Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Must have Corporate Office in Quetta City Green Challan Receipt Firm/Company must be agreeing with all the terms &conditions (Must unconditionally agree with all the instructions, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement) Firm must be audited during FY-2022-23 Attach Degree & PEC verification Duly signed Affidavit from Oath Commissioner on Rs. 100/- Stamp Paper declaring that their firm is currently (during 2023-24) non- Blacklisted or Penalized for any Default or any delivery toGovt./non-Govt. Institutions through-out Pakistan. Undertaking by firm that due to non-availability of funds or any other circumstances the payment is delayed the firm shall pay salaries to the workers/personal at least for Five (05) Months. **Method of Procurement: -** Single Stage- Two Envelope Procedures mentioned in Tender Documents. **Bid Security: -** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents: -** The bidding documents can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk). **Last date of tender submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **30 January, 2025** till **11:00 AM** through supplier dashboard. **Tender Opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 PM** on EPPS System. **Office Address: -** Office of the Medical Superintendent, Sandeman Provincial Hospital, Prince Road, Quetta. **Phone No**: 081-9202017, **Fax No**. 081-9202639. **Email**: ms.sph2013@gmail.com

MEDICAL SUPERINTENDENT Sandeman (Provincial) Hospital Quetta

PRQ No.2794/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Kalat Division invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal for the year 2024-25, for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1.	REHABILITATION AND ADDITIONAL WORKS OF SHIV MANDIR, GURU DARBAR SOMYANI DISTRICT LASBELA (PSDP No.4266) **TSE-242501623563**	9,900,833/-
2	UNDER GROUND WATER STORAGE TANK NEAR AT AGHOR RIVER HINGLAJ MATA MANDIR (PSDP No.4325) **TSE-242501623533**	19,801,895/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council who also has deposited case for renewal (2024-25) in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-6 or above and the relevant Specialized code. The firm must be register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of the last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. Sequential page numbering of Bid Proposal. Signing and stamping of bid proposal wherever indicated as well as initial/ signature and seal on all other pages of proposals. The Proposal is bound as hard book to deny addition/ removal of pages' **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1,000/- each mentioned above must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Deadline of Submission**: The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 27/01/2025 at 11:00 am. **Tender Opening:** The bids will be opened on 27/01/2025 at 12:00 pm, before the procurement committee in the presence of firm/ contractors or their authorized representatives/agents. Place of issuance and submission will be: - Address: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Dev: Department, Kalat Division. Telephone No. 0848413467 Bid Validity Period: Ninety (90) Days. Email: eeupddsibi4201@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER Urban Planning & Dev: Department Kalat Division

PRQ No.2782/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Public Health Engineering Division Chaman invites Sealed Tenders based on composite schedule of rates 2018 Government of Balochistan (amended up to date) from interested Contractors/Firms who are Enlisted / Renewal their name for the current financial year 2024-25, for the following works. Earnest Money 2% and Tender Fee Rs.1000/- for each work

S#	Name of Work	QTY	E/Cost	Time Limit
1	**EXTENSATION AND AUGMENTATION OF HDPE PIPE 3" DIA AT CHAMAN TOWN AND DISTRICT CHAMAN PSDP NO.4778.**			
	1- Supply of PE Pipe 90mm. TSE 242501623813	30500Rft	8.025 M	10 Days
	2 -Civil Work TSE-242501623883	4 Jab	0.645 M Each Scheme	30-6-2025

The Contractor must have registration with (NTN & sales tax Department) valid registration with Pakistan Engineering council Code CE-06, CE-05, CE-04, who have deposited enlistment/ Renewal Fee for the Year 2024-25, the Firm supplying for tender for supply of PVC pipe must be manufacturer and for Machinery must be authorized dealer having original authority from the manufacturer Tender fee deposited in head of account C-02726-02 through green Challan form original in National Bank of Pakistan Rs. 1000/-, of each work and fulfill all the requirements of BPPRA. It may also be noted that only Original Firm of Company allowed to participate in tender and tender will not be issued to partner or agent **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage single envelop procedure **BIDDING TENDER DOCUMENTS ISSUANCE** Tender Form/Documents will be issued to bides/contractors on publishing of notice in news paper up to from the presentation of requisite documents i.e tender fee (non refundable). Bid security /Earnest Money 2% in shape of call deposit valid. **SUBMISSION** last date of submission is **28-01-2025 _11.00 AM OPENING** The tender will be opened on **28.-01.2025 12.00 PM PLACE OF ISSUANCE** Submission inquiries and opening will be :- ADDRESS:- Office of the Executive Engineer PHE Division Chaman **Email Address.** XENChaman@mail.com **NOTE** It may be noted that no pay order will be accepted/entertained and Firm complete title name should be written on call deposit. Only original Contractor are allowed to Participate in the tenders. Agent/Representative will not be allowed. **CONDITIONS All the terms and conditions can be seen/obtain in the Office of the undersigned in any office hours**

Executive Engineer, Public Health Engineering Division, Chaman

PRQ No.2783/10-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 محکمہ داخلہ

سیکورٹی فورسز کے ذرائع کے مطابق جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کولپور کے قریب نامعلوم دہشت گردوں نے کوئٹہ سبی قومی شاہراہ کو بلاک کرکے شہریوں کو یرغمال بناکر بلاک کرنے کی کوشش کی تاہم سیکورٹی فورسز نے بروقت اطلاع ملنے پر دہشت گردوں کا تعاقب کیا اس دوران دہشت گردوں نے فائرنگ کردی سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں 2 دہشت گرد ہلاک جبکہ 3 زخمی ہوگئے اور دیگر قریبی پہاڑوں میں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی جانب سے یرغمال بنائے جانے والے شہریوں کو بحفاظت بازیاب کرالیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال بلوچستان کے علاقے راڑشم میں دہشت گردوں نے مسافربسوں سے اتار کر 23 مسافروں کو بے دردی سے شہید کردیا تھا اس المناک حادثے کے بعد سیکورٹی فورسز کی مربوط پلاننگ اور جامع حکمت عملی کے باعث ایسا کوئی بھی واقعہ پیش نہیں آیا۔

بقیہ 2 کولپور

گروہ ایک پریس ریلیز کے مطابق دو بولان میں دہشتگردوں نے لیویز فورس کا اسلحہ ضبط نہ ہی مرکزی شاہراہ این 65 بندش کی گئی دہشتگردوں کی جانب سے تحصیل دشت لیویز چیک پوسٹ پر حملہ کیا گیا جس کے بعد فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی سے دہشت گرد پسپا ہوکر بھاگ گئے مرکزی شاہراہ این 65 آمدورفت کیلئے مکمل طور پر بحال ہے FC اور لیویز کے جوان مرکزی شاہراہ پر تعینات ہیں اور ٹریفک معمول کے مطابق رواں دواں ہے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی فیک نیوز پر کان نہ دھرا جائے شرپسند عناصر عام لوگوں کی زندگیوں میں خلل ڈالنے اور دہشت پھیلانے کے علاوہ کچھ نہیں کرتے حکومت بلوچستان بلوچ عوام کی حفاظت کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھارہی ہے اور ہر قسم کی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 3 احسن اقبال

انصاف ملک میں وہ کام کررہی جو 'را' تک نے کرنے کی ہمت نہیں کی، پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا احسن اقبال نے کہا بانی پی ٹی آئی نے ملک کو بدترین معاشی دلدل میں پھنسایا، 4 سال بانی پی ٹی آئی کی نااہلی نے ملک کو تباہی کے دہانے پر دھکیلا، پی ٹی آئی فوج کے خلاف منظم سازشیں کرتی رہی، جماعت پاکستان دشمن عناصر کا اثاثہ اور ملک دشمن لابیوں کی آلہ کار بنی ہوئی ہے، تحریک انصاف نے پاکستان کو مغرب میں نیچے گرانا چاہا، وفاقی حکومت ملکی معیشت درست کرنے کیلئے اقدامات اٹھارہی ہے، دنیا بھر میں اب پاکستانی معیشت مستحکم ہونے کے چرچے ہیں، اعداد وشمار کے مطابق رواں سال ملک میں 30 فیصد زیادہ ترسیلات ریکارڈ ہوئیں، حکومت نے اپنا میگا پروگرام اڑان شروع کررکھا ہے، اڑان پروگرام کے بعد اب پاکستانی معیشت نے اڑان بھرنی ہے، جس ملک کی سڑکوں پر انتشار ہوگا وہاں سرمایہ کار نہیں آسکتے، ن لیگ نے اپنے مقدمے ملکی عدالتوں میں لڑے، اپنے ملک کو بدنام نہیں کیا، پی ٹی آئی مظلوم بنتی ہے، پی ٹی آئی نے ملکی 50 ارب اپنے دوست کے اکاؤنٹ میں ڈلوائے، ڈاکہ نہیں تو کیا ہے، نیازی نے قیمتی تحائف سستے داموں فروخت کرکے خود کو فائدہ پہنچایا، نیازی سیاسی نہیں کریمنل قیدی ہے، حکومت رہا نہیں کرسکتی۔ دریں اثناء پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجانے کہا ہے کہ 9 مئی 2023 اور 26 نومبر 2024 کے احتجاج کے حوالے حکومت نے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے سلسلے میں ٹھوس یقین دہانی نہیں کرائی تو پھر اس کے ساتھ جاری مذاکراتی عمل کو ختم سمجھا جائے انہوں نے یہ بات نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجانے کہا کہ مذاکرات ہماری کمزوری نہیں ہیں، ہماری پارٹی اور سابق وزیراعظم عمران خان ملک میں تناؤ کا خاتمہ چاہتے انہوں نے وفاقی وزرا پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وزیر دفاع خواجہ آصف اور وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے ماحول خراب کرنے کی کوشش کی، ہم ملکی فلاح کے لیے مذاکرات جاری رکھنا چاہتے سلمان اکرم راجانے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کرانا حکومت کا اختیار ہے، سابق وزیراعظم اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں اور اہم مذاکرت کی تیسری نشست کے لیے تیار پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل نے کہا کہ 9 مئی 2023 اور 26 نومبر 2024 کے احتجاج کے حوالے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے سلسلے میں حکومت نے مذاکرات کی تیسرے نشست میں ٹھوس یقین دہانی نہیں کرائی تو پھر مذاکراتی عمل کو ختم سمجھا ان کا کہنا تھا کہ گیند اب حکومتی کورٹ میں ہے

بقیہ 4 شہباز شریف

استحکام کی علامت ہے، سعودی عرب 770 ملین ڈالر کی ترسیلات کیساتھ سرفہرست رہا جس نے پاکستانی کارکنوں کی معیشت میں اہم کردار ادا کیا، ادھر وزیراعظم نے دسمبر 2024 تک 3.1 بلین ڈالر کی ترسیلات زر وصول ہونے پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ترسیلات نومبر 2024 کے مقابلے میں 5.6 فیصد زیادہ ہیں اور ایک سال میں 29.3 فیصد کا اضافہ ہوا، ملک معاشی استحکام کے بعد معاشی ترقی کے راستے پر گامزن ہے، ترسیلات زر تصدیق کرتی ہیں بیرون ملک پاکستانی بھائیوں اور بہنوں نے ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کا عزم کررکھا ہے، ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافے سے ملکی معیشت کا پہیہ جام کرنے کا نعرہ لگانے والوں کے دعوے دھرے رہ گئے، حکومت ملکی ترقی اور عوامی فلاح وبہبود کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 5 خوارج ہلاک

خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر مدی میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران سیکورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں، خوارج کے سرغنہ شفیع اللہ شفیع سمیت پانچ خوارج کو ہلاک کردیا گیا۔ ہلاک ہونے والے خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا، مارے گئے خوارج سیکورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے ساتھ ساتھ معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں بھی ملوث تھے۔ علاقے میں پائے جانے والے کسی اور خارجی کو ختم کرنے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن کیا گیا آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کی سیکورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ دوسری جانب صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ڈیرہ اسماعیل خان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں کی بہادری کو سراہا۔

بقیہ 6 عبدالغنی بلوچ

وزیرخزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سنجدی میں کوئلہ کان میں پھنسے کانکنوں کو ریسکیو کرنے کا آپریشن جاری ہے۔ جمعہ کو کان سے 4 کانکنوں کی لاشیں نکال لی گئیں ہیں۔ کان میں تاحال 8 کانکن پھنسے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف انسپکٹر مائنز خود آپریشن مانیٹر کررہے ہیں اور باقی کانکنوں کے نکالنے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ دریں اثناء چیف انسپکٹر مائنز بلوچستان عبدالغنی بلوچ نے کہا ہے کہ ریسکیو ٹیموں نے 20 گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد 3 ہزار فٹ کی گہرائی سے 4 کانکنوں کی نعشیں نکال لی ہے مزید 8 کانکنوں کو نکالنے کے لئے آپریشن جاری ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز کوئٹہ سے 40 کلو میٹر فاصلے پر واقع سنجدی میں مقامی کوئلہ کان میں کوئلہ نکالتے ہوئے دھماکے سے تقریباً 3 ہزار فٹ کان بیٹھ گئی جس کی وجہ سے کان میں 4 ہزار فٹ سے زائد گہرائی میں کام کرنے والے 12 کانکن پھنس گئے تھے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی محکمہ مائنز اور دیگر اداروں کی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور امدادی کارروائیوں کا آغاز کیا گیا

بقیہ 7 جسٹس مندوخیل

دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ ملٹری کورٹس میں ٹرائل کے طریقہ کار پر مطمئن کریں، آرمی ایکٹ کا اطلاق صرف فوج پر ہوتا ہے، فوجی افسران کو بنیادی حقوق اور انصاف ملتا ہے یا نہیں ہم سب کو مدنظر رکھیں گے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بنچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی، بنچ میں جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس سید حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شاہد بلال حسن شامل ہیں، وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے دلائل دیئے۔ سماعت کے آغاز پر جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ ملٹری کورٹس میں ٹرائل کے طریقہ کار پر مطمئن کریں۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ جو آفیسر ٹرائل چلاتا ہے کورٹ میں وہ خود فیصلہ نہیں سناتا، ٹرائل چلانے والا افسر دوسرے بڑے افسر کو کیس بھیجتا ہے وہ فیصلہ سناتا ہے، جس آفیسر نے ٹرائل سنا ہی نہیں وہ کیسے فیصلہ دیتا ہوگا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ مجھے 34 سال اس شعبہ میں ہوگئے مگر پھر بھی خود کو مکمل نہیں سمجھتا، اس آرمی افسر کو اتنا تجربہ اور عبور ہوتا ہے کہ سزائے موت تک سنادی جاتی ہے۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ ملٹری ٹرائل کے طریقہ کار کو دلائل کے دوسرے حصے میں مکمل بیان کروں گا۔

بقیہ 8 قومی ایئرلائن

پرواز میں 323 مسافر سوار ہیں، یورپ کیلئے قومی ایئر لائن کا فلائٹ آپریشن ساڑھے 4 سال بعد بحال ہوا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا قومی ایئرلائن کے منافع بخش روٹس بند ہوگئے تھے، چاہیں گے قومی ایئرلائن کی نجکاری کی جائے، قومی ایئر لائن شناخت ہے جس سے محروم کردیئے گئے تھے،

بقیہ 9 سعدیہ عباسی

تمام اعلی عہدیداروں کیلئے ہونی چاہیے، سینٹ قائمہ کمیٹی کابینہ سیکرٹریٹ کا رانا محمود الحسن کی زیر صدارت اجلاس ہوا، سینیٹر افنان خان کی جانب سے متعارف کردہ سول سرونٹس ترمیمی بل 2024، پر غور کیا گیا، لیگی رہنما افنان اخان کی جانب سے بیوروکریسی کی دہری شہریت کی مخالفت کی گئی، سیکرٹری کابینہ کامران علی افضل نے کہا میں حکومت کی پالیسی کی نمائندگی نہیں کرسکتا،

بقیہ 10 عمران خان

اندر جانے سے روکا گیا، پیدل چل کر اندر والے گیٹ پر گئے، پہلے پوری فیملی کو اجازت ہوتی تھی انہوں نے بانی پی ٹی آئی تک رسائی محدود کررکھی ہے یہ ناروا ہے، ذاتی معالج کو بھی نہیں ملنے دیا جا رہا، بانی پی ٹی آئی چیزیں مانگتے ہیں تو یہ لوگ تنگ کرتے ہیں، بانی پی ٹی آئی نے کہا پاکستان اقوام متحدہ کا سگنیٹری ہے، تمام انٹرنیشنل اداروں کے پاس جائیں گے، 2 ماہ پہلے پیغام آیا تھا آپ کے اوپر آئی جے نزہد ویڈیو نکال دیں گے، بانی پی ٹی آئی نے کہا آپ اکیلے ہیں، میں نے کہا ہمارے پاس پورا پاکستان، سارا سوشل میڈیا اور تمام پاکستانی بھائی سب موجود ہیں، بانی پی ٹی آئی کے پاس کوئی عہدہ نہیں وہ اپنی پارٹی جیل سے چلا رہے ہیں، بانی پی ٹی آئی پاکستان کے لوگوں کی زبان ہیں وہ پاکستان کے لوگوں کی سوچ ہے، ہر چیز کا فیصلہ اڈیالہ جیل سے ہی ہوگا اور ابھی بھی ہو رہا ہے جب تک بانی پی ٹی آئی باہر نہیں آتے ہیں آپ کے سامنے ہیں، علیمہ خان نے کہا کہ جب عمران نے باہر آنا ہوا تو فجر کے وقت جیل کا دروازہ کھل جائے گا، پہلے دن سے عمران خان کہہ رہے ہیں سب کیسز سے بری ہو کر نکلوں گا اپنی بات پر قائم ہیں، القادر کیس ہائیکورٹ میں جائے گا تو ساری دنیا کو پتہ چلے گا کتنا بڑا مذاق ہے

بقیہ 11 قومی اسمبلی

مذاکراتی کمیٹی کی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات بھی متوقع ہے، ذرائع کے مطابق صدر مملکت آصف زرداری کی جانب سے سمن موصول ہونے کی صورت میں 13 جنوری کو اجلاس ہوگا، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق بھی نجی دورے سے پیر کے روز واپس لوٹیں گے، اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی کی ملاقات بھی اسپیکر قومی اسمبلی سے متوقع ہے، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق اور کمیٹی کی ملاقات میں مذاکراتی عمل دوبارہ شروع ہونے کا شیڈول طے ہوسکتا ہے۔

بقیہ 12 توشہ خانہ ٹو کیس

کرتے وارننگ جاری کردی، اڈیالہ جیل میں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت سپیشل جج سینٹرل شاہرخ ارجمند نے کی، بانی پی ٹی آئی عمران خان کو کمرہ عدالت میں پیش کیا گیا، بشریٰ، وکیل عدالت پیش نہیں ہوئے، استغاثہ کے گواہ احمد پر بانی پی ٹی آئی کے وکیل تو شیں ملتی نے جرح مکمل کی، بشریٰ کے وکیل ارشد تبریز کی غیر حاضری پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا وکیل آئندہ سماعت پر پیش نہ ہوئے تو حق جرح ختم کردیں گے

بقیہ 13 ڈپٹی چیئرمین

متعدد غیر مستقل ملازمین کی میرٹ پر مستقل تعیناتی کر دی گئی۔ متاثرہ ملازمین کے گزارش پر ڈپٹی چیرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے معاملہ سینٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن کے سپرد کیا تھا۔ 2 جنوری کو سینیٹر بشریٰ انجم بٹ کی صدارت میں سینٹ ایجوکیشن کمیٹی کی میٹنگ ہوئی۔ جہاں چیرمین ایچ ای سی ڈاکٹر مختار احمد، وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی ڈاکٹر ظہور احمد بازئی سمیت کمیٹی اراکین نے شرکت کی۔ کمیٹی اجلاس میں ڈپٹی چیرمین سینٹ نے خصوصی طور پر غیر مستقل ملازمین کا مسئلہ میرٹ پر حل کرنے پر زور دیا۔

بقیہ 14 عمرایوب

کی بریت درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کرلیا، سرگودھا کی انسداد دہشتگردی عدالت میں اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب، اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بھچر، عالیہ حمزہ اور صنم جاوید سمیت دیگر کیخلاف میانوالی میں درج 6 مقدمات کی سماعت ہوئی، مختلف علاقوں سے آئے 150 سے زائد ملزم عدالت پیش ہوئے۔

بقیہ 15 مشیر وزیراعظم

وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا نے کہا پارلیمانی جمہوری نظام میں ایک جماعت اقتدار میں اور ایک حزب اختلاف ہوتی ہے، پارلیمانی جمہوری نظام ڈائیلاگ سے ہی چل سکتا ہے، پہلے تو بیانیہ تھا آپ سے بات نہیں کریں گے، اسٹیبلشمنٹ کو آن بورڈ لے کر ہی مذاکرات میں کسی نتیجے پر پہنچیں گے، حکومت کے درمیان اسٹیبلشمنٹ کا آئینی رشتہ رہتا ہے وہ ان کا بھی تھا،

بقیہ 16 رانا ثناء

کے بانی چیئرمین عمران خان کے چہرے پر رانا ثنا کی وجہ سے نہ صرف مسکراہٹ آئی بلکہ انہوں نے لطف بھی اٹھایا، عمران خان کی بہن علیمہ خان نے بتایا بانی پی ٹی آئی کو اپا پیغام تم تک پہنچاتے ہیں، کوشش ہے ان کی کوئی بات مس نہ ہو، رانا ثنا کی پریس کانفرنس سن کر عمران خان مسکرائے انہیں بڑا مزہ آیا، رانا ثنا کو بتا میں تحریک انصاف سونا نہیں ہیرا ہے۔

بقیہ 17 نئی مانیٹری

کا اجلاس ہوگا، مائیکرو اور میکرو اشاریوں کا جائزہ لیا جائے گا، مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس 10 مارچ، 5 مئی، اور 16 جون کو بھی ہوں گے، تجزیہ کاروں کے مطابق، افراط زر 4.1 فیصد پر آنے کے بعد پالیسی ریٹ میں 2 سے 3 فیصد کمی کا امکان ہے۔

بقیہ 18 امریکہ

دیا جا رہا ہے، آگ سے نقصان کا ابتدائی تخمینہ 150 ارب ڈالر تک لگایا گیا، رپورٹ کے مطابق فائر حکام نے کہا 6 ہزار سے زائد گھر اور عمارتیں تباہ، 4 سے 5 ہزار مکانات کو نقصان پہنچا، آتشزدگی کے باعث انشورنس انڈسٹری کو تقریباً 8 ارب ڈالر سے زیادہ کا نقصان ہوا، امریکی میڈیا کے مطابق آگ لگنے کے واقعہ میں ہلاکتوں کی تعداد 10 ہوچکی، مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب صدر جو بائیڈن نے اعلان کیا لاس اینجلس میں آگ سے تباہی پر 6 ماہ تک 100 فیصد اخراجات اٹھائیں گے۔

بقیہ 19 ایل این جی

آر ایل این جی کی نئی قیمت مقرر کردی اور اوگرا نے نئی قیمتوں کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا، نوٹیفکیشن میں کہا گیا سوئی ناردرن کیلئے قیمت میں کمی سوئی سدرن کیلئے قیمت میں اضافہ ہوا سوئی ناردرن کیلئے آر ایل این جی کی قیمت 12.66 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو اور سوئی سدرن کیلئے آر ایل این جی کی قیمت 12.60 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کردی گئی۔

بقیہ 20 سٹاک ایکسچینج

نے گیس کی پیداوار شروع کرنے کا اعلان کردیا، پاکستان پیٹرولیم کی جانب سے کوٹری سے گیس پیداوار شروع کرنے کی اطلاع پاکستان سٹاک ایکسچینج کو ارسال کردہ خط میں دی گئی،

بقیہ 21 ترجمان حکومت

میں سکیورٹی فورسز سرچ آپریشن جاری' تفصیلات کے مطابق چمن ریلوے اسٹیشن کے قریب ریلوے پرائمری اسکول کے سامنے سکیورٹی فورسز کی گاڑی گزر رہی تھی کہ اچانک موٹر سائیکل میں نصب بم زوردار دھماکہ سے پھٹ پڑا دھماکے کے فوراً بعد ایف سی 'پولیس لیویز اور دیگر سکیورٹی اہلکاران موقع پر پہنچ کر علاقے کو محاصرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کیا پولیس ذرائع کے مطابق دھماکے میں سکیورٹی اہلکار محفوظ رہے سکیورٹی گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا جبکہ دھماکے سے تین راہگیر زخمی ہوئے جنہیں قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا دریں اثناء ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے چمن میں بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنائیں گے، دھماکہ بزدلانہ کارروائی ہے، حکومت عوام کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں، ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، ترجمان بلوچستان حکومت نے کہا کہ عوام مشکوک سرگرمیوں سے متعلق انتظامیہ کو آگاہ کرے، امن وامان کے قیام کے لئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں۔

بقیہ 22 چیئرمین پی ٹی آئی

ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا سلمان اکرم راجہ کو بانی پی ٹی آئی نے ہی سیکرٹری جنرل تعینات کیا، کس کو تعینات کرنا یا کس کو ہٹانا بانی پی ٹی آئی کو ہی طے کرنا ہے، پہلے بھی ایسی تعیناتیاں ہوتی رہی ہیں، شیر افضل مروت کی جانب سے سلمان اکرم راجہ پر پارٹی قوانین کی خلاف ورزی کے الزام پر بیرسٹر گوہر نے کہا پارٹی کا آئین ہی بانی پی ٹی آئی ہیں تو یہ پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے، حکومتی کمیٹی کیساتھ تیسری میٹنگ کریں گے اور لکھ کر نکات حکومت کے سامنے رکھیں گے۔

بقیہ 23 پشاور ہائیکورٹ

اور زبردستی ملک بدری کیخلاف دائر درخواست پر سماعت کے دوران عدالت نے افغان موسیقاروں کو زبردستی افغان واپس بھیجنے سے روک دیا، پشاور ہائیکورٹ نے گزشتہ سماعت کا 2 صفحات پر مشتمل مختصر فیصلہ جاری کردیا، فیصلے کے مطابق وفاقی حکومت خود یا متعلقہ افسر افغان موسیقاروں کی پناہ درخواستوں پر 2 ماہ میں فیصلہ کریں، 2 ماہ تک افغان موسیقاروں کو زبردستی واپس نہ بھیجا جائے،

بقیہ 24 جرم برقرار

ہش منی کیس میں غیر مشروط رہائی مل گئی تاہم عدالت نے جرم برقرار رکھا، امریکی میڈیا کے مطابق نومنتخب امریکی صدر کو ہش منی کیس میں عدالت سے غیر مشروط رہائی مل گئی، ڈونلڈ ٹرمپ کو جیل جانا پڑے گا اور نہ ہی کوئی جرمانہ ادا کرنا پڑے گا، عدالت نے فیصلہ دیتے ہوئے پیسے دیکر چھپانے کا جرم ٹرمپ کے ریکارڈ میں شامل کرنے کا حکم دیدیا،

بقیہ 25 انتخابی نتائج

کر دیئے، الیکشن کمیشن میں پی بی 45 کے 15 انتخابی نتائج کیخلاف جے یو آئی کی درخواست پر سماعت ممبر پنجاب بابر بھروانہ اور ممبر کے پی کے اکرام خان نے کی، کامران مرتضی الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے، انہوں نے پی بی 45 کے پورے حلقہ کا ریکارڈ طلب کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا الیکشن کمیشن نے فارم 48,49 مرتب کیے بغیر نتائج کا اعلان کردیا، اصل فارم 45 میں جے یو آئی کے امیدوار میر عثمان پرکانی نے 4503 ووٹ لیے، پیپلز پارٹی کے کامیاب قرار دینے والے امیدوار کو صرف 740 ووٹ پڑے، کامیاب امیدوار کا فارم 47 فارم 45 سے مطابقت نہیں رکھتا، الیکشن کمیشن نے پیپلز پارٹی کے کامیاب امیدوار علی مدد سمیت فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت 16 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ 26 محسن نقوی

اسلام ف کے سربراہ فضل الرحمن سے ملاقات کی محسن نقوی ملاقات کیلئے رہائش گاہ پہنچے اور خیریت دریافت کی صحت کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، ملک کی مجموعی صورتحال، خیبرپختونخوا خصوصاً کرم میں قیام امن کیلئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، محسن نقوی، فضل الرحمن نے امدادی اشیا کے قافلوں کی پاراچنار آمد پر اطمینان کا اظہار کیا، وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کرم میں قیام امن کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا، بعض عناصر نے جان بوجھ کر کرم ایشو کو غلط رنگ دیا، صورتحال کی بہتری کیلئے گرینڈ جرگے کی مخلصانہ کاوشوں کو سراہتے ہیں، فضل الرحمن سے دیرینہ نیازمندی ہے، پاکستان کی سیاست میں سربراہ جے یو آئی ف کا مثبت کردار قابل تعریف ہے۔

بقیہ 27 ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

گوادر کی جانب سے گوادر میں جاری دھرنا سے اپنے خطاب کے دوران کیا ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا گوادر ڈیپ سی پورٹ جنگی مقاصد کیلئے بنایا گیا جس کا اظہار گذشتہ دنوں ہونے والے اجلاس میں بھی کیا گیا اور ایک بات واضح ہے کہ گوادر کے نیو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کوئی کارگو جہاز نہیں آئیگا بلکہ یہ صرف فضائی جنگی جہازوں کیلئے استعمال کیا جائے گا انہوں نے کہا اس لئے گوادر پورٹ اور نیو ایئرپورٹ پر مقامی لوگوں کو ملازمت نہیں دی گئی، پہلے امریکہ اور یورپ میں سیاہ فاموں کو ووٹ دینے کا حق نہیں تھا مگر اب بلوچستان میں بلوچ عوام سے ووٹ دینے کا حق چھینا گیا ہے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ کوئٹہ کے حلقہ انتخابات میں نیشنل پارٹی، بی این پی سمیت جمہوری اور قوم پرستوں نے جے یو آئی کے امیدوار کی حمایت کی مگر 18 سو ووٹ لینے والے کو ہرایا گیا اور 170 ووٹ لینے والے کو کامیاب قرار دیا گیا انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ اسمبلی اربوں روپے میں فروخت ہوچکی ہے جو جمہوریت کے روح کیلئے باعث شرم ہے اور اسٹیبلشمنٹ اور اس کے اشرافیہ طبقے کو بلوچوں سے کوئی سروکار نہیں انہیں صرف بلوچستان کی سرزمین چاہئیں اور یہی طبقہ بلوچستان کے ساحل اور وسائل کو لوٹ رہا ہے

بقیہ 28 وفاقی وزیر

حلقہ انتخاب میں زیر تعمیر منصوبوں خصوصاً ہرنائی کوئٹہ اور ہرنائی سنجاوی روڈ پر تفصیلی بات چیت کی وفاقی وزیر نے ہر ممکن یقین دہانی کرائی گئی۔

بقیہ 29 وفاقی حکومت

مسلسل پامالی کررہی ہے اور صوبے میں جاری بے روزگاری، غربت اور بدترین ترقی کے بحران کو نظرانداز کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد صرف اپنی سیاست اور مفادات کو بچانا ہے

بقیہ 30 شریف پالاری

مقتولین کی نعشوں کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا مقتولین پی پی پی حب کے جنرل سیکرٹری شریف پالاری کے کزن بتائے جا رہے ہیں واقعہ سے متعلق مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 31 کوشلک

کے علاقے کوشلک کے مقام پر ایرانی تیل بردار کار کی ٹکر سے دونوں دوست شدید زخمی ہوگئے ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا زخمیوں کو کوئٹہ ہسپتال پہنچا دیے گئے جہاں محمد انور نامی نوجوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے جبکہ حافظ عزیر مشوانی جمعہ کو اپنے خالق حقیقی سے جاملیں حافظ عزیر مشوانی جمعیت علمائے اسلام پشین یوتھ کے صدر حافظ رحمان۔ گل مشوانی کے صاحبزادے تھے جنکی تدفین تحصیل ہیکلزئی کے مقامی قبرستان میں کردی گئی نماز جنازے میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد شریک تھی مزید تفتیش کوشلک لیویز کررہی ہے۔

بقیہ 32 عوام

کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں، انشاء اللہ انتخابات میں وہ جیت انکی ہوگی ہمیں ان پر فخر ہے، اس موقع پر سردارزادہ میر جان لانگو نے کہا کہ وہ اپنے قائد مولانا فضل الرحمان کے مشکور ہیں کہ انہوں نے ان پر اعتماد کا اظہار کیا اور انہیں پارٹی ٹکٹ جاری کیا انشاء اللہ عوام اور پارٹی کی امیدوں پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔

بقیہ 33 افراد

حالات اس قدر ابتر ہو چکے ہیں کہ عارضی کیمپوں میں قائم کئے جانے والے واحد سکول بھی بند ہو چکے ہیں یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ یہ اساتذہ ابھی تک اقوام متحدہ کے اس انتباہ کو سچ ہونے سے روکنے کیلئے پرعزم ہیں جس میں خبردار کیا گیا تھا کہ یہ طلبہ کی "گمشدہ نسل" بن سکتی ہے۔ فلسطینی اپنے بچوں کی زندگیوں تعلیم اور صحت کیلئے فکرمند ہیں اسرائیلی خوفناک حملوں کی وجہ سے فلسطینی بچوں کے چہروں پر خوف وہراس کے اثرات واضح طور پر دیکھے جا سکتے ہیں لیکن بچوں کے والدین اور اساتذہ ان بچوں کے چہروں کی کھوئی ہوئی رونقوں کو واپس لانے کے لئے پرعزم ہیں۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے مزید کہا کہ فلسطین پر ہونے والے اسرائیلی حملے غزہ کے تعلیمی نظام کو نصف صدی پیچھے دھکیل دیں گے غزہ میں تعلیم کے حصول کا بنیادی ڈھانچہ تباہ ہو چکا ہے غزہ پر سفاکانہ اسرائیلی حملوں میں کم از کم 352 سکول مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں جس سے بہت سی باقی ماندہ عمارتیں ہے جبکہ گھر افراد کی پناہ گاہوں میں تبدیل ہو چکی ہیں جہاں ہر وقت موت کے سائے منڈلاتے رہتے ہیں جہاں عالمی برادری نے مجرمانہ خاموشی اختیار کرلی ہے فلسطین پر اسرائیلی حملوں کے حوالے سے مسلمان ممالک کے حکمران بے بسی، بے حمیتی اور بے شرمی کی تصویر بنے ہوئے ہیں فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کے حوالے سے مسلمان ممالک کے حکمرانوں کا رویہ منافقانہ ہے۔

بقیہ 34 بلوچستان

دہشت گرد تنظیم کی جانب سے تخریب کاری اور عوامی و نجی املاک کو نقصان پہنچانے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ عمل دہشتگردی کے خلاف جنگ میں حکومت کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتی دہشت گردی کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا حکومت بلوچستان ایسے عناصر کے خلاف سخت اقدامات کرے گی اور عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی فوری اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہماری فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے تخریب کاروں کے عزائم کو ناکام بنایا ہم ایسے تمام اقدامات کریں گے جو بلوچستان میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے ضروری ہیں انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ متحد رہیں اور ریاستی اداروں کے ساتھ تعاون کریں

بقیہ 35 تیز رفتاری

محمد انور ولد حاجی محمد ابراہیم قوم نحتوانی کے نام سے ہوئی عینی شاہدین کے مطابق حادثہ کنٹینر ڈرائیور کی تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، لاش اور زخمیوں کو مقامی ہسپتال منتقل کرنے کے بعد ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ 36 مسافر زخمی

۔جس سے ملکی معیشت کو سالانہ اربوں روپے کا نقصان ہورہا ہے تفصیلات کے مطابق 08 جنوری 2025 کو کوئٹہ سے کراچی جانے والی مسافر کوچ کا زیرو پوائنٹ اوتھل کے قریب ٹرک سے تصادم ہوا۔ جس کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ 14 مسافر زخمی ہوئے تھے۔ حادثے کا شکار کوچ کی جب SHO اوتھل یار محمد کمانڈو نے تلاشی لی تو ہوشربا انکشافات سامنے آئے۔ مسافر کوچ میں کمال ہوشیاری سے بنائے گئے خفیہ خانوں سے کروڑوں روپے کا اسمگل شدہ سامان برآمد کرلیا گیا۔

بقیہ 37 خواتین

پولیس نفری کے ہمراہ ریلوے کالونی سی اوسنہ محمد میں قائم الطاف عرف پمی کے فحاشی کے اڈے پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے رنگ رلیاں مناتے ہوئے تین خواتین سمیت چھ افراد کو گرفتار کر لیا مقامی پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی۔

بقیہ 38 حکومتی دعووں

مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں مہنگائی بڑھنے کی شرح سالانہ بنیادوں پر 1.90 فیصد پر آ گئی، 18 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ایک ہفتے میں 10 اشیا کی قیمتوں میں کمی، 23 کے نرخ مستحکم رہے۔

بقیہ 39 حکومت

یہ گھناؤنا عمل امن، انسانیت اور معاشرتی اقدار پر حملے کے مترادف ہے میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ ایسے واقعات کا مقصد ہمارے صوبے اور روایات کو غیر مستحکم کرنا ہے لیکن دہشت گرد اپنے عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے حکومت بلوچستان دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے اور انصاف کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے بلوچستان کے عوام اور حکومت متحد ہوکر ان چیلنجز کا مقابلہ کریں گے اور ایک پرامن اور خوشحال بلوچستان کی تعمیر کا عمل جاری رکھیں گے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اور حکومت ایک پیج پر اور کسی بھی قسم کے منفی عناصر کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ 40 طلباء

سوچ اور شہری ذمہ داری کو فروغ دیتی ہیں جو کسی بھی جمہوری معاشرت کا اہم جزء ہے انہوں نے یاد دلایا کہ 20 دسمبر 2019 کو انہوں نے بلوچستان اسمبلی میں ایک قرارداد پیش کی جس میں طلبا یونینز پر عائد پابندی فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا ثناء بلوچ نے مزید کہا کہ بلوچستان اسمبلی نے طلباء کی جمہوری سرگرمیوں کی اہمیت کو تسلیم کیا لیکن اب وقت آگیا ہے کہ طلباء کو خاموش کرنے کے بجائے انہیں بااختیار بنایا جائے انہوں نے کہا کہ ہماری جمہوریت کا مستقبل طلباء کی آزادی اور شمولیت پر منحصر ہے۔

بقیہ 41 لوئر کرم

ہیں اور ڈرائیور پاراچنار جانے کے منتظر ہیں، ضلعی انتظامیہ کے مطابق مندوری دھرنا مظاہرین کے ساتھ وقتاً فوقتاً مذاکرات جاری ہیں، مذاکرات کامیاب ہوتے ہی کرم کیلئے اشیائے خورونوش کا دوسرا قافلہ روانہ کریں گے۔

بقیہ 42 جان محمد روڈ

اور عام ٹریفک مشکلات سے دوچار ہورہے ہیں انتظامیہ کی توجہ نہ ہونے کی وجہ سے ڈیری فارم کا مسئلہ بار بار عوام کی شکایات کا سبب بنا ہوا ہے۔ اور ڈیر فارم کی وجہ سے سیوریج نظام بند ہونے سے علاقے کو کیچڑ سے مشکلات درپیش ہے ڈیرہ فارم والوں کا انتظامیہ کے ساتھ گٹھ جوڑ کی وجہ سے پشت پناہی حاصل کرلی ہے انتظامیہ کو عوام کی ازیت سے کوئی سروکار نہیں ڈیر فارم ہونے کی وجہ سے پیدل چلنے والوں کو بے حد مشکلات درپیش ہیں جگہ جگہ گندگی کے انبار لگے ہوئے ہیں صحت وصفائی و دیگر مسائل کے لئے جامع منصوبہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ ڈیریوں کی گوبر کی بھرمار اور نالیاں بند ہونے کے باعث گندا پانی سڑکوں پر بہنے سے بڑے پیمانے پر بیماریوں میں اضافے کا خدشہ ہے

بقیہ 43 پشتون آباد

جبکہ دوسری کارروائی میں گزشتہ شب پشتون آباد میں دکانوں اور زمین پر قبضہ کرنے والے لینڈ مافیا کے خلاف کارروائی کی تاہم لینڈ مافیا کا سرغنہ اپنے ساتھیوں سمیت پولیس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگیا جس کی گرفتاری کیلئے پولیس چھاپے مار رہی ہے۔

بقیہ 44 وزیراعظم

نے کہا ایشیائی ترقیاتی بینک کی تازہ رپورٹ پاکستان کیلئے مثبت اشارے دے رہی ہے، شرح نمو 3 فیصد رہنے کی پیشگوئی اور مہنگائی کی شرح میں کمی ترقی کی نوید ہے، پالیسیوں کے موثر نفاذ نے معاشی بحالی میں اہم کردار ادا کیا، قانون وانصاف کی مضبوط بنیادیں رکھنے کیلئے معیشت کا استحکام کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ 45 سٹیٹ بینک

آپریشنز کیلئے محفوظ نیٹ ورک کنکشن کی ضرورت ہوتی ہے جسے یقینی بنانے کیلئے وی پی این کا استعمال ضروری ہے، تمام کمپنیز کو وی پی این کے استعمال میں دیئے گئے قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کرنا ہوگی تاکہ نیٹ ورک سکیورٹی اور ڈیٹا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 46 ظہور احمد بلیدی

کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو اولین ترجیح حاصل ہے تاکہ بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو صوبے اور ملک کی خدمت کا موقع مل سکے ضلع کیچ سمیت تمام اضلاع میں محکمہ تعلیم میں حالیہ کنٹریکٹ تعیناتیوں میں میرٹ کی پامالی کرنے والے افسران کے خلاف قانون کے مطابق ضروری تادیبی کارروائی کی جائے گی متاثرہ امیدوار اپنے استدعا متعلقہ فورم میں لے جائیں وہاں ان کو انصاف ضرور ملے گا ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ترجیحی بنیادوں پر صوبائی یونیورسٹیوں کا بجٹ 500 ملین روپے سے بڑھا کر 5000 ملین روپے کر دیا تاکہ صوبے کے نوجوانوں کو معیاری تعلیم کی سہولیات میسر ہوں۔

بقیہ 47 سندھ

ارسا کی جانب سے اور نام نہاد پارلیمنٹ کے اندر بھی قانون سازی سندھ کے عوام کے ساتھ زیادتی ہے، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ دریائے سندھ سے کینال نکالنے کے خلاف سندھ کی قوم پرست پارٹیوں اور وکلاء کی جانب سے جاری تحریک واحتجاج کی بلوچستان بار کونسل مکمل حمایت اور یکجہتی کا اظہار کرتی ہے ان کا کہنا ہے کہ بلوچستان اور سندھ کے عوام کو اپنے ساحل و وسائل سے محروم رکھا جارہا ہے، جو عالمی قوانین اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ راحب خان بلیدی اور امان اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ یہ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام قوم دوست قوتیں، وکلاء، ملک کے لئے جدوجہد کریں۔ 26 ویں آئینی ترمیم سے بھی محکوم قومیں متاثر ہوئی ہیں، عدالتوں میں ججز میرٹ کی بجائے سیاسی پارٹیوں اور خفیہ اداروں کی ایما پر تعینات ہورہے ہیں ان کا کہنا ہے کہ ملک اور عوام دشمن منصوبے اور پالیسیاں ترک کی جائیں اور ملک کے وکلا سمیت باشعور لوگ 26 ویں آئینی ترمیم سمیت دریائے سندھ سے کینال نکالنے کے خلاف اپنی جدوجہد تیز کریں۔

بقیہ 48 لاس اینجلس

سمیت کئی فنکاروں کے کروڑوں ڈالرز کے مکانات آگ کی لپیٹ میں آکر مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئے، فائر فائٹرز پانی کی کمی و دیگر مشکلات کے باوجود آگ بجھانے کی کوششوں میں مصروف ہیں، ڈیڑھ لاکھ افراد نقل مکانی پر مجبور ہوگئے، انشورنس انڈسٹری کو 8 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان پہنچا، دوسری جانب آتشزدگی کے باعث خالی گھروں میں ڈکیتوں نے لوٹ مار شروع کردی، پولیس نے 20 ملزموں کو گرفتار کرلیا، حکام نے کہا آگ پر قابو نہ پایا گیا تو قدرتی سانحات میں امریکی تاریخ کا بدترین واقعہ بن جائیگا۔

بقیہ 49 پاکستان

سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کوئٹہ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے گروپ چیئرمین ولی محمد، پاک ایران چیمبر کے صدر حاجی رفو گل، سینئر نائب صدر کوئٹہ سمال چیمبر تاج محمد بزنجو، حاجی نعیم الرحمن، عطاء اللہ مینگل، عبدالباقی کاکڑ، شیخ عطا اللہ، شیر علی ہنگلزئی، دوست محمد آغا، ابراہیم یوسفزئی، ڈاکٹر فرحت حسین، حضرت عمر اچکزئی، محمد اختر درانی، فیض اللہ نورزئی، سید عرفان آغا، نادر علی ہزارہ، حاجی صوفی عبدالاحد، نادر خان اچکزئی، ثناء اللہ اچکزئی و دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر ڈاکٹر عبدالحنان ہمت کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے تجارتی حجم میں اس طرح اضافہ نہیں ہو پارہا جس طرح ہونا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم کابل کے اعلی حکام کے کہنے پر بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کو افغانستان میں گیس، تیل، بجلی، کوکنگ، ڈیمز بنانے، سیمنٹ سازی، چینی اور کپڑا سازی اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دینے آئے ہیں انہوں نے کہا کہ افغانستان میں اس سال ڈیڑھ لاکھ ٹن کپاس کی کاشت حاصل ہوئی ہے جسے سے کپڑا اور دیگر مصنوعات بنانے میں استعمال کیا جاسکتا ہے

بقیہ 50 لکی مروت

ہوٹل میں جائیداد کے تنازع پر جرگے کے دوران فریقین نے ایک دوسرے پر فائرنگ کردی، 4 افراد جاں بحق، 5 افراد زخمی ہوگئے، پولیس اور ریسکیو افراد نے لاشوں، زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال سرائے نورنگ منتقل کردیا گیا، اطلاعات کے مطابق جرگے میں شریک افراد کا تعلق وزیرستان سے بتایا جاتا ہے، پولیس نے تفتیش شروع کردی۔

بقیہ 51 پنجاب

پریس کانفرنس میں پی ٹی آئی کے سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا یہ لوگ جھوٹ بولنے کے ماہر ہیں، مریم نواز نے کہا معیشت صحیح سمت میں ڈال دی، پنجاب اور یہاں کی معیشت کا موازنہ کرانا چاہتے ہیں، ہمارے وقت میں غربت کی شرح 12 فیصد اور ان کے وقت میں 13 فیصد تھی، پی آئی اے سمیت سارے ادارے خسارے میں جا رہے ہیں، پی ٹی آئی کے سیکرٹری اطلاعات نے کہا قوم کے اداروں کو انہوں نے اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں کیا، بنیادی صحت یونٹس مریم نے اپنے نام سے منسوب کردیئے، کالج اور یونیورسٹی سب اپنے خاندان سے منسوب کررہے ہیں، 103 بیماریوں کا علاج صحت کارڈ سے کے پی میں ہورہا ہے، مریم نواز نے ہر بیماری کا علیحدہ علیحدہ کارڈ شروع کردیا۔

بقیہ 52 بلوچستان

کا سلسلہ جاری ہے آئے روز نوجوان لاپتہ ہورہے ہیں مسخ شدہ لاشیں گرنے کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث مسلح مزاحمت اور اپریشن دونوں میں تیزی آئی ہے نیشنل پارٹی کا روزاول سے موقف رہا ہے بلوچستان مسئلہ سیاسی مسئلہ ہے جسے طاقت کے زریعے حل کرنا ناممکن ہے، پارٹی ترجمان نے کہا ہے کہ پارٹی خیر جان بلوچ کے ویڈیو بیان سے متفق نہیں اور پارٹی کے ذمہ دار ادارے میں پارٹی اس پر بحث کریگی۔

بقیہ 53 وزیراعلی

میں زبردستی مردوں نے سامان اٹھانا شروع کیا جس میں۔ جن۔ خواتین کو ٹوکن مل۔ چکا تھا ان کو بھی سامان نہیں ملا بعد میں سوشل میڈیا پر ٹرینڈ چلایا گیا اور غلط رنگ دیا گیا خیر ہمارا مقصود نیک کام۔ کرنا تھا کسی کے بولنے سے کچھ نہیں۔ ہوتا میڈم فرخ عظیم جن خواتین کو سامان نہیں ملا۔ ان۔ کو۔ اج سریاب میں سامان تقسیم کرویا جن۔ کا شکریہ خواتین نے ادا کیا محترمہ فرخ عظیم نے وزیر اعلی بلوچستان۔ کا پی ڈی۔ ایم۔ اے کا خصوصی شکریہ ادا کی جنوں مکمل۔ تعاون کیا

بقیہ 54 بلوچستان

ذخیرہ کیا ہے جس سے اربوں روپے کی گندم خراب ہونے کا خدشہ ہے' یہ بات انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا عبدالواحد لانگو نے کہا کہ بلوچستان کے گوداموں میں موجود گندم کے ذخائر نئی فصل اترنے سے قبل فروخت کیا جائے کیونکہ گزشتہ روز خیبر پختونخوا میں بھی اربوں روپے کی گندم خراب ہونے کا انکشاف ہے اسی طرح بلوچستان میں بھی گزشتہ دو سالوں سے گداموں میں پڑے اربوں روپے کی گندم خراب ہونے کا خدشہ ہے صوبائی حکومت ہر سال فلور ملز اور عوام کی مفادات کی بجائے اپنے مفادات کو ترجیح دے رہے ہیں پچھلے سال لاکھوں ٹن گندم خراب کرنے کی ویڈیوز منظر عام پر آگئی جس سے معلوم ہوا کہ حکومت اور سرکاری آفیسران گندم کی نیلامی کی بجائے ملی بھگت سے ہی فروخت کرینگے ہم فلور ملز ایک بار پھر حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ جلدز اجلاس طلب کر کے گندم کی نیلامی کو یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ بلوچستان فلور ملز صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ گزشتہ دو سالوں سے گداموں میں پڑے گندم کی لیبارٹری کیا جائے کہ کتنی گندم ٹھیک اور کتنی خراب ہے ٹھیک گندم کو سستے داموں فروخت کیا جائے ہم عوامی وسائل کا ضیاع قطعی برداشت نہیں کرینگے۔

بقیہ 55 فرنگی سامراج

طلباء کو نہ صرف علمی بلکہ اخلاقی و روحانی تربیت بھی دی جاتی ہے مدارس سے فارغ التحصیل طلباء کی خوبی یہ ہے کہ وہ معاشرتی، اخلاقی، اور دینی اقدار پر پورا اترتے ہیں ان کی تعلیم وتربیت انہیں ایک بہترین انسان بنادیتی ہے جو معاشرتی مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے کہا جمعیت علماء اسلام (JUI) نے ہمیشہ مدارس دینیہ کے استحکام اور ان کے حقوق کی حمایت کیلئے آواز بلند کی ہے یہ جماعت مدارس کے ساتھ ہر مشکل وقت میں بھرپور کھڑی رہی ہے اور ان کے تحفظ کیلئے صف اول میں شامل رہی ہے جمعیت علماء اسلام کا سخت موقف ہے کہ مدارس دینیہ اسلامی تہذیب وتمدن کی حفاظت کے قلعے ہیں اور ان کی حفاظت اسلامی معاشرے کی بقاء کیلئے ضروری ہے

بقیہ 56 علمائے حق

کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس سے جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، سابق وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود و دیگر مرکزی صوبائی اور ضلعی رہنماؤں سمیت مقامی علما کرام نے بھی خطاب کیا۔ مولانا حافظ محمد اللہ کا کہنا تھا کہ جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما مولانا حافظ محمد اللہ نے کہا ہے کہ باطل قوتوں کے مزموم عزائم کے سامنے ہمیشہ علمائے حق ہی سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنے ہیں

بقیہ 57 گورنمنٹ ٹیکس

کردی گئی آڈٹ رپورٹ کے مطابق 2017ء سے 2022ء کے دوران ضرورت کے برعکس کتابوں کی مشکوک پرنٹنگ سے قومی خزانے کو 11 کروڑ 64 کروڑ کا نقصان پہنچایا گیا کاغذ اور دیگر پرنٹنگ میٹریل کی خریداری میں تقریباً 53 کروڑ 80 لاکھ روپے جبکہ وینڈرز کو غیر ضروری رعایت دینے سے 23 کروڑ 85 لاکھ کی بے قاعدگی سامنے آئی ہے

بقیہ 58 جمعیت علماء اسلام

کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہے اور ان کے بغیر کوئی قوم ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتی جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق نے مزید کہا کہ مدارس اسلامیہ معاشرے کی تعمیر اور اخلاقی تربیت کا گہوارہ ہیں، جہاں طلبہ کو علم وعمل کا پیغام دیا جاتا ہے۔ انہوں نے تمام علما کرام اور والدین سے اپیل کی کہ وہ معاشرتی انصاف کے قیام کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے حکومت اور مقتدرہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انصاف کے نظام کو مضبوط بنایا جائے اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو اور عوام کے دلوں میں امن و امان، انصاف کا احساس پیدا ہو ورنہ ملک کے عدم استحکام کی تمام تر ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی انہوں نے کہا جمعیت علماء اسلام اور مدارس دینیہ وطن عزیز پاکستان کی بقاء اور سلامتی کیلئے کوشاں ہے

بقیہ 59 عائلی قوانین

واحساس دردمندی تشکیل دینے کے بجائے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنادی گئی ہے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ایران و افغانستان کے ساتھ درست معاملات زندگی کی نشاندہی قبائلی وسرحدی علاقوں میں رہنے والے لاکھوں انسانوں کی زندگانی میں بنیادی حقوق میں شامل ہیں جنہیں غصب کرتے ہوئے سیکورٹی اداروں نے من مانی تشریح کی جو عالمی قوانین وضوابط اور ملکی معیارات کے ساتھ ساتھ انسانی نفسیات کے برعکس رویوں کی مجموعی بصیرت واحساس دردمندی کا ادراک نہیں اس لئے صوبے بھر میں غربت وسماجی شعور کی ناکافی صورت حال کا سامنا ہے

بقیہ 60 ایمنسٹی انٹرنیشنل

وزیر دفاع یوآف گیلانٹ یواف کے خلاف جنگی جرائم پر وارنٹ گرفتاری جاری کرنے پر پابندیاں عائد کرنے کا بل منظور کرلیا

بقیہ 61 نیشنل عوامی پارٹی

تمام ملی اکابرین کی وارث پارٹی کی حیثیت سے ان کی تاریخی جدوجہد اور تاریخی کردار کو یاد اور ہمیشہ تازہ کرتے ہوئے ان کے متعین کردہ قومی اہداف کے حصول کی جدوجہد میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی، وہ ارواح شاد عبدالرزاق خان دوتانی کی 37 ویں برسی کے جلسے سے خطاب کررہے تھے۔ رضا محمد رضا نے کہا کہ ارواح شاد عبدالرزاق خان دوتانی کی طالب علمی کا زمانہ تھا کہ ملک پر آمریت مسلط تھی اور ملک کے اقوام وعوام کے سیاسی، جمہوری اور ترقی پسند رہنماں کی قیادت میں نیشنل عوامی پارٹی کا قیام عمل میں آیا

بقیہ 62 پی پی

پر سماعت کی، کامیاب ن لیگی امیدوار میاں ذیشان رفیق کی جانب سے عمران چدھڑ ایڈووکیٹ پیش ہوئے، الیکشن ٹریبونل نے محفوظ کیا گیا فیصلہ سنایا۔

بقیہ 63 سبی لہڑی

ہے سبی لہڑی اتحاد کی جڑیں حلقہ عوام میں دن بدن مضبوط ہورہی ہے سبی لہڑی کے عوام کو درپیش مسائل کا تدارک یقینی بناتے ہوئے ترقی وخوشحالی کے دروازے کھول دیں گے تعلیمی معیار کی بہتری اور صحت کی سہولیات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کارکناں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سبی سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی، سبی لہڑی اتحاد کے قبائلی رہنما میر اللہ داد جتوئی، منیر احمد مسوری بگٹی، شاہ رخ خان سیلاچی سمیت پیپلز پارٹی وسبی لہڑی اتحاد کے کارکناں بھی موجود تھے چیف آف ڈومکی تمندار اقوام ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ناقابل شکست سیاسی پارٹی ہے جس کو کوئی ہرا نہیں سکتا پارٹی نے دن رات عوام کی مشکلات کا دور کرنے کیلئے انتھک جدوجہد کی اور جمہوریت اور عوام کی خاطر جام شہادت نوش کرنے والے قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید جمہوریت بے نظیر بھٹو کی جدوجہد کسی سے پوشیدہ نہیں پارٹی قائدین سمیت سینکڑوں کی تعداد میں کارکناں نے اپنے لہو کے چراغ روشن کرکے شہادت کا رتبہ پایا آج ان شہداء کی بدولت ترقی یافتہ ایٹمی پاکستان دنیا کے نقشہ پر پوری طاقت سے نمایاں ہے جو ناقابل تسخیر پارٹی بن چکی ہے بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بنتے ہوئے عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت ہونے کے ناطے ہر فورم پر عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لئے سرگرمی سے پرامن جدوجہد میں مصروف ہے تمندار اقوام ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے مزید کہا کہ سبی لہڑی اتحاد حلقہ انتخاب کے عوام کے دلوں میں اپنی نمایاں جگہ بنانے میں کامیاب ہوچکے ہیں

بقیہ 64 طلبا تنظیموں

کا طلباء ونگ مسلم ایس ایف تھا۔ تمام دنیا میں طلباء یونینز موجود ہیں اور تعلیمی نصاب کے سیاست کی پڑھائی اور تربیت کے ادارے بنائے گئے ہیں تاکہ سیاست کی دنیا میں عالم انسانیت کی سیاسی سوجھ بوجھ کو مکمل فروغ حاصل ہو لیکن ہمارے بدقسمت ملک اور صوبے میں عوام مخالف حکومت اکحکومتیں سیاست دشمنی کی راہ پر گامزن ہیں اور وہ دن دور نہیں کہ نام نہاد حکومتیں نصاب تعلیم سے شعبہ سیاست کا مکمل خاتمہ کے اعلان سے نہیں ہچکچائیں گے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عوام دشمنی میں فارم 47 کی حکومتیں معاشرتی منفی اقدار کو معاشرتی مثبت اقدار بناتے ہوئے برملا دیدہ دلیری سے رشوت، کرپشن، جھوٹ، فریب، دھوکہ دہی اور لوٹ مار کو آئینی اور قانونی حق سمجھتے ہیں اور انسداد رشوت خوری، کرپشن، لوٹ مار کی روک تھام کے ادارے فارم 47 کے لوٹ مار پر خاموش تماشائی بیٹھے ہیں۔ دوسری جانب آئین، قانون اور جمہوریت کی مسلسل پامالی جاری ہے۔

بقیہ 65 ایف آئی اے

عامر فاروق نے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کرلیا، ہائی کورٹ نے پولیس اور ایف آئی اے کو خدیجہ شاہ کو ہراساں کرنے سے روک دیا، دوران سماعت درخواست گزار خدیجہ شاہ کی جانب سے وکیل آمنہ علی عدالت پیش ہوئیں اور موقف اختیار کیا درخواست گزار کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کی جائے، مقدمات کی تفصیلات تک پولیس کو درخواست گزار فیملی کو ہراساں کرنے سے روکا جائے، بعد ازاں عدالت نے سماعت آئندہ ہفتے تک کیلئے ملتوی کردی۔

بقیہ 66 انٹرنیٹ

فیس بک اور انسٹاگرام میں کچھ صارفین کو سست روی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے

بقیہ 67 کوئٹہ

جس سے لوگوں کا معیار زندگی بہتر ہوا، معیاری صحت اور تعلیم کے ذرائع بڑھ جائے، چائے پر گپ شپ اور قوالی فن کے مظاہروں سے کرکٹ کھیلنے تک سب پرلطف اور تفریحی تجربات رہے۔

بقیہ 68 پاکستان

زیر سمندر کیبل نیٹ ورک پر مشتمل ہے، منصوبہ 33 ممالک میں 46 لینڈنگ سٹیشنز کو جوڑتا ہے، پاکستان میں Africa 2 Cable Project لینڈنگ مقام ہاکس بے، کیماڑی ٹاؤن کراچی میں ہوگی

بقیہ 69 سیاسی پارٹیوں

کے تمام ادارے مفلوج ہیں، لوگ اپنے مفاد میں انہیں استعمال کررہے ہیں، سلیکٹ الیکشن میں باہر سے لوگ لاکر ایڈجسٹ کئے گئے، بلوچستان کا مسئلہ طبقاتی نہیں قومی ہے اس کو غلط تعبیر کرکے صوبے کے لوگوں کو آپس میں دست وگریباں کیا گیا ہے، جمہوری پارلیمانی نظام سے ہی مسائل کا حل ممکن ہے، جہاں لوگ اجتماعی طور پر اپنے معاملات پر بات کرکے ان کا حل تلاش اور قانون سازی کے ذریعے معاملات کو حل کریں، حقیقی سیاسی عمل اور پارلیمانی سیاست کے ذریعے کرپٹ لوگوں کا راستہ روک کر صوبے کے مسائل اور بحرانوں میں کمی لائی جاسکتی ہے، انتخابات کا مقصد سابق نمائندے کا احتساب اور نئے کا انتخاب کرنا ہوتا ہے مگر یہاں کنٹرولڈ اور انجینئرڈ انتخابات کرائے جاتے ہیں جس کے نتیجے میں لوگ مایوس ہوئے ہیں سیاسی جماعتیں ایک کانفرنس منعقد کرکے قومی ایجنڈے کا تعین کرکے فیصلہ کریں کہ حکومت اور منتخب نمائندوں کا احتساب عوام کے ووٹ کے ذریعے ہو، شفاف الیکشن کے اصولوں کا تعین، آزاد خارجہ پالیسیاں تشکیل دی جائیں، شفاف معاشی نظام کیلئے پالیسی تشکیل دی جائے

بقیہ 70 مسعود خان کاکڑ

پشتون جبکہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان اور صوبائی آفس سیکرٹری نداسنگر نے شرکت کی اجلاس میں قلعہ سیف اللہ گوال اسماعیل زئی میں گزشتہ روز پیش آنے والے دہشتگردانہ واقعہ جس میں پشتونخوا ایپ کے جوان سالہ رکن مسعود خان کاکڑ کی شہادت اور ڈاکٹر جمعہ رحیم کے اغواء اور اس سلسلے میں قلعہ سیف اللہ کی سول انتظامیہ اور قلعہ سیف اللہ وژوب کے غیور عوام کی جانب سے پشتو دود کے مطابق تاریخی چغہ کی روایت کو تازہ کرتے ہوئے دہشتگردوں سے جمعہ رحیم کی بازیابی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے ضلعی سول انتظامیہ اور غیور عوام کو اس فوری اقدام پر آفرین اور شاباش دی ہے اجلاس میں کہا گیا کہ ملک کے استعماری حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے آج پشتونخوا وطن آگ وخون میں جل رہا ہے اور جعلی دہشتگردی کے نام پر بدترین بدامنی اور لاقانونیت مسلط ہے کیونکہ ریاست کی سیکورٹی فورسز اور ان کے اداروں کی یہ صلاحیت مسلمہ ہے کہ وہ محدود تعداد میں دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف ٹارگٹڈ کارروائی کرکے ان کا خاتمہ کریں لیکن اس کے برعکس اگر خدانخواستہ سیکورٹی فورسز اور ان کے اداروں کی یہ صلاحیت زنگ آلود ہوچکی ہے تو یہ صورتحال انتہائی خطرناک اور قابل افسوس ہے بیان میں پشتون غیور عوام سے پرزور اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے تاریخی روایات کو تازہ کرتے ہوئے اپنے سرومال وعزت اور اپنے وطن کی حفاظت کیلئے متحد ہوکر ہر قسم کی دہشتگردی، لاقانونیت، بدامنی، قبضہ گری اور اغواء کاری کے واقعات میں ملوث عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور اپنے علاقوں میں غیر لوگوں کو جگہ نہ دیں بیان میں ضلعی انتظامیہ پر زور دیا گیا ہے کہ مسعود خان کاکڑ کی شہادت اور ڈاکٹر جمعہ رحیم کے اغواء کاری کے دہشتگردی کا مقدمہ فوراً درج کرکے اس میں 7ATA کے دفعات شامل کئے جائیں اور مسعود خان کاکڑ شہید کے خاندان کو دہشتگردی کے قانون کے تحت معاوضہ دیا جائے بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ ژوب تا ڈیرہ اسماعیل خان اور خیبر پشتونخوا کے دیگر اضلاع اور بالخصوص سابقہ فاٹا تا سوات تمام علاقے دہشتگردوں کے نرغے میں ہیں اسی طرح جنوبی پشتونخوا کے علاقے ژکی، ہرنائی اور دیگر علاقوں میں تمام تر کاروباری زندگی مفلوج ہے اور عوام کے سرومال اور عزت کا تحفظ نہیں اور نام نہاد فارم 47 کی حکومتوں کے ذریعے اس سنگین صورتحال کا مقابلہ بھی ممکن نہیں۔ اجلاس میں پشتون تحفظ موومنٹ کے رہنماء اور سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کی مسلسل گرفتاریوں اور انہیں بدنام زمانہ قانون تھری ایم پی او میں مسلسل بند رکھنے کی شدید مذمت اور مطالبہ کیا گیا کہ علی وزیر کو فی الفور رہا کیا جائے۔ اجلاس میں معصوم بچے منصور خان کی تاحال عدم بازیابی پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا اور اجلاس میں مطالبہ کیا گیا

بقیہ 71 حکومت

ملک میں ہر جانب افراتفری مہنگائی بدامنی کا دوردورہ ہے حالات کو سدھارنے کیلئے ضروری ہے کہ حکومت سیاسی اپوزیشن جماعتوں وقومی علاقائی جماعتوں کی گول میز کانفرنس بلاکر مسائل گفت وشنید کے ذریعے حل کئے جائیں ملک مزید سیاسی بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا طاقت اور محاذ آرائی کی وجہ سے پاکستان سیاسی عدم استحکام کا شکار ہے سیاسی بات چیت سیاسی مسائل کے حل اور درپیش بحران کے خاتمے کا واحد راستہ ہے انہوں نے کہا کہ ڈرانے دھمکانے سے مسائل حل نہیں ہوسکتے طاقت کے استعمال نے ملک کو آئینی، سیاسی اور معاشی بحرانوں سے دوچار کیا ہے ملک میں طاقت کی بجائے آئین کی حکمرانی کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ حکومت ملک کو مزید آئینی بحرانوں کی دلدل میں نہ دھکیلے انہوں نے کہا کہ تصادم کی سیاست سے ہمیشہ جمہوریت اور ملک کو نقصان پہنچا جس کا خمیازہ قوم بھگت رہی ہے

بقیہ 72 انسداد دہشت گردی

سیکرٹری داخلہ یقینی بنائیں سردار لطیف کھوسہ کو بیرون ملک جانے سے نہ روکا جائے، سیکرٹری داخلہ عدالتی حکم سے نیب، ایف آئی اے، پولیس اور امیگریشن اتھارٹیز کو بھی آگاہ کریں، سردار لطیف کھوسہ نے ٹکٹ پیش کیا وہ کینیڈا جانا چاہتے ہیں، لطیف کھوسہ ہائیکورٹ اور انسداد دہشت گردی عدالت میں شورٹی بھی جمع کرائیں، اسلام آباد ہائی کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 6 فروری تک ملتوی کردی۔

بقیہ 73 پشتون قومی تحریک

کی طویل قید وبند سے رہائی کے بعد نیپ سے پشتون قومی وحدت کے نہ بننے کے سوال پر اختلافات سامنے آئے تھے اور خان شہید نے پشتونخوا میپ کی بنیاد رکھی عبدالرزاق خان دوتانی نے اس مشکل صورتحال میں خان شہید کا ساتھ دیکر وطن اور جمہوریت دوستی کا ثبوت دیا تھا ملکی سیاست میں ایم آر ڈی کے پلیٹ فارم سے ان کا رول اور کردار مثالی تھا پشتون قومی تحریک میں ان کا نمایاں کردار رہا ہے جسے کسی صورت میں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، انہیں آج بھی ایک مخلص وطن دوست، سیاسی جمہوری کارکن کے طور پر یاد کیا جاتا ہے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، ضلع کوئٹہ کے سینئر معاون سیکرٹری جمشید دوتانی نے عبدالرزاق دوتانی کی 37 ویں برسی کے موقع پر پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل کچلاک کے زیر اہتمام اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس کی کارروائی تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ نے سرانجام دی اجلاس میں پارٹی کے دیگر صوبائی، ضلعی اور تحصیل کے ایگزیکٹوز وکمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی مقررین نے کہا کہ آج ملک میں آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہور کی حکمرانی کی مکمل پامالی جاری ہے

حکومتی دعوؤں کے برعکس مہنگائی کی اڑان 18 اشیاء کے نرخ بڑھ گئے

مہنگائی بڑھنے کی شرح سالانہ بنیادوں پر 1.90 فیصد پر آگئی، 10 اشیا کی قیمتوں میں کمی، 23 کے نرخ مستحکم رہے

مہنگی ہونے والی اشیاء میں دال مونگ، کوکنگ آئل، چینی، گھی، بریڈ، لہسن، جلانے کی لکڑی وغیرہ شامل ہیں، ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں ایک ہفتے کے دوران 18 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ادارہ شماریات نے ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کر دیے، رپورٹ کے مطابق مہنگائی کی ہفتہ وار شرح میں 0.65 فیصد کمی ہوئی، ایک ہفتے میں دال مونگ 2.56 فیصد مہنگی ہوئی، 5 لیٹر کوکنگ آئل 1.56 فیصد، چینی 1.23 فیصد مہنگی، ایک ہفتے میں گھی، بریڈ، لہسن، جلانے کی لکڑی .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری توانائی محمد داؤد بازئی سے چیئرمین زمیندار ایکشن کمیٹی ملک نصیر شاہوانی، حاجی عبدالرحمن بازئی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

ٹریفک حادثہ تیز رفتار ٹرالر نے سواریوں سے بھرے رکشے کو ٹکر ماردی ڈرائیور موقع پر جاں بحق

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار قومی شاہراہ مقامی ہوٹل کے سامنے ٹریفک حادثہ تیز رفتار ٹرالر نے سواریوں سے بھرے رکشے کو ٹکر ماردی حادثے کے نتیجے میں رکشہ ڈرائیور موقع پر جاں بحق اور دو سواری شدید زخمی ہوگئے، جاں بحق ہونے والے کی شناخت .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

حادثے کا شکار مسافر کوچ سے تقریباً ڈیڑھ کروڑ مالیت کا اسمگل شدہ سامان برآمد

اوتھل (این این آئی) حادثے کا شکار مسافر کوچ سے تقریباً ڈیڑھ کروڑ مالیت اسمگل شدہ سامان برآمد، مسافر کوچز کی اسمگلنگ میں ملوث ہونے کا انکشاف، واضح رہے کہ کوئٹہ سے کراچی جانے والی اکثر مسافر کوچز غیر ملکی سامان کی اسمگلنگ میں ملوث .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

شعیب نوشیروانی کے گھر پر کریکر حملہ بلوچ روایات کے برعکس، سلیم کھوسہ

یہ گھناؤنا عمل امن، انسانیت اور معاشرتی اقدار پر حملے کے مترادف ہے، صوبائی وزیر مواصلات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات و پارلیمانی لیڈر مسلم لیگ (ن) میر سلیم احمد کھوسہ نے خاران میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی .... تعمیرات پارلیمانی لیڈر مسلم لیگ (ن) بلوچستان میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ یہ حملہ صوبہ اور بلوچ روایات کے برعکس ہے ہمارے بلوچ روایات میں .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کارروائی

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد پولیس کی فاتحی کے اوپر کامیاب کارروائی تین عورت سمیت چھ افراد گرفتار اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ایس ایچ او استہ محمد حسنین وارث کی ہدایات کی روشنی میں ڈی ایس پی غلام حسن کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ شکیل غازی عبدالرؤف جمالی بھاری .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

طلباء یونینز پر پابندی برقرار رکھنے کا فیصلہ قابل مذمت ہے، ثناء بلوچ

طلباء کا سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینا بنیادی اور تسلیم شدہ حق ہے، رہنما بی این پی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق رکن اسمبلی ثناء بلوچ نے طلباء یونینز پر پابندی برقرار رکھنے کے فیصلے کی شدید مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ طلباء یونینز اور سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینا ان کا بنیادی اور تسلیم شدہ حق ہے جو دنیا کی تمام بڑی جمہوری درسگاہوں میں رائج ہے، جن میں آکسفورڈ جیسی معروف یونیورسٹی بھی شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ طلباء یونینز قیادت، تنقیدی .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوامیپ کے سربراہ محمود خان اچکزئی سے سردار محمد اقبال خلجی ملاقات کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان سے سردار زادہ میر جان لانگو کی ملاقات

پی بی 36 قلات کے ضمنی انتخابات میں جیت میر جان لانگو کی ہوگی ہمیں ان پر فخر ہے، قائد جمعیت

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے بلوچستان کی صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی بی 36 قلات سے جمعیت علماء اسلام (ف) کے امیدوار سردار زادہ میر جان لانگو کی ملاقات، ملاقات میں قلات میں صوبائی اسمبلی کے ضمنی انتخابات کے حوالے سے گفتگو کی گئی اس موقع پر جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ سردار زادہ میر جان لانگو عوام کا درد رکھنے والے شخص ہیں اور عوام .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

حالات ابتر، غزہ میں واجبی سکول بھی بند ہو چکے ہیں، محمد عبدالقادر

اسرائیلی جارحیت کے حوالے سے مسلمان ممالک کے حکمرانوں کا رویہ منافقانہ ہے، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ گزشتہ 15 ماہ سے جاری اسرائیلی وحشیانہ بمباری سے بہت بری طرح سے متاثرہ غزہ کی پٹی جہاں رہی تعلیم کا سلسلہ بھی مکمل طور پر ختم ہو گیا ہے فلسطینی اساتذہ پناہ گزین کیمپوں میں کہیں کہیں عارضی کلاس روم قائم کر رہے تھے تاکہ معصوم بچے جنگ کی ہولناکیوں سے باہر نکل سکیں اور ان کے ذہنوں پر تباہ کن بمباری کے خوفناک اثرات کم سے کم ہوں لیکن اب .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت دہشتگردوں سے مقابلہ کر رہی ہے، فیصل جمالی

دہشتگردوں کا کوئی دین و ایمان نہیں غریب عوام کو نشانہ بنانا ظلم ہے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

زہری میں دہشتگردوں کی جانب سے تخریب کاری و عوامی املاک کو نقصان پہنچانا قابل مذمت ہے، بیان

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کا کوئی دین نہیں غریبوں کو نشانہ بنانا ظلم ہے حکومت بلوچستان دہشت گردوں سے مقابلہ کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے زہری میں .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گوادر نیو ایئرپورٹ کارگو کیلئے نہیں جنگی جہازوں کیلئے استعمال کیا جائیگا، بلوچ ملک

پہلے امریکہ و یورپ میں سیاہ فاموں کو ووٹ دینے کا حق نہیں تھا مگر اب صوبے میں بلوچ عوام سے ووٹ کا حق چھینا گیا ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

چائنا نے 65 بلین ڈالر گوادر کیلئے دیئے مگر کلائمیٹ چینج کے باعث گوادر ڈوب رہا ہے اور حکمرانوں کو کوئی پرواہ نہیں، رکن اسمبلی

اسٹیبلشمنٹ اور اشرافیہ کو بلوچوں سے کوئی سروکار نہیں انہیں صرف بلوچستان کی سرزمین چاہئے، گوادر میں جاری دھرنا سے خطاب

گوادر (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ممبر صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ چائنا نے 65 بلین ڈالر گوادر کیلئے دیئے مگر کلائمنٹ چینج کے باعث گوادر ڈوب رہا ہے اور حکمرانوں کو کوئی پرواہ نہیں انہوں نے کہا کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کوئی کارگو نہیں آئیگا بلکہ یہ ایئرپورٹ فضائی جنگی جہازوں کے لئے بنائی گئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پارٹیز اتحاد .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

نور محمد خان دمڑ کی وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات احسن اقبال سے ملاقات

کوئٹہ / اسلام آباد (اے این این) صوبائی وزیر خوراک نور محمد خان دمڑ نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات احسن اقبال سے وفاقی حکومت کے حلقہ انتخاب کے زیر التواء ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے انکے آفس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات کی ملاقات میں .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے سردار زادہ میر سعید جان لانگو ملاقات کر رہے ہیں

نواب زہری کی وزیراعلیٰ سندھ کی صاحبزادی کی دعوت ولیمہ میں شرکت

کراچی (این این آئی) چیف آف جھالاوان سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے کراچی میں وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی صاحبزادی کی دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے دولہا اور دلہن کے ساتھ نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار کیا۔

وفاقی حکومت نے بلوچستان کو نظرانداز کر دیا ہے، سردار اختر جان مینگل

بے روزگاری، غربت اور صوبے کے مسائل پر توجہ نہیں دی جا رہی، میر اسرار اللہ زہری

کراچی، کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے سربراہ و سابق وفاقی وصوبائی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کے درمیان ملاقات ہوئی رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے عوام کے مسائل کو نظر انداز کر دیا ہے .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کوشلک کے مقام پر تیل بردار کار کی ٹکر سے دو دوست جاں بحق

مستونگ (یو این اے) مستونگ کے علاقے کوشلک کے مقام پر تیز رفتار ایرانی تیل بردار کار کی ٹکر سے دو نوجوان جاں بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حافظ عزیز مشوانی اپنے دوست محمد انور محمد حسنی کے ہمراہ پنجپائی سے کوئٹہ جا رہے تھے کہ مستونگ .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

حب، مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق

واقعہ گڈانی کنڈ کے قریب پیش آیا فائرنگ سے جاوید اور عباس موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے، پولیس ذرائع

حب (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع حب میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے مقتولین پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنما کے رشتہ دار بتائے جا رہے ہیں پولیس کے مطابق گزشتہ روز حب کے علاقے گڈانی کنڈ کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد جاوید ولد محمد اسماعیل اور عباس ولد اسماعیل کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

لاس اینجلس میں آگ کی تباہ کاریاں، کروڑوں ڈالرز کے پرتعیش گھر بھی جل کر خاک

آگ تیز ہواؤں کے باعث پھیلتی گئی، ہزاروں سے زائد گھر اور کاروباری عمارتیں جل کر ختم، ہر طرف تباہی کے مناظر

ڈیڑھ لاکھ افراد نقل مکانی پر مجبور، فائر فائٹرز پانی کی کمی و دیگر مشکلات کے باوجود آگ بجھانے کی کوششوں میں مصروف

لاس اینجلس (بیورو رپورٹ) امریکی ریاست لاس اینجلس کے قریب جنگلات میں بھڑکنے والی ہولناک آگ نے ہالی ووڈ کے معروف اداکاروں کے رہائش کے مہنگے علاقے پیسیفک پالیسیڈ کو جلا کر راکھ کر دیا، امریکی میڈیا کے مطابق آگ تیز ہواؤں کے باعث پھیلتی گئی، ہزاروں سے زائد گھر اور کاروباری عمارتیں جل کر ختم ہو گئیں، ہالی ووڈ کی مشہور شخصیات جان گڈ مین سمیت انتھونی ہاپکنز اور مائلز ٹیلر .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بلوچستان بزنس سمٹ کے حوالے سے اجلاس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او عبدالکبیر زرکون بریفنگ دے رہے ہیں

محکموں میں بھرتیوں کے عمل کو میرٹ و شفافیت حاصل ہے، ظہور بلیدی

حالیہ کنٹریکٹ تعیناتیوں میں میرٹ کی پامالی کیخلاف تادیبی کارروائی کریں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی محکمہ تعلیم سمیت تمام محکموں میں بھرتیوں کے عمل کو میرٹ اور شفافیت کو اولین ترجیح حاصل ہے تاکہ بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو صوبے اور ملک کی خدمت کا موقع مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے محکمہ تعلیم سمیت تمام محکموں میں بھرتیوں .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

دریائے سندھ سے کینال نکالنے سے بلوچستان کا زرعی بیلٹ متاثر ہوگا، بلوچستان بار

کینال نکالنے کیخلاف سندھ کی قوم پرست پارٹیوں اور وکلاء کی جانب سے تحریک کی حمایت کرتے ہیں، راحب خان بلیدی

کوئٹہ / کراچی (آن لائن) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی امان اللہ خان کاکڑ نے دریائے سندھ سے کینال نکالنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ یہ ایک گہری سازش ہے جس سے سندھ بنجر بن جائیگی دریائے سندھ سے کینال نکالنے سے سندھ کے ساتھ ساتھ بلوچستان کا زرعی بیلٹ بھی سخت متاثر ہوگا، جس سے انسانی المیہ جنم لے سکتا ہے .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

لوئر کرم میں دھرنا ٹل تا پاراچنار شاہراہ بدستور بند، مظاہرین کا سڑک کھولنے سے انکار

ٹرکوں کے قافلے کئی روز سے شاہراہ کھلنے کے منتظر، مندوری میں دھرنا مظاہرین کیساتھ حکومت کے مذاکرات

مطالبات کی منظوری تک مین شاہراہ بند رہے گی، مظاہرین، مذاکرات کامیاب ہوتے ہی دوسرا قافلہ روانہ کریں گے، انتظامیہ

پشاور (بیورو رپورٹ) لوئر کرم میں دھرنا، ٹل تا پاراچنار شاہراہ بدستور بند، مظاہرین نے سڑک کھولنے سے انکار کر دیا، تفصیلات کے مطابق لوئر کرم مندوری میں دھرنے کے باعث ٹل تا پاراچنار مین شاہراہ بند ہے، شاہراہ پر دھرنا دینے والے مظاہرین نے کہا مطالبات کی منظوری تک مین شاہراہ بند رہے گی، مین شاہراہ کی بندش کے باعث کرم اشیائے خوردونوش کے مزید قافلے میں کھڑے .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ ایجوکیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت سینیٹر بشریٰ انجم بٹ کر رہی ہیں

بلوچستان میں جاری انسرجنسی میں پارٹی کو فریق نہیں بنا سکتے، این پی

رکن اسمبلی خیر جان بلوچ کا جاری کردہ بیان پارٹی پالیسی کے خلاف ہے، صوبائی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے پارٹی کے رکن اسمبلی خیر جان بلوچ کے جاری کردہ بیان .... اس ماحول میں ہم پارٹی کو فریق نہیں بنا سکتے ہماری جدوجہد سیاسی و جمہوری انداز سے ہے اور پارٹی کا ......

کی مروت میں جائیداد کے تنازع پر فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق

کی مروت (بیورو رپورٹ) کی مروت میں جائیداد کے تنازع پر جرگے میں فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق، 5 زخمی ہو گئے، لاشوں اور زخمیوں کو ......

جان محمد روڈ پر ڈیری فارمز کا گندا پانی بہہ رہا ہے نوٹس لیا جائے، قاری مہر اللہ

ڈیری فارمز کو شہر سے باہر منتقل کرنے کے عدالتی حکم پر عمل کرایا جائے، امیر جمعیت نظریاتی کوئٹہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی .... تعفن سے علاقوں میں بیماریاں پھیل رہی ہے بلکہ سٹاف پر ڈیری کے گندے پانی کی نکاسی نہ ہونے سے ......

وزیراعظم کی قیادت میں معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے، بیرسٹر عقیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کی .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پشتون آباد پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی چرس برآمد

دوسری کارروائی میں لینڈ مافیا کی دکانوں اور زمین پر قبضے کی کوشش ناکام بنا دی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پشتون آباد پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی منشیات اسمگلر گرفتار بھاری مقدار میں چرس برآمد جبکہ لینڈ مافیا کی جانب سے دکانوں اور زمین پر قبضے کی کوشش ناکام بنا دی پولیس کے مطابق ایس ایچ او پشتون آباد شاہد قدیر .... خان کو خفیہ اطلاع ملی تھی منشیات اسمگلر حاجی محمد پشتون آباد کے علاقے عثمان باغ میں موجود ہے جس پر دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے اسمگلر کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں چرس قبضے میں لے لی .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹیٹ بینک نے ایکسچینج کمپنیز کو وی پی این کے استعمال کی اجازت دے دی

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک نے ایکسچینج کمپنیز کو وی پی این (ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک) کے استعمال کی اجازت دیدی، اقدام کا مقصد کرنسی کے تبادلے، ترسیلات زر، اور یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی جیسے اہم آپریشنز کو محفوظ بنانا ہے، اسٹیٹ بینک کے مطابق مذکورہ .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور افغانستان کے کاروباری برادری تجارت کو سیاست سے الگ رکھے، چیمبر آف سال ٹریڈر

ملک میں ہر سال اربوں روپے کی گندم خراب ہو جاتی ہے .... پاکستانی سرمایہ کار افغانستان میں موجود سرمایہ کاری کے مواقعوں سے مستفید ہونے کیلئے آگے .... چیمبر آف .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب میں کسان دشمن پالیسی چل رہی ہے، شیخ وقاص اکرم

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے مسلم لیگ (ن) کی حکومت پنجاب کے اقدامات پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب میں کسان دشمن پالیسی چل رہی ہے، پشاور میں صوبائی مشیر خزانہ مزمل اسلم کے ہمراہ .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق مستحق خواتین میں سامان تقسیم کر رہے ہیں، فرح عظیم شاہ

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ کی کوشش سے مستحق افراد میں سامان تقسیم کرنے کے پروگرام منعقد ہوا .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ہر سال اربوں روپے کی گندم خراب ہو جاتی ہے، عبدالواحد بڑیچ

گندم کی دوسری فصل تیار ہونے کے قریب ہے مگر ابھی تک گزشتہ سال کی گندم ریلیز نہیں کی گئی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے عبدالواحد لالا نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت ہر سال اربوں روپے کی گندم سرکاری گداموں میں ذخیرہ کر کے عوام یا فلور ملز کو دینے کی بجائے خراب کرنے پر تلے ہوئے ہیں گزشتہ دو سالوں سے بلوچستان حکومت نے اربوں روپے کی گندم گداموں میں ذخیرہ کیا ہے جس کو نیلامی یا فائینڈ کی بجائے خراب کر رہے ہیں اب گندم کی دوسری فصل تیار ہونے کے قریب ہے لیکن حکومت نے ابھی تک گندم کو .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے افسران کی عیاشیاں آڈٹ رپورٹ میں ڈیڑھ ارب کے گھپلوں کی نشاندہی

2017ء سے 2022ء کے دوران ڈیڑھ ارب سے زائد کے گھپلوں کی نشاندہی بلوچستان اسمبلی نے آڈٹ رپورٹ پی اے سی کے سپرد کر دی

ضرورت کے برعکس کتابوں کی مشکوک پرنٹنگ سے قومی خزانے کو کروڑوں کا نقصان پہنچایا گیا، آڈیٹر جنرل پاکستان

کاغذ و پرنٹنگ میٹریل کی خریداری میں تقریباً 53 کروڑ 80 لاکھ، وینڈرز کو غیر ضروری رعایت دینے سے 23 کروڑ 85 لاکھ کی بے قاعدگی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آڈیٹر جنرل پاکستان نے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے حوالے سے آڈٹ رپورٹ میں 2017ء سے 2022ء کے دوران ڈیڑھ ارب روپے سے زائد کے گھپلوں کی نشاندہی کر دی بلوچستان اسمبلی نے آڈٹ رپورٹ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سپرد کر دی آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے حوالے سے آڈٹ رپورٹ تیار کر کے صوبائی اسمبلی میں پیش .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

علمائے حق نے ہمیشہ باطل قوتوں کا مقابلہ کیا ہے، حافظ حمد اللہ

انگریز کے گھوڑے نہلانے والے غلام ابن غلام آزادی و حریت کی قدر کیا جانیں

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ باطل قوتوں کے سامنے ہمیشہ علمائے حق ہی سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنے ہیں، سامراجی قوتوں کی سامراجیت کا جنازہ خطے سے ہمارے اکابر و اسلاف کی قربانیوں اور جدوجہد کے مرہون منت نکلا، انگریز کے گھوڑے نہلانے والے غلام ابن غلام آزادی و حریت کی قدر کیا جانیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جامعہ فتح العلوم رحیمیہ ضلع ملتان .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

حالات جیسے بھی ہوں معاشرتی اصلاح کیلئے کام کرتے رہیں گے، مولانا عبدالواسع

مدارس دینیہ کو اسلامی معاشرت میں علم کا مینار کہا جاتا ہے جہاں اسلامی علوم کی تدریس اور طلباء کو اخلاقی و روحانی تربیت بھی دی جاتی ہے، صوبائی امیر جمعیت

اقتدار کی سیاست کو جمعیت ثانوی حیثیت دیتی ہے، ہمیشہ مدارس دینیہ کے استحکام اور انکے حقوق کی حمایت کیلئے آواز بلند کی ہے

جمعیت کو عالمی سطح پر سازشوں کا سامنا، مقصد اسے راستے سے ہٹانا ہے، مدرسہ دارالعلوم صدیقیہ کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع امیر جمعیت علماء اسلام ضلع پشین مولانا کمال الدین، ایم پی اے حاجی اصغر ترین و دیگر کا مدرسہ دارالعلوم اسلامیہ صدیقیہ کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب صوبائی امیر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ مدارس دینیہ کو اسلامی معاشرت میں علم کا مینار کہا جاتا ہے وہ ادارے ہیں جہاں اسلامی علوم کی تدریس ہوتی ہے اور .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

سبی ولیزی کیلئے ترقی وخوشحالی کے دروازے کھول دیں گے، سردار کوہیار ڈومکی

پی پی ناقابل تسخیر سیاسی جماعت جو شہداء کے اصولوں پر کاربند ہے، صوبائی وزیر لوکل گورنمنٹ

تعلیمی معیار اور صحت کی سہولیات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، کارکنوں سے بات چیت

سبی (اے این این) صوبائی وزیر لوکل گورنمنٹ و رہنما پاکستان پیپلز پارٹی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ناقابل تسخیر سیاسی پارٹی ہے قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید جمہوریت شہید بے نظیر بھٹو کے سنہری اصولوں کو اپناتے ہوئے عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے میں سرگرم .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی 51 سیالکوٹ سے کامیاب ن لیگی امیدوار کیخلاف درخواست خارج

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ کے الیکشن ٹریبونل نے پی پی 51 سیالکوٹ سے کامیاب ن لیگی امیدوار کے خلاف درخواست خارج کر دی جسٹس سلطان تنویر احمد نے بطور الیکشن ٹریبونل ن لیگی امیدوار کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دینے کی درخواست .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالرزاق خان دوتانی کی جدوجہد ہمارے لیے مشعل راہ ہے، رضا محمد رضا

پشتونخوامیپ ملی اکابرین کی وارث پارٹی کی حیثیت سے ان کی جدوجہد کا تسلسل ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا نے کہا ہے کہ ملی مبارز پشتون قومی سیاسی تحریک کے ممتاز رہنما ارواشاد عبدالرزاق خان دوتانی کی زمانہ طالب علمی سے لیکر زندگی کے آخری لمحے تک تمام عمر تاریخ ساز جدوجہد، قربانیاں، انتھک محنت اور اپنے محبوب وطن، غیور عوام مظلوم انسانیت سے والہانہ محبت اور پارٹی کے تمام امور پر تاریخی عبور اور اعلیٰ رہنمائی پر مبنی تاریخی کردار قابل تحسین اور قابل تقلید ہے، پشتونخوامیپ .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیلم منیر کے ولیمے کی دلکش تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستانی ڈرامہ اور فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ نیلم منیر اپنی خوبصورتی اور شاندار اداکاری کے باعث شائقین کے دلوں میں خاص مقام رکھتی ہیں، حال ہی میں نیلم منیر رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئیں اور مہندی، نکاح اور برات کی تصاویر سوشل میڈیا پر گردش کر رہی تھیں

جہاں جنگل کا قانون ہو وہاں بغاوتوں کے اندھیرے چھا جاتے ہیں، مولانا عبدالرحمان

عدل وانصاف کسی بھی معاشرے کی بنیاد اس کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی، ضلعی امیر جمعیت

مدارس اسلامیہ معاشرے کی تعمیر اور اخلاقی تربیت کا گہوارہ ہیں، دستار فضیلت کی تقریبات سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق نے مختلف مدارس کی سالانہ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انصاف کے قتل سے ملک کی روح ختم ہو سکتی ہے جہاں جنگل کا قانون ہو، وہاں ترقی کی روشنی مدھم ہو جاتی ہے اور بغاوتوں کے اندھیرے چھا جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ عدل و انصاف .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

انٹرنیٹ کا مسئلہ حل کرنے کیلئے کوئی ٹائم فریم نہیں دے سکتے، پی ٹی سی ایل

مسئلے کے جلد از جلد حل کو یقینی بنانے کیلئے تندہی سے کام کر رہے ہیں، ترجمان عامر پاشا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی سست روی کا مسئلہ .... پاشا نے کہا ہے کہ سست روی سے نمٹنے کیلئے پی ٹی سی ایل نے اضافی بینڈ وڈتھ کا انتظام کیا جس سے کسی حد تک انٹرنیٹ کی سست روی کا مسئلہ حل ہو گیا ہے تاہم ٹیلی کام آپریٹرز نے کہا جا رہا کہ کیبل کی مکمل بحالی .... ٹائم فریم نہیں دیا جا سکتا، پی ٹی سی ایل ترجمان عامر .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے اور پولیس کو خدیجہ شاہ کو ہراساں نہ کرنے کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہائی کورٹ نے ایف آئی اے اور پولیس کو پی ٹی آئی رہنما خدیجہ شاہ کو ہراساں نہ کرنے کا حکم دے دیا .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

طلباء تنظیموں کی سیاست پر پابندی قابل مذمت ہے، پشتونخوامیپ

پاکستان کے بانی قائداعظم محمد علی جناح نے خود مسلم لیگ کا طلباء ونگ مسلم ایس ایف بنایا تھا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے پریس ریلیز میں فارم 47 کے زر و زور اور نیلامی کے نام نہاد بے اختیار نمائندوں کی حکومت کی جانب سے تعلیمی اداروں میں طلباء تنظیموں کی سیاست پر پابندی کے بیان پر سخت حیرت اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی ایوان نمائندگان، عالمی عدالت کے اہلکاروں پر پابندیوں کا بل منظور

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی ایوان نمائندگان نے عالمی فوجداری عدالت کے اہلکاروں پر پابندیوں کا بل منظور کر لیا، غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی ایوان نمائندگان نے عالمی فوجداری عدالت کے اہلکاروں پر اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور سابق .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

معاشرتی زندگی سنوارنے کیلئے فورسز کی خدمات کی ضرورت نہیں، جماعت اسلامی

من گھڑت ومن مانی تشریح کی گرفت سے آزاد ہو کر سوچا جائے، اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کے صوبائی اعلامیہ میں آئی جی ایف سی ساؤتھ کی صوبے کے سرحدی علاقے جاتی میں ایلیٹس کو کے حامل قبائلی عمائدین سے ملاقات و مذموم اظہار خیال پر گرفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشی و معاشرتی زندگی سنوارنے کیلئے فورسز کی خدمات کی ضرورت قطعاً نہیں .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کے باعث آج پشتونخوا آگ میں جل رہا ہے، سیاسی جماعتیں

گرد و نواح سکیورٹی اداروں کی صلاحیت زنگ آلود ہو چکی ہے یہ صورتحال قابل افسوس ہے، نصر اللہ زیرے

پشتون غیور عوام اپنے سر و مال و وطن کی حفاظت کیلئے متحد ہو جائیں، اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتون ملی پاپ سیاسی جمہوری پارٹیوں کے رہنماؤں کا اجلاس پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر ثناء اللہ خان کاکڑ، زین اللہ درانی، این ڈی ایم کے صوبائی صدر احمد جان خان، صورت خان کاکڑ، عطاء، وفا، پی ٹی ایم کے صوبائی کوارڈینیٹر نور باچا، رحمت غرشتی، عبدالصمد .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

2024ء کے الیکشن کا فیصلہ عوام نہیں مقامی ہوٹل میں کیا گیا، لشکری رئیسانی

صوبے میں لوٹ مار کا بازار گرم، ملک کے تمام ادارے مفلوج، لوگ انہیں اپنے مفاد میں استعمال کر رہے ہیں، سابق سینیٹر

بلوچستان کا مسئلہ طبقاتی نہیں قومی اس کی غلط تعبیر کر کے صوبے کے لوگوں کو دست و گریباں کیا گیا، سینئر سیاستدان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں 2024ء کے الیکشن کا فیصلہ عوام نے نہیں مقامی ہوٹل میں کیا گیا، بلوچستان اسمبلی قانون سازی نہیں بلکہ عوام کے حقوق کی نیلامی ہو رہی ہے، سیاسی جماعتوں نے عوامی مفادات .... گروہی سیاست پر قربان کر کے سرمایہ داروں کا مرکز بن گئی ہے، صوبے میں لوٹ مار کا بازار گرم ہے، ملک .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے ٹیلی کام سیکٹر میں بہتری، پراجیکٹ کیبل 2 افریقہ کا آغاز

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کا ٹیلی کام سیکٹر ترقی کی جانب گامزن، حکومت پاکستان کی ٹیلی کام اور آئی ٹی سیکٹر میں بہتری کے لیے اقدامات جاری، حالیہ دنوں میں انٹرنیٹ فراہمی میں مسائل کے باعث حکومت پاکستان کی جانب سے Africa 2 Cable Project کا آغاز ہو گیا، Africa 2 Cable Project دنیا کا سب سے بڑا زیر سمندر نیٹ ورک ہے، منصوبہ 45000 کلومیٹر طویل .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کونے کونے سے مہمان نوازی ملی، امریکی سفیر کا الوداعی پیغام

چائے گپ شپ، قوالی، فن کے مظاہروں سے کرکٹ کھیلنے تک سب پر لطف اور فرحت تجربات رہے

شراکت داری کے نئے باب میں داخل، بطور سفیر تعیناتی کے دوران پاکستانی دوستوں کیساتھ کام کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے کہا ہے کہ بطور سفیر تعیناتی کے دوران پاکستانی دوستوں کے ساتھ کام کیا، شراکت داری کے نئے باب میں داخل ہوئے، 3 سالوں کے دوران بڑے چیلنجز کا سامنا کرنے کیلئے مل کر کام کیا، اسلام آباد سے جاری اپنے الوداعی پیغام میں ڈونلڈ بلوم نے کہا چیلنجز میں کورونا، 2022ء کا تباہ کن سیلاب، لاکھوں افراد کی بحالی میں مدد کی فراہمی شامل ہے، روزگار کے مواقع پیدا کیے .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی جمعیت نظریاتی کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، ایم پی اے علی مدد جتک کی حمایت میں استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں

شاہد خاقان عباسی کی جماعت عوام پاکستان پارٹی الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ

انٹرا پارٹی الیکشن بھی تسلیم، شاہد خاقان عباسی کنوینئر، مفتاح اسماعیل سیکرٹری جنرل ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کی جماعت عوام پاکستان پارٹی کو رجسٹرڈ کر لیا، نوٹیفکیشن کے مطابق شاہد خاقان عباسی پارٹی کنوینئر، مفتاح اسماعیل سیکرٹری جنرل ہوں گے، الیکشن کمیشن نے عوام پاکستان کے انٹرا پارٹی الیکشن بھی تسلیم کر لیے، عوام پاکستان نے 26 جون کو انٹرا پارٹی الیکشنز کی تفصیلات جمع کرائی تھی، عوام پاکستان پارٹی کے بعد الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تعداد 168 ہو گئی۔

پشین، چیئرمین پی اے سی رکن اسمبلی اصغر ترین ڈب خانزئی میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

پشتون عوام کو دیار غیر میں مسافرانہ زندگی گزارنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، پشتونخوامیپ

ایک طرف دہشتگردی، بدامنی کا دور دورہ دوسری جانب تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، گیس، بجلی، مہنگائی، بیروزگاری کا سامنا ہے، عبدالرحیم زیارتوال

صوبوں کی تشکیل کے بنیادی اصول سے روگردانی سے پشتونستان نہ بن سکا، مرحوم عبدالرزاق خان دوتانی کی برسی کے موقع پر اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے مرحوم عبدالرزاق خان دوتانی کی 37 ویں برسی کے موقع پر ان کی قومی سیاسی جمہوری خدمات پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قومی تاریخی لسانی و جغرافیائی بنیادوں پر صوبوں کی تشکیل کے بنیادی اصول سے نیپ قیادت کی روگردانی سے پشتون قومی وحدت پشتونستان نہ بن سکا، خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

لطیف کھوسہ کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کا نوٹیفکیشن معطل

اسلام آباد ہائی کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 6 فروری تک ملتوی کر دی

سیکرٹری داخلہ حکم سے نیب، ایف آئی اے، پولیس و امیگریشن اتھارٹیز کو بھی آگاہ کریں، ہائیکورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سردار لطیف کھوسہ کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کا 26 دسمبر کا نوٹیفکیشن آئندہ سماعت تک معطل کر دیا، اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا، سردار لطیف کھوسہ کو 24 جنوری تک بیرون ملک جانے کی اجازت مل گئی تحریری فیصلے میں کہا گیا .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت حالات سدھارنے کیلئے سیاسی جماعتوں کی گول میز کانفرنس بلائے، جمعیت نظریاتی

مہنگائی میں کمی، معیشت میں بہتری، امن کے قیام کیلئے حکمرانوں کے دعوے جھوٹے و بے بنیاد ہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مولانا اجمل قادری

طاقت اور محاذ آرائی کی وجہ سے پاکستان سیاسی عدم استحکام کا شکار ہے، مولانا احمد علی ثانی، مفتی شفیع الدین، حاجی عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا اجمل قادری مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا احمد علی ثانی مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ حکمرانوں کے مہنگائی میں کمی معیشت میں بہتری امن کے قیام کے تمام دعوے جھوٹے و بے بنیاد ہیں .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر